مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

جولائی 2018ء

روحانی ماہنامہ

تحفہ روحانیات

لاجواب استخارہ کریں اور پریشانیوں سے نجات پائیں

نماز کی اہمیت وفضیلت

تسخیر محبوب، تسخیر دولت

مندرہ کی مزید تحقیق

علم الاعداد اور آپ کی شخصیت

امراض کا علاج بالغذا

جولائی کے لکی نمبر

اعمال گرہن

حروف صوامت و گرہن

اوقات گرہن، اوج شمس

بزرگوں سے دعا کروائیں اور خوشحال ہو جائیں

دشمن خوف زدہ ہو کر بھاگ جائے

دشمن کا دماغ باندھ دیں

مفت کی دولت ملنے کا وظیفہ

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت 60 روپے فی شمارہ

عملیات پر نایاب ونادر قلمی بیاضیں

صدیوں پرانی

برائے مہربانی کتاب وی پی پی کرنے پر اصرار نہ کریں۔ ڈاک خرچ 50 روپے علیحدہ ہوگا

نام کتاب	تعارف
مجموعہ علم جفر، نجوم، عملیات (فارسی) 800 روپے	علم نجوم کے نقطۂ بزرگوں کا نایاب تحفہ، قلمی کا عکس
مراۃ النجوم 700 روپے	حکیم غلام قادر کی مشہور زمانہ نایاب کتاب، لاہور
لگن آفتاب (حصہ اول) 550 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی کی ہندی نجوم پر قدیمی کتاب، لاہور طبع قدیم
لطیف النجوم 600 روپے	نجوم پر ایک مکمل کتاب حیدرآباد دکن 1939ء
علم نجوم اور علم عجیبہ 700 روپے	قسمت کا حال، بھاگیا چکر، طلسمات، قلمی کا عکس
ستاروں کی تاثیر 600 روپے	لکی نمبرز کے کلیہ جات، علم نجوم کے ہیئت، 1355ء
سراج الزیل (فارسی) 650 روپے	نجوم پر ایک نایاب کتاب، کانپور 1908ء
خلاصۃ النجوم 650 روپے	ہندی نجوم کے قاعدے، گرہ لگن، پنچتر وغیرہ، لکھنو 1915ء
جوتش سار مالا 700 روپے	پنڈت کرشن کمار کتیلی کی نایاب تخلیق، امرتسر
جوتش کا قاعدہ 600 روپے	پنڈت رگھناتھ داس جوتشی، قواعد جوتش، لاہور
پرشن آفتاب 660 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی، سوال کا جواب جوتش سے، لاہور مطبوعہ قدیم
انتخاب النجوم 560 روپے	ماہنامہ برائے اودھی، علم نجوم پر قابل تعریف محنت، کانپور
آسان جوتش باتصویر 650 روپے	بخشی دیبت پرکاش شبھ اور اشبھ مہورت نکالنا، کمیاب
ابجد النجوم 650 روپے	سید ابوالحسن کی ایک قابل تعریف کاوش، لاہور

نام کتاب	تعارف
النجوم 800 روپے	نہ بھلانے والی تحقیق، نجوم کی مکمل تعریف، قلمی کا عکس
کوک شاستر 1200 روپے	شاستروں پر تحریر کردہ راز کا خزانہ
عملیات قریشی 650 روپے	مجرب اعمال جن کی تلاش رہتی ہے (ڈاکٹر محمد ابراہیم)
طلسمات منازل قمر 650 روپے	قمری منازل کے طلسمات محمد عبداللہ، لکھنو چوک
بیاض عملیات 800 روپے	ذاتی مجربات علامہ شاد گیلانی
علاج مقناطیس 1300 روپے	ایسی قوتوں سے علاج کرنا جو انسان کے اندر پوشیدہ ہوں
ٹیلی پیتھی (حصہ اول) 600 روپے	پوشیدہ قوتوں کو بروئے کار لاکر کامیاب زندگی گزارنا
ٹیلی پیتھی سیکھیے 1100 روپے	ارتکاز توجہ اور یکسوئی کی آسان مشقیں
گلزار تعویزات 750 روپے	تعویزات کی ایسی کتاب جس میں آسان عملیات
سورۃ مزمل سے مشکلات کا حل 650 روپے	ہر آیت سے متعلق مختصر اعمال
عملیات کلام پاک 650 روپے	قرآن پاک سے مختلف بیماریاں، مشکلات کا حل (ثناء اللہ قادری چشتی)
عملیات فاروقی 650 روپے	مولانا بشیر احمد کی نہ بھولنے والی کاوش
اعمال قرآنی 700 روپے	قرآنی اعمال پر منتخب کتاب
محفل حاضرات 1050 روپے	حاضرات کے مختلف طریقے اور ان کے قواعد

نام کتاب	تعارف
مفتاح الحاجات 1050 روپے	نادر عملیات کا خزانہ
جامع الاسرار 600 روپے	وہ اعمال جن کی اکثر تلاش رہتی ہے
تحفہ مشکل کشاء 650 روپے	روزمرہ زندگی میں پیش آنے والی مشکلات کا آسان حل
علاج بذریعہ جنتر منتر 570 روپے	پیچیدہ امراض اور مسائل کا حل، تحریر: بی آر ورما
حب سربستہ راز 650 روپے	حصول محبوب کے نایاب اور مجرب اعمال
ذخیرہ سکندر ذوالقرنین 670 روپے	طلسمات اور عملیات پر قدیمی کتاب
چشمہ طلسم 700 روپے	طلسمات کا خزانہ جس کے بعد کسی اور کی ضرورت نہیں
صبح کا ستارہ 600 روپے	قرانی فالنامہ و قرآنی عملیات
عمل تسخیر نظر 700 روپے	عملیات، مسخرات خاص و عام پر مشتمل کتاب
صحیفۃ النوار 450 روپے	خاص عملیات کا مجموعہ
تاثیرات اجتماع سیارگان 750 روپے	نجوم پر تحریر ہونے والی قدیمی کتب 1921ء
عملیات مقطعات 650 روپے	حروف مقطعات پر لکھی جانے والی جامع کتاب
عزیز الخلائق 550 روپے	زندگی میں مجرب مسخرات کا ایک ہی عمل کافی ہوتا ہے یہ عملیات کا خزانہ ہے
مجربات سلیمانی 700 روپے	مشہور تعویزات و نقوش انتہائی آسان اور پُر تاثیر

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 14 جولائی 2018ء شمارہ نمبر 01

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل
عابد کمالوی (ریذیڈنٹ ایڈیٹر روزنامہ ایکسپریس) ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ
ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)، بابا صدف انبالوی، علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، کامران بنگش
شہزاد رضوان حسین شاہ، منظور علی سموں، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

لیگل ایڈوائزر
محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
نماز کی اہمیت و فضیلت	03	آسان مجرب اعمال	25
جنات کی روحانی واردات	06	مسلم بھائی چارہ	27
ستاروں کی چال وظیفہ کا کمال	08	تحفہ روحانیات کا وٹس ایپ	33
اوقات گرہن، اوج شمس	10	امراض کا علاج بالغذا	33
آپ بھی جانئے! علامہ عتیق الرحمٰن	11	یہ ماہ کیسا رہیگا.....؟	34
لاجواب استخارہ	13	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	40
حروف صوامت و گرہن	14	جولائی کے لکی نمبر	41
زہرہ تسدیس مشتری	17	پیغامات	45
اعمال گرہن	18	آپکی ڈاک	46
مندرہ کی مزید تحقیق	21	کوپن	48
علم اعداد اور آپکی شخصیت	24	☆☆☆	☆

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری
انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 720/- روپے مع ڈاک خرچ

آفس
ادارہ روحانیات
نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ
0300-6351192
0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان ما به جنت اعلیٰ برابر است　　آهسته پا بنه که ملك سجده می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمَّد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کرکے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

شوال، زکات سورۃ مزمل

نوچندا اتوار سے روزہ رکھا جائے اور نوچندا جمعرات سے سورۃ مزمل روزانہ 49 بار 7 یوم تک پڑھی جائے۔ آٹھویں دن سے اس تعداد میں 7 کی کمی کرلیں۔ یعنی 42 بار پڑھیں گے۔ آئندہ مزید 7 روز بار تعداد کم کرکے 35 بار پڑھیں گے۔ مسلسل ہر 7 روز بعد 7 کی کمی کرلیں۔ یعنی 42 بار پڑھیں گے۔ آئندہ مزید 7 روز بار تعداد کم کرکے 35 بار پڑھیں گے۔ مسلسل ہر 7 روز بعد 7 کی تعداد سورۃ مزمل کم کرتے جائیں گے۔ آخری ساتویں ہفتہ صرف 7 بار پڑھنے کی تعداد رہ جائیگی اس کے بعد صاحب ورد سورۃ مزمل کا عامل ہوجائیگا۔ سورۃ مزمل سے متعلقہ تمام اعمال میں مدد لے سکتا ہے۔ بشرط کہ روزانہ سورۃ مزمل قبل نماز فجر 7 بار پڑھی جائے۔ تمام ورد میں درود مزمل اول و آخر 7 بار پڑھا جائیگا۔ دوران وظیفہ بدھ اور جمعرات کا روزہ رکھنا شرط اول ہے۔ تمام آداب وظیفہ کو نظر میں رکھیں رجعت سے بچنے کیلئے ہر وقت کلمہ استغفار کا ورد رکھیں۔ مشاہدات کے بارے میں کسیس سے ذکر نہ کریں۔

القرآن

"گناہ گاروں سے پوچھ رہے ہوں گے کہ آخر تمہیں دوزخ میں کون سی چیز گھسیٹ لائی تو وہ لوگ کہیں گے کہ ہم نہ تھے نماز پڑھنے والے"

(المدثر 43)

نماز کی اہمیت و فضلیت

تحریر:۔خوشنود علی نقشبندی (مری)

نماز دین کا ستون ہے۔جس نے اسے قائم رکھا تو اس نے دین کو قائم رکھا۔جس نے نماز کو ترک کر دیا اس نے دین کی عمارت کو گرادیا نماز مسلمانوں کے افضل اعمال میں سے ایک عمل ہے۔اسلام کے پانچ ارکان اور ستون ہیں۔ان ارکان کی تعمیل اور ادائیگی بہت ضروری اور لازم ہے۔ اسلام کے پہلے رکن میں کلمہ طیبہ یعنی کفر و شرک کے عقائد سے اجتناب اور اسلامی عقائد پر ایمان لانا ضروری ہے۔دوسرے رکن کا تعلق نماز کی اقامت ہے۔نماز ہر حالت میں ادا کرنا لازم ہے۔اسلام کے تیسرے رکن کا تعلق زکوٰۃ سے ہے۔اگر صاحب حیثیت ہیں تو شرعی احکامات کے مطابق اپنے مال و زر پر زکوۃ کی ادائیگی لازم ہے۔چوتھے رکن کا تعلق رمضان المبارک سے ہے اور اگر آپ صحت منداور تندرست ہیں تو رمضان المبارک کے تمام روزے رکھنا آپ پر فرض ہے۔اسلام کے آخری رکن کا تعلق حج سے ہے۔اگر آپ مال دار ہیں تو حج کرنا بھی لازم ہے۔قران میں نماز'' صلوٰۃ'' کے الفاظ میں استعمال ہوا ہے۔صلوٰۃ کے لغوی معنی یہ ہیں کہ کسی طرف رخ کرنا بڑھنا،دعا کرنا اور قریب ہونا۔قرآن مجید کی اصطلاح میں نماز کے یہ معنی ہیں۔اللہ کی طرف متوجہ ہونا۔اللہ تعالی کی طرف بڑھنا۔اللہ تعالی سے دُعا کرنا اور اللہ تعالی کے انتہائی قریب ہونا۔اس بارے میں ارشاد ہے''اور ہر نماز میں اپنا رخ ٹھیک اللہ کی طرف رکھو اور مخلصانہ اطاعت کے ساتھ اس کو پکارو'' (پارہ نمبر 8 سورہ الاعراف آیت 29) سورۃ العلق میں ارشاد ربانی ہے''اور سجدو کرو (اللہ سے) قریب ہو جاؤ'' (پارہ 30 سورۃ العلق آیت 19) حضرت محمد ﷺ کا ارشاد ہے''بندہ اپنے اللہ سے اس وقت سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے جب وہ اللہ کے حضور سجدہ میں ہوتا ہے'' (مسلم) ایک اور حدیث کے مطابق''تم میں سے جب کوئی نماز پڑھ رہا ہوتا ہے تو وہ اللہ سے مناجات کرتا ہے''۔

ایک مسلمان کا اولین کا فرض یہ ہے کہ وہ ہمیشہ نماز قائم کرے ارشاد ربانی ہے''بے شک میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں پس میری ہی بندگی کرو اور میری یاد کے لیے نماز قائم کرو'' (پارہ 16 سورۃ طٰہٰ آیت 14) ۔نماز کے بارے میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے''مومن اور کفر کے درمیان نماز ہی حد فاصل ہے'' (مسلم)۔حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ایک بیان کے مطابق حضرت محمد ﷺ کے زندگی کے آخری لمحات میں آپ کی زبان مبارک پر یہی کلمات تھے''نماز''''نماز'' (الدوب المفرد) نماز کی فضلیت کے بارے میں ارشاد ربانی ہے جو مسلمان فلاح یاب ہوتے ہیں ان کی صفت یہ بھی ہے کہ''اور جو اپنی نمازوں پر محافظت کرتے ہیں'' (پارہ 18 سورۃ المومنون آیت نمبر 9) نماز کی اہمیت کے بارے میں قرآن مجید میں ارشاد ہے''اپنے اہل وعیال کو نماز قائم کرنے کا حکم دیجئے اور خود بھی نماز کی پابندی کیجئے'' (پارہ نمبر 16 سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 132)۔

ارشاد نبوی ہے''اسلام پانچ چیزوں پر ہے۔گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور بلاشبہ حضرت محمد ﷺ اللہ تعالی کے رسول ہیں۔نماز قائم کرنا۔زکوۃ ادا کرنا۔حج کرنا۔اور رمضان کے روزے رکھنا (بخاری)۔ارشاد حضرت محمد ﷺ ہے''تمام معاملات کی اصل اسلام ہے اور اس کا ستون نماز ہے'' (ترمذی) حضرت محمد ﷺ کا ایک اور ارشاد ہے''بلاشبہ قیامت کے دن سب سے پہلے بندے سے اس کی نماز کا حساب ہوگا جس کی نماز صحیح اور مکمل ہوئی تو وہ کامیاب ہوگیا اور جس کی نماز خراب ہوئی وہ ناکام ہوگیا (نسائی) ۔نمازوں کی تعداد اور وضو کے بارے میں حضرت محمد ﷺ کا ارشاد ہے ''اللہ تعالی نے پانچ نمازیں فرض کی ہیں۔جس نے ان کے لیے اچھی طرح وضو کیا اور انہیں بروقت ادا کیا مکمل رکوع اور خشوع کے ساتھ نماز ادا کی اس کے لیے اللہ تعالی کا عہد ہے کہ وہ اسے ضرور بخشے گا اور جس نے یہ کام نہ کیا اس کے لیے اللہ تعالی کا کوئی عہد نہیں ہے چاہے معاف کردے چاہے اسے سزا دے'' (ابوداؤد)

حضرت محمد ﷺ نے اپنے آخری ایام میں اپنی امت کو خاص طور پر نماز ادا کرنے کی تاکید فرمائی۔اس بارے میں حضرت محمد ﷺ نے واضح الفاظ میں ارشاد فرمایا''لوگو! نماز کا خیال رکھنا۔لوگو! نماز کا خیال رکھنا۔اور اپنے غلاموں کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا'' (ابوداؤد)۔

حضرت محمد ﷺ کے زمانے میں جب کوئی کلمہ طیبہ پڑھتا اور اسلام کے حلقے میں داخل ہوتا تو سب سے پہلے اسے نماز پڑھائی اور سکھائی جاتی۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے احکامات میں گورنروں کو لکھے گئے خطوط میں سب سے زیادہ نماز پر زور دیا اور اپنے احکامات میں لکھا میرے نزدیک تمہارا اہم

ترین فریضہ اقامت صلوٰۃ ہے کیونکہ جس نے نماز کی حفاظت کی اور اس پر ہمیشہ قائم رہا اس نے اپنے دین کی حفاظت کی۔'' (کتاب وقوت الصلوٰۃ)

مندرجہ بالا قرآنی آیات اور احادیث سے نماز کی اہمیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔نماز کی ادائیگی ہر مسلمان پر لازم ہے۔حضرت محمد ﷺ نے نماز پڑھنے اور اسے وقت پر ادا کرنے کی فضیلت بیان کی ہے۔ارشاد نبوی ﷺ ہے ''پانچوں نماز کی پابندی آدمی کے تمام صغیرہ گناہ مٹا دیتی ہے''۔حضرت محمد ﷺ کا ارشاد ہے ''تم میں سے جس کے دروازے پر نہر ہو اور وہ اس میں روزانہ پانچ مرتبہ نہائے تو کیا اس کے جسم پر کوئی میل رہ سکتی ہے''؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''ایسی ہی پانچ نمازیں ہیں ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ گناہوں کو مٹا دیتا ہے'' (مسلم)۔نماز گناہوں کی آگ کو بجھا دیتی ہے۔اس بارے میں حضرت محمد ﷺ کا ارشاد ہے ''بے شک ہر نماز کیلئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فرشتہ صدا لگاتا ہے۔اے لوگو! اس آگ کو (بجھانے) کیلئے اٹھو جسے تم نے (اپنے گناہوں) کی بدولت اپنے لیے جلا رکھا ہے اور اسے نماز کے ذریعے بجھا دو'' (طبرانی)۔

بخاری شریف کی نماز کے بارے میں ایک بڑی اہم حدیث ہے حضرت محمد ﷺ ارشاد فرماتے ہیں ''جب اللہ تعالیٰ جہنمی لوگوں پر رحمت کرنے کا ارادہ کرے گا تو فرشتوں کو حکم دے گا کہ جس نے بھی (خالص) اللہ کی عبادت کی ہے اسے جہنم سے باہر نکال لو تو فرشتے انہیں پیشانیوں پر سجدوں کے نشان سے پہچان کر باہر نکال لیں گے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے آگ پر سجدے کے نشان کو جلانا حرام قرار دیا ہے''۔''نماز کی فضیلت کے بارے میں ایک اور ارشاد نبوی ﷺ ہے ''تیری آنکھوں کی ٹھنڈک کا باعث نماز ہے'' (نسائی)

نماز ادا کرنے کے لئے شریعت میں چند آداب اور شرائط کا ذکر ہے جن کی پابندی بطور مسلمان نماز کی ادائیگی کے لئے ہم سب پر لازم ہے۔نماز کی اولین شرط طہارت اور پاکیزگی ہے۔نماز کی ادائیگی کے لئے اپنے جسم و لباس کو اچھی طرح پاک صاف کر کے اللہ تعالیٰ کے ہاں حاضر ہونا چاہیے۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ''ایمان والو! جب تم نماز کے لیے اٹھو تو چاہیے تو اپنے منہ اور ہاتھ کہنیوں تک دھولو سر کا مسح کر لو اور پاؤں ٹخنوں تک دھولو اور اگر تم حالت جنابت میں ہو تو خوب اچھی طرح پاکی حاصل کر لو''

(پارہ نمبر 6 سورۃ المائدہ آیت نمبر 6)

دوسرا حکم خداوندی ہے:''اپنے لباس کو خوب اچھی طرح پاک صاف کر لو۔'' (پارہ نمبر 18 سورۃ المومنون آیت نمبر 9) نماز کے لیے وقت کی پابندی ہے۔قرآن مجید میں اللہ کا فرمان ہے ''پس نماز قائم کرو بے شک نماز مومنوں پر وقت کی پابندی کے ساتھ فرض کی گئی ہے۔'' (پارہ نمبر 4 سورۃ النساء آیت نمبر 103) وقت پر نماز کی ادائیگی کے بارے میں ارشاد نبوی ﷺ ہے ''بہترین بندے وہ ہیں جو سورج کی دھوپ اور چاند تاروں کی گردش کو دیکھتے رہتے ہیں کہ نماز کا وقت نہ فوت ہونے پائے'' (مستدرک حاکم)

نماز کی ادائیگی کے لئے تیسری شرط یہ ہے کہ نماز کی ادائیگی بلا ناغہ تسلسل سے کی جائے۔اس سلسلے میں قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہے ''مگر نماز پڑھنے والے جو التزام کے ساتھ ہمیشہ نماز پڑھتے ہیں۔(پ 29 سورۃ المعارج 22,23)

نماز کی ادائیگی کے لئے چوتھی شرط یہ ہے کہ نماز کی ادائیگی کے لئے خصوصی طور پر صف بندی کا اہتمام کرنا چاہیے۔نماز پڑھتے وقت صفوں کو بالکل سیدھا اور برابر رکھنا چاہیے۔حضرت محمد ﷺ کا ارشاد ہے ''اللہ کے بندو! اپنی صفیں سیدھی اور برابر رکھا کرو'' اس لئے کہ صفوں کو درست رکھنا اقامت صلوٰۃ کا ہی ایک جزو ہے'' (بخاری)

نماز کی ادائیگی کے لئے پانچویں شرط یہ عائد کی گئی ہے کہ نماز کی ادائیگی سکون واعتدال کے ساتھ کی جائے نماز کو سکون واطمینان کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر ادا کیا جائے تاکہ قرآت، قیام، رکوع، اور سجود تمام تر ارکان نماز کی ادائیگی احسن طریقے سے ہو۔اس بارے میں قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہے ''اور اپنی نماز میں نہ تو زیادہ بلند آواز سے بلکہ درمیانی روش اختیار کریں''

(پارہ نمبر 15 سورۃ بنی اسرائیل آیت 110)

نماز کے لئے چھٹی شرط یہ ہے کہ نماز ہمیشہ باجماعت ادا کرنی چاہیے۔اگر جان ومال کا کافی خوف ہو یا پھر شدید بیماری کی حالت میں مسجد میں نماز باجماعت ادا کرنے کی ہمت نہ ہو۔اس بارے میں ارشاد ربانی ہے ''اور رکوع کرو سب رکوع کرنے والو کے ساتھ'' (پارہ نمبر 1 سورۃ البقرہ)۔

ایک اور ارشاد ربانی ہے ''اور (اے نبی ﷺ) جب آپ مسلمانوں کے درمیان ہوں پس انہیں نماز پڑھانے لگیں'' (پارہ نمبر 4 سورۃ النساء آیت نمبر 102) حضرت محمد ﷺ کا ارشاد ہے ''جو شخص نماز باجماعت کے لیے موذن کی پکار سنے اور اس پکار پر دوڑ پڑنے میں اس کے لئے کوئی عذر نہ ہو (اور پھر بھی وہ جماعت سے نماز پڑھنے کے لئے نہ پہنچے اور تنہا نماز پڑھے تو اس کی وہ نماز خدا کے ہاں قبول نہ ہوگی)'' بعض لوگوں نے پوچھا عذر سے کیا مراد ہے؟ فرمایا ''جان ومال کا خوف ہو یا پھر کوئی مرض ہو''۔(ابوداؤد)

نماز کی ادائیگی کی ساتویں شرط یہ ہے کہ نماز کے دوران تلاوت قرآن میں ترتیل وتدبر ہو۔ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کرنی چاہیے۔ارشاد ربانی ہے ''یہ کتاب جو ہم نے آپ پر نازل کی ہے بابرکت ہے تاکہ لوگ اس کی آیتوں پر غور وفکر کریں

اور اصحاب عقل سے اس سے نصیحت حاصل کریں" (پارہ نمبر 23 سورۃ ص 29)

نماز کی ادائیگی کے لیے آٹھویں شرط کہ نماز کے ادائیگی کے دوران نماز پوری یکسوئی کے ساتھ اللہ تعالی کی طرف متوجہ ہو۔ اس بارے میں حکم خداوندی ہے کہ "نماز کے لیے اپنا رخ ٹھیک رکھو اور اسی کو پکارو اور اپنی عبادت کو اسی کے لیے خالص رکھو" (پارہ نمبر 8 سورۃ الاعراف)۔ ایک اور ارشاد ربانی ہے" اے مومنو! جب جمعہ کے دن نماز کے لیے پکارا جائے تو سارے کاروبار چھوڑ کر اللہ کے ذکر کی طرف بھاگ پڑو" (پارہ نمبر 28 سورۃ الجمعہ آیت نمبر 9)

نماز کی ادائیگی کی نویں شرط یہ ہے کہ اللہ تعالی کے ہاں انتہائی انکساری اور عاجزی کے ساتھ حاضری دی جائے۔ نماز کی ادائیگی کے وقت دل خدا کی عظمت وجلال سے لرز رہا ہو اور عجز و نیاز کی کیفیت ہونی چاہیے۔ حکم باری تعالی ہے کہ "اپنی نمازوں کی نگہداشت کرو خصوصا بہترین نماز کی اور خدا کے حضور ادب اور فروتنی کا پیکر بن کر کھڑا ہونا چاہیے" ایک اور ارشاد ربانی ہے "اور اپنے رب کو صبح و شام یاد کیا کیجئے دل ہی دل میں گڑگڑاتے ہوئے اور اس سے ڈرتے ہوئے اور پست آواز سے اور غافلوں میں سے مت ہونا"

(پارہ نمبر 8 سورۃ الاعراف آیت 205)

نماز کی ادائیگی کی دسویں شرط یہ ہے کہ نماز ہمیشہ خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرنی چاہیے۔ اس بارے میں اللہ تعالی کا ارشاد ہے "فلاح یاب ہو گئے وہ مومن لوگ جو اپنی نمازوں میں خشوع اختیار کرتے ہیں" (پارہ نمبر 18 سورۃ المومنون)

نماز کی ادائیگی کی گیارہویں شرط یہ ہے کہ نماز کی ادائیگی سے اللہ تعالی کا قرب حاصل ہوتا ہے ارشاد ربانی ہے "اور سجدہ کرو اور قریب ہو جاؤ"

(پارہ نمبر 30 سورۃ العلق آیت 19)

حضرت محمد ﷺ کا ارشاد ہے "بندہ اس وقت اپنے خدا کے بہت قریب ہوتا ہے جب اس کے حضور سجدہ ریز ہوتا ہے" (مسلم)

نماز کی ادائیگی کی بارہویں شرط یہ ہے کہ نماز کا حقیقی جوہر خدا کی یاد ہے ارشاد ربانی ہے "اور نماز قائم کیجئے میری یاد کے لیے"

(پارہ نمبر 16 سورۃ طہ آیت 14)

نماز کی تیرہویں شرط یہ ہے کہ نماز کی ادائیگی میں ریاء اور نمود و نمائش سے احتیاط برتی جائے۔ ارشاد ربانی ہے "پس تباہی ہے ان نمازیوں کے لیے جو بے خبر رہتے ہیں اور ریاء کاری کرتے ہیں" (پارہ نمبر 30 سورۃ الماعون آیت نمبر 4)

حضرت محمد ﷺ کا ارشاد ہے "جس شخص نے دکھاوے کی نماز پڑھی اس نے شرک کیا"

نماز کی ادائیگی کے لیے آخری شرط یہ ہے کہ مسلمان کا جینا مرنا صرف اور صرف اللہ تعالی کی اطاعت اور خوشنودی کے لیے ہی ہو۔ ارشاد ربانی ہے "بے شک میری نماز میری قربانی میری زندگی اور میری موت سب کچھ رب العالمین کیلئے ہے جس کا کوئی شریک نہیں اسی کا مجھے حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلے اپنے آپ کو اللہ کے سپرد کرنے والوں میں ہوں"۔

(پارہ نمبر 8 سورۃ الانعام آیت نمبر 162,163)

نماز کی ادائیگی نہ کرنے والوں کے لئے اور مشرکین کے لئے باری تعالی نے بہت سخت سزائیں مقرر کر رکھی ہیں۔ ارشاد باری تعالی ہے "بلاشبہ منافقین اللہ سے دھوکا کر رہے ہیں حالانکہ اللہ تعالی انہیں دھوکا دینے والا ہے۔ (ان کی نشانی یہ ہے) کہ جب وہ نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو نہایت سست کھڑے ہوتے ہیں"

(پارہ نمبر 5 سورۃ النساء آیت 142)

سورۃ توبہ میں مشرکین کے بارے میں ارشاد ہے "مشرکین کو جہاں پاؤ قتل کرو انہیں پکڑو اور انہیں گھیرو اور ان کے لئے ہر گھات کی جگہ بیٹھو اور پھر اگر وہ توبہ کر کے نماز ادا کرنے اور زکوۃ دینے لگیں تب انہیں چھوڑو۔" (پارہ نمبر 10 سورۃ التوبہ آیت نمبر 5) ایک اور ارشاد ربانی ہے "اگر یہ مشرک لوگ توبہ کر لیں اور نماز کے پابند ہو جائیں اور زکوۃ دینے لگیں تو تمہارے (دینی) بھائی ہیں ورنہ نہیں" (پارہ نمبر 10 سورۃ توبہ آیت نمبر 11)

ایک اور ارشاد نبوی ﷺ ہے "ہمارے اور ان کے (کافروں) کے درمیان نماز قائم رکھنے کا عہد ہے جس نے نماز چھوڑ دی اس نے کفر کیا" (ترمذی)۔

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے "جس نے نماز ترک کی اس کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں"۔ حضرت عبداللہ بن مسعود کا فرمان ہے "جو نماز چھوڑ دے اس کا دین اسلام سے کوئی تعلق نہیں"۔ حضرت عبداللہ بن شقیق کا فرمان ہے "صحابہ اکرام ترک نماز کے علاوہ کسی گناہ کو کفر نہیں سمجھتے تھے"۔ بے نمازی کے بارے میں قرآنی احکام ہیں "پھر ان (بنیوں) کے بعد نالائق لوگ ان کے جانشین بنے جنہوں نے نماز ضائع کی اور خواہشات کے پیچھے لگ گئے وہ عنقریب (اس) گمراہی کے انجام سے دوچار ہونگے"۔

(پارہ نمبر 16 سورۃ مریم آیت 59)

حضرت محمد ﷺ کا ارشاد ہے "جس نے نمازوں کی حفاظت کی قیامت کے دن یہ نماز اس کے لیے نور دلیل اور نجات کا سبب ہوگی اور جس نے اس کی حفاظت نہ کی اس کے لیے قیامت کے دن کوئی چیز دلیل نور اور نجات کا سبب نہیں ہوگی اور وہ شخص قارون ہامون اور فرعون اور ابی خلف کے ساتھ ہوگا" (مسند احمد)۔ ارشاد ربانی ہے "جہنمی کہیں گے کہ ہم نماز ادا نہیں کیا کرتے تھے" (پارہ نمبر 29 سورۃ المدثر آیت 43) اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ ہمیں سچے دل اور بغیر ریاء کاری سے نماز کا پابند بنائے۔ آمین ثم آمین

قسط 47 جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

تمام دوستوں اور شائقین روحانیات کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے حوصلہ افزاء پیغامات ارسال کئے ان پیغامات میں بھرپور طریقہ سے ''آپ بیتی'' کی پسندیدگی کا اظہار کیا گیا خاص طور سے بیرون ملک کے قارئین سعودیہ عرب' دبئی' عرب امارات' ہندوستان' بنگلہ دیش' ہانگ کانگ' امریکہ اور انگلینڈ کے قارئین کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اسی سلسلہ کو مزید بڑھاتے ہوئے اس ماہ جنات کی روحانی واردات کا اگلا حصہ حاضر خدمت ہے۔

جب ہم قبرستان کے قریب پہنچے تو ایک اور حیران کن بات تھی اکرم بیہوش ہونے کے قریب تھا وہ سر پکڑ کر زمین پر ہی بیٹھ گیا۔ پسینہ میں شرابور تھا جسم میں کپکپی تھی اس کی حالت مسلسل غیر ہو رہی تھی۔

کیا ہوا اکرام۔۔۔؟ اُس کو بازو سے ہلا کر پوچھا!

کپکپاتے ہاتھوں سے ایک جانب اشارہ کیا جہاں پر وہ قبور موجود تھیں۔ اُس کے حلق سے آواز نہ نکل رہی تھی۔

سامنے دیکھا تو اُس مقام سے وہ قبور غائب تھیں۔ کفن میں لپٹا سانپ مردہ حالت میں وہاں پڑا ہوا تھا۔ یہ بہت حیران کن بات تھی۔

اس حیرت انگیز معاملہ پر اکرم کی حالت کا غیر ہونا یقینی تھا۔

تعجب اس بات پر تھا کہ آخر یہ دونوں پرانی قبور اچانک یہاں سے کیسے غائب ہوگئی۔ اگر جگہ اور مقام ہم بھول چکے ہوتے تو پھر ایک کفن میں مردہ سانپ جسے ہم نے خود دفن کیا تھا باہر کیسے پڑا ہوا تھا۔

اکرم تم حوصلہ کرو گھبراؤ نہیں سب کچھ ٹھیک ہو جائیگا۔ مگر وہ مسلسل روئے چلا جا رہا تھا سسکیاں لے رہا تھا جیسے کہ اب وہ ہمت ہار چکا ہو۔

اللہ کی ذات سب سے بڑی ہے تمام شیطانی قوتیں اُس ذات اقدس کے سامنے کوئی حیثیت نہیں رکھتی ہم اللہ سے مدد مانگ رہے ہیں یقیناً وہی مدد کرنے والا ہے۔ چاہے شیطان اور کالی قوتیں کتنی ہی طاقت ور کیوں نہ ہوں کلام اللہ کے سامنے کبھی نہیں ٹھہر سکتیں۔ اکرم کو ایک بار پھر ہمت دیتے ہوئے بات کی لیکن وہ اپنے اعصاب مکمل طور پر ڈھیلے چھوڑ چکا تھا۔

اُسی مقام پر کھڑے ہوئے 3 بار سورۃ مزمل کا ورد کیا۔۔ اس سے کہا کہ اب تم اپنی آنکھیں بند کر لو جب تک میں نہ کہوں تم نے آنکھیں نہیں کھولنی۔

سورۃ مبارکہ کا ورد شروع کیا آندھی اور تیز ہوا چلنا شروع ہوگئی منظر خوفناک ہوتا گیا ہوا میں شور تھا اور ملتان کی گرد' گرمی اور قبرستان ویسے بھی دُنیا بھر میں مشہور ہیں۔ جیسا کہ کسی بزرگ نے فرمایا

چہار چیز از تحفہ ملتان گرد' گرما' گدا' گورستان

ملتان میں چار تحفے ہیں۔ آندھی اور گرمی' فقیر اور قبرستان

کچھ وقت بعد وہ آندھی تھمی اللہ کے حضور گڑگڑا کر دُعا کی۔۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت اور کرم سے ہماری دعا قبول فرمالی۔ جب آنکھیں کھول کر دیکھا تو یہ دونوں قبور اپنی جگہ پر موجود تھیں لیکن اس بات کا پختہ یقین ہوگیا کہ دشمن کی جانب سے ضرور کوئی جوابی کاروائی ہے۔

ہمت ہارے ہوئے۔۔۔ اکرم کے کاندھے پر ہاتھ رکھا جو کہ اب بھی سر جھکائے زمین پر بیٹھا تھا۔

دیکھو! اللہ پاک نے ایک بار پھر ہماری عزت رکھ لی کچھ بھی نہیں ہوا اور یہ دونوں قبور اُسی طرح موجود ہیں۔ اُس نے جونہی آنکھیں کھول کر دیکھی لاشعوری طور پر اُس کے منہ سے بلند آواز میں نکلا۔۔۔

ش ش ش شاہ صاحب! یہ کیا ہے؟

اب وہ پہلے سے زیادہ تعجب میں تھا۔

اس میں حیرانی کی کوئی بات نہیں اکرم! تم ان معاملات کو نہیں سمجھتے۔ اس قسم کے واقعات کا ہونا روحانی اور پراسرار دُنیا میں معمول ہے۔ ہمیں کسی بھی وقت اللہ سے نا اُمید نہیں ہونا چاہیے۔ ہمارے گناہوں کی وجہ سے دعاؤں کی قبولیت میں تاخیر ہوسکتی ہے۔

وہ ذات رحیم ہے اُس کے ہاں کسی چیز کی کوئی کمی نہیں۔ جب ہم مسلمان ایمان لائے ہیں اور ڈنکے کی چوٹ پر کہتے ہیں کہ کوئی اُس کا مقابل نہیں۔۔۔ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں۔۔۔ کوئی اسکا ہمسر نہیں تو پھر دوسری غیر مرئی قوتوں سے ہم کیونکر خوفزدہ ہوں۔

اُس کے جسم میں کچھ جان محسوس ہوئی۔ عجیب نظروں سے وہ کبھی میری طرف اور کبھی اُن دونوں قبور کی جانب دیکھ رہا تھا کچھ نہیں ہوا، اکرم ان کیلئے فاتحہ پڑھو۔ جونہی فاتحہ خوانی ہوئی اُسکو 7 بار آیت الکرسی کا حصار پڑھنے کیلئے

کہا گیا احتیاطاً ایک بار پھر حصار کر لیا لیکن ایک بات ذہن سے ہرگز نکل نہیں رہی تھی کہ بلا آخر اُس وقت یہ دونوں قبور کہاں غائب ہو گئی تھیں؟

قبرستان سے نکلتے ہی اکرم کو رخصت کرتے ہوئے کہا اب تم گھر جاؤ آرام کرو اگر تمہاری ضرورت پڑی تو میں کل تمہیں بلا لوں گا۔

کمرہ خاص میں ایک بار پھر مراقبہ کیا گیا کیونکہ تشویش اس بات کی تھی کہ قبرستان میں یہ عجیب واقعہ کیسے ہو گیا؟

حالت مراقبہ میں دیکھا گیا کہ یاسر، اکرم کی بیوی کو لے کر کسی اور جادوگر کے پاس پہنچ گیا وہ اندرون سندھ کا رہنے والا ہندو جادوگر تھا۔ اُس نے اُنہیں یقین دلایا کہ تمہیں کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکتا اسی جادوگر نے نظر بندی کے عمل سے اُس وقت دونوں قبور غائب کر دی تھی یعنی کہ قبور اپنی جگہ پر موجود تھیں مگر ہم دونوں کو نظر نہ آ رہی تھیں۔ سورۃ مزمل کی برکت سے اُس کا جادو ٹوٹ گیا' لیکن پہلے جادوگر کی طرح یقیناً یہ بھی خطرناک تھا۔

دل میں خیال آیا کہ یہ ایک نئی مصیبت کھڑی ہو گئی ہے اس طرح یہ لوگ "باز آنے والے نہیں کیا ہم ساری عمر ان کا توڑ اسی طرح کرتے رہیں گے یعنی کہ وہ جادو کرتے رہیں اور ہم انکا توڑ کرتے رہیں گے ضرور کچھ ایسا کرنا ہو گا کہ اُس جادوگر کو بھی سبق حاصل ہو اور ہماری بھی جان چھٹے۔

اس سلسلہ میں اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں ہوتا ویسے بھی ہمارا اُس کے سوا اور کون ہے۔ جو ہمارے لئے آسانیاں پیدا کرتا ہے اور مشکلات میں ہماری مدد کرتا ہے لہذا اسی نیت اور ارادہ سے اللہ کے سامنے سجدہ ریز ہو گیا۔ اے باری تعالیٰ! تو بہتر جانتا ہے کون حق پر ہے اور کون ناحق کسی کو پریشان کر رہا ہے۔ ہمیں ظاہری طور پر وہ جادوگر اور وہ شخص جو کہ کسی کا گھر تباہ کرنے پر تُلا ہوا ہے پریشان کرتے ہوئے نظر آتے ہیں میری مدد فرما، پھر تیرے کلام اور تیری رحمت سے اُن سرکشوں کو شکست دے سکوں اور یہ سب کچھ میں اکیلا تیرے بغیر کس طرح کر سکتا ہوں میری راہنمائی فرما بے شک تجھ سے بڑا راہنما کوئی نہیں۔ میری مدد فرما، جیسے ہی سجدہ سے سر اُٹھایا تو ایسا لگا کہ پورا کا پورا عمل صدیوں پہلے کسی نے پختگی کے ساتھ دل میں ڈال دیا ہو۔

اگلے روز صبح اکرم کو بلایا۔ اب ہمارا یہ آخری وار ہے اللہ نے چاہا تو ہمیں اس کے بعد مزید پریشانی نہ ہو گی۔ تم اس طرح کرو کہ 3 عدد پتلے سیاہ کپڑے کے بنوا کر لاؤ ان میں سے ایک بڑا ہو باقی دو ایک بالشت سے بڑے نہ ہونے چاہیے، چند ہی گھنٹوں میں وہ پتلوں سمیت حاضر ہو گیا۔

اچھا اب یہ کام تو ہو گیا اکرم' بھوج پتر عام پنساری کی دوکان سے مل جاتا ہے۔ نیلا تھوتھا' نیم کے پتوں کا عرق اور نیم کا قلم بنا لاؤ۔

جس کو غرض ہو اُس کیلئے یہ سب معمولی کام ہیں،، تقریباً 1 سے 1/2 گھنٹہ لگا وہ یہ تمام لوازمات لے کر آ گیا اتفاقاً یہ چاند کی اترتی ہوئی راتیں تھیں اس لئے کام زیادہ آسان ہوا۔ ہر ایک بھوج پتر کو دائیں ہاتھ میں پکڑا تکبیر کے ساتھ سورۃ الھب 80 بار پڑھی، پڑھنے کے بعد اس بھوج پتر پر پھونکی نیم کے عرق میں نیلا تھوتھا ڈال کر نیلی سیاہی تیار کر لی گئی تھی نیم کے قلم سے اس بھوج پتر پر سورۃ الھب دائرہ کی شکل میں تحریر کی جب آیت مبارکہ **سیصلی نارا ذات الھب** پر پہنچے یہاں پر اُس جادوگر کا تصور کیا گیا وراس آیت سے قبل ہندو جادوگر نا معلوم لکھا گیا۔ اب سورۃ مبارکہ مکمل ہونے کے بعد درمیان میں مقصد لکھا "الٰہی یہ نا معلوم جادوگر کسی شریف آدمی کا گھر تباہ و برباد کر رہا ہے اس کے جادو کو کلام پاک کی برکت سے فوری سلب فرما دے اسکو بھیانک سزا دے تا کہ یہ کسی دوسرے کا گھر خراب نہ کر سکے" ان میں سے جو سب سے بڑا پتلہ تھا اسے جادوگر تصور کیا گیا تیز دھار چھری سے اُس پتلے کا پیٹ چاک کیا گیا یہ بھوج پتر اُس کے پیٹ میں رکھا گیا۔ نیم کی خشک لکڑیاں اور کوئلے بھی منگوائے گئے تھے جب سورۃ الھب پڑھی جا رہی تھی اُس وقت میں وہ لکڑیاں بطور بخور دہکائی جا رہی تھیں اس پتلے کو اچھی طرح اُن لکڑیوں پر دھواں دیا گیا۔ بخور والی انگیٹھی کے بائیں جانب گرم جگہ پر یہ پتلا رکھ دیا گیا۔

دوسرا پتلہ لیا گیا درج بالا طریقہ سے سورۃ الھب تکبیر کے ساتھ پڑھی گئی بھوج پتر پر بالکل اسی طرح دائرہ کی شکل میں سورۃ الھب تحریر کی۔

درج بالا طریقہ کے مطاب جب آیت مبارکہ **سیصلی نارا ذات الھب** (یہ آیت مبارکہ ظالم مرد کے لئے استعمال کی جاتی ہے) پر پہنچے تو یہاں پر یاسر کا نام آیت مبارکہ کے شروع ہونے سے پہلے تحریر کیا گیا۔ درمیان میں مقصد لکھا گیا الٰہی یہ شخص جس کا نام یاسر ہے اس ہندو جادوگر کے ساتھ مل کر کسی کا گھر تباہ کر رہا ہے اس کو ہدایت عطا فرما اگر ہدایت اس کے نصیب میں نہیں تو عبرت ناک سزا دے تا کہ یہ اپنے بھیانک انجام کو پہنچ سکے۔ یہ پُتلہ اُس جادوگر کے پتلہ کے قدموں کی جانب رکھ دیا گیا،

تیسرا پُتلہ جس کے نین نقش سفید قلم سے باریک بنائے گئے لمبے بال ظاہر کئے گئے عورت کا تھا جس کو اکرم کی بیوی سے تشبیہ دی گئی۔ درج بالا طریقہ سے سورۃ الھب کا ورد کیا گیا جب آیت مبارکہ **حمالۃ الحطب** (عربی محاورا ہے جو کہ بغض کینہ رکھنے والی مکار عورت کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ یہ آیت مبارکہ ظالم عورت کے لئے استعمال کی جاتی ہے) پر پہنچے تو اس میں اُس عورت کا نام تحریر کیا گیا۔ جو کہ اکرم کی بیوی تھی۔

(باقی اگلے ماہ)

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

شمس تثلیث مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	05	07:37 تا 08:48	13:28 تا 14:36	جنوب مشرق	09:00 تا 09:48	جنوب مغرب

مفت کی دولت ملنے کا وظیفہ

(مقصد عمل) یہ ایسا وقت ہے کہ جس میں لکی نمبرز پرائز بانڈ، کمیٹی یا اسی طرح کے دوسرے انعامی چانس کی سکیموں میں مفت کی دولت مل سکتی ہے ستاروں کی اس نظر کے تحت غربت اور افلاس چند ہی دنوں میں ختم ہو جاتا ہے شرط ہے کہ آپ کی طرف سے عمل میں کوئی غلطی یا کوتاہی نہ ہو۔ ضروری ہی نہیں ہے اس عمل کی برکت سے آپ کا انعامی چانس نکلے بلکہ اللہ کی طرف سے کئی اور رستے بھی رزق کو فراغ کرنے کیلئے مل جاتے ہیں۔

(عمل) 1 تسبیح استغفار + 21 بار درود شریف + 21 سورہ مزمل + 21 بار درود شریف پڑھیں بعد میں ایک سفید کاغذ پر اسمائے الٰہی ''یا مغنی یا زکی''، ''یا مغنی یا لطیف'' 7 بار لکھیں اس کاغذ کو نقش کی صورت میں لپیٹ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں ہر روز 21 بار سورہ مزمل اول آخر درود شریف 21 بار بعد نماز فجر پڑھ کر اس باندھے ہوئے نقش پر پھونک دیں جو لوگ سورہ مزمل نہ پڑھ سکیں وہ مذکورہ اسم الٰہی کا ورد عمل کے وقت 117 بار کریں۔

عطارد مقابلہ مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	05	09:58 تا 11:08	14:38 تا 15:48	جنوب مشرق	21:48 تا 22:38	جنوب مغرب

دشمن کا دماغ باندھ دیں

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نحس نظر کے تحت مخالف پر بندش کاروبار ڈالنا یا اہل قلم کا قلم بند کرنا یا دشمن کی دماغی قوتوں کو بند کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے نیز دشمن پر کسی بھی قسم کا غلبہ دباؤ یا مصیبت و آفت طاری کرنے کیلئے عمل کی قوت سے کام لیا جاسکتا ہے لیکن یاد رہے کہ مذکورہ عمل کے تحت موکلات و جنات سفلی اس قدر غضب ناک ہوتے ہیں کہ اگر کوئی شخص بلا وجہ یا معمولی سی رنجش کی بناء پر کسی کو ناحق پریشان کرے گا تو عمل کی روحانی قوت کے تحت وہ شخص ایسی مصیبت اور پریشانی میں گرفتار ہوگا کہ تاحیات جان بخشی نہ ہوگی۔

(عمل) درج بالا ساعتوں میں سہہ جانور کا کانٹا جو کہ قبل از وقت مہیا کیا گیا ہو۔ لیموں کا عرق حاصل کریں بھوج پتر یا سیاہ کپڑے پر اس عرق کی سیاہی سے اس کانٹے کو بطور قلم استعمال کریں۔ مربع آتشی خاکی چال کا 306 عدد رفتار سے بلا کٹر پُر کریں۔ نیچے مقصد تحریر کریں۔ دشمن کا پہنا ہوا کپڑا یا بال مل جائے تو وہ اُس میں لپیٹ دیں۔ اب ایک لیموں کو کاٹ کر اس کے درمیان میں سہہ کانٹا پروتے ہوئے قبرستان میں دفن کر دیں۔ جس شخص کے لیے درج بالا ساعت میں بدعا کی جائیگی۔ اُس پر ویسے ہی مصیبت و عذاب نازل ہوگا لیکن قارئین اس عمل کو بلا اجازت ہرگز نہ کریں۔ قبل از عمل استخارہ لازمی کریں کیونکہ عمل نہایت سخت ہے استخارہ میں اجازت عمل ملے تو شوق سے کریں ورنہ دشمن کو معاف کرنا ہی آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔

(نوٹ) یہ عمل عام ہرگز نہیں صرف اہل علم کی خدمت میں اس نیت سے پیش کیا جارہا ہے کہ بوقت اشد ضرورت ظالم و جابر شخص کیلئے کیا جاسکے۔

عطارد تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	09	07:37 تا 08:47	12:18 تا 13:28	شمال مغرب	20:09 تا 21:00	شمال مشرق

دشمن کی عمارت تباہ کردیں

(مقصد عمل) آپ اس دوران ایسے دشمن کی جائیداد یا عمارت کو تباہ و برباد کر سکتے ہیں کہ جس عمارت میں غیر شرعی اور ناجائز کام ہوتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ ناجائز طریقہ سے کمائی گئی دولت سے شرفاء کو تنگ کرتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ کسی ظالم شخص کے ہاتھوں تنگ آچکے ہوں اور طاقتور شخص کے سامنے کمزور ہوں اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) 9 عدد ایسی قبروں کی مٹی حاصل کی جائے کہ جو لوگ قتل ہوئے

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

ہوں یا خودکشی کی گئی ہو یا کسی طویل بیماری کے سبب موت واقع ہوئی ہو ۔ان قبروں کی مٹی اکٹھی کرلیں بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے اس مٹی پر 90 بار سورہ الہب پڑھ کر اس مٹی پر پھونک دیں اور پھر کسی بھی وقت وہ مٹی اس عمارت میں ایسی جگہ پر ڈال دیں کہ جس جگہ پر مٹی ڈالنے سے اُس کی بے حرمتی نہ ہو ۔روزانہ 80 بار سورہ الہب بعد نماز عشاء 8 روز تک بلاناغہ پڑھیں۔

زہرہ تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
ہفتہ	14	10:09 تا 11:09	14:39 تا 15:38	مغرب	21:48 تا 22:39	جنوب

بزرگوں سے دُعا کروائیں اور خوشحال ہوجائیں

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر میں بزرگ خواتین سے اپنے مقصد کے حصول کیلئے دعا کروائی جاسکتی ہے یا بزرگ خواتین سے دنیاوی اور دینی فائدہ کے حصول کیلئے مدد لی جاسکتی ہے یا وہ بزرگ خواتین جو کہ اثاثہ مال وجائیداد رکھتی ہو اور کوئی شخص ان سے مالی فائدہ لینے کا خواہشمند ہو سیاروں کی اس نظر میں عمل کرسکتا ہے۔

(عمل) نیلے رنگ کے کاغذ پر دائرہ بنائیں اس دائرہ کے اطراف میں **یا اللہ یا غنی یا مغنی یا منعم بحق یغنیھم اللہ من فضلہ بحق کھیعص بحق حمعسق بحق آلر بحق المر** تحریر کریں اور درمیان میں اپنا مقصد لکھیں۔

فرض کریں کہ ایک شخص کسی بھی بزرگ عورت سے مالی یا روحانی یا والدہ سے وراثتی جائیداد چاہتا ہے تو وہ شخص اس طرح دائرہ کے درمیان اس طرح عزیمت لکھے گا۔ الٰہی بحرمت اسمائے مبارکہ وہ آیت مبارکہ حروف مقطعات فلاں بن فلاں کا دل میرے لئے اس قدر نرم کردے کہ (اپنا مقصد) فوری حل ہو بوسیلہ واسطہ **یا ایھا المزمل** ان شاءاللہ تعالیٰ چند یوم میں مقصد پورا ہوگا بشرط کہ درج بالا دعا مبارکہ مع اسم الٰہی روزانہ 313 بار اول آخر درود مزمل کے ہمراہ ورد میں رکھے۔

جو لوگ نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں درج بالا اسم الٰہیہ وآیت مبارکہ کے اعداد ابجد قمری استخراج کرکے نام مع سائل مع والدہ + اعداد مقصد + نام فرد حصول مقصد کل اعداد برآمد کرکے مربع خالی البطن تحریر کریں اور سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ باقی عمل ورد درج بالا طریقہ سے کریں۔

زہرہ تسدیس مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
اتوار	22	11:11 تا 12:20	14:39 تا 15:20	مغرب	21:48 تا 22:39	جنوب

تسخیر دولت، تسخیر محبوب

(مقصد عمل) سیاروں کی یہ نظر تسخیر دولت حصول مال کیلئے بہت مجرب ہے اس کے علاوہ اسی نظر کے تحت تسخیر محبوب کیلئے بھی اعمال کئے جاسکتے ہیں۔

(عمل) چاندی کی تختی پر **یا منعم یا معز یا باسط یا ودود** کل عدد 409 اسم الٰہی کے اعداد استخراج کرنے کے بعد اپنے نام اور پھر مقصد کے عدد شامل کردیں۔ کل اعداد حاصل کرنے کے بعد مخمس چاندی کی پلیٹ پر تیار کریں دوسری جانب دونوں سیاروں کا طلسم تحریر کریں قبل از عمل بخورات روشن کریں۔ تیار کی گئی لوح کو اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں روزانہ ورد درج بالا اسم الٰہی کا کریں۔ ان شاءاللہ تعالیٰ جلد ہی مقصد پورا ہوجائیگا۔ جو لوگ نقش تیار نہ کرسکیں وہ چاندی کی تختی یا ہرن کی جھلی پر درج بالا اسم الٰہی ساعت مبارکہ میں 409 بار ورد کریں ہر اسم کو 14 بار اطراف میں لکھیں درمیان میں اپنا مقصد تحریر کرنے کے بعد دونوں سیاروں کا طلسم بنائیں اور دی گئی ہدایت کے مطابق اپنے بازو پر باندھ لیں۔

شمس مقابلہ مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	27	11:11 تا 13:29	19:13 تا 20:55	جنوب مشرق		

دشمن خوف زدہ ہوکر بھاگ جائے

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت آپ اپنے دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے اور اُن کو زیر کرنے کے لیے کرسکتے ہیں۔

(عمل) 1 تسبیح استغفار کی اور 21 بار درود شریف + سورہ کوثر 0 8 بار + سورۃ الہب 0 8 بار + درود شریف پڑھنے سے پہلے 7 قبروں مٹی جمع کرلیں یہ تمام کچھ پڑھ کر اس مٹی کو دشمن کی طرف ہوا میں اُڑا دیں بعد میں 800 روپے کسی حق دار کو یا مسجد میں ڈال دیں مگر یہ یاد رکھیں کہ یہ عمل ناجائز کرنے پر بہت بڑے اور نحس اثرات ڈالتا ہے بعض اوقات ناجائز کرنے والے کی ہلاکت بھی ہوجاتی ہے جہاں اشد ضرورت ہو وہیں کریں۔

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کرلیا جائے (ادارہ)

ادارہ روحانیات

سورج گرہن

جزوی سورج گرہن 13 جولائی بروز جمعہ کو ہوگا۔ جبکہ سورج گرہن کا آغاز 06:49 پر ہوکر 08:01 پر مکمل ہوکر 09:13 پر ختم ہوگا۔ اس جزوی سورج گرہن کی کل مدت 2 گھنٹہ 42 منٹ ہوگی۔

جزوی سورج گرہن جن ممالک میں نظر آئیگا۔ ساؤتھ جنوبی آسٹریلیا سے ہوتا ہوا بحراوقیانوس پر ختم ہوگا۔

یہ شمسی گرہن برج سرطان میں 20.22 درجہ پر ہورہا ہے۔

یہ گرہن برج حمل' سرطان' میزان' جدی سے متعلقہ بروج کے افراد کو متاثر کریگا لہذا گرہن کی نحوست سے بچنے کیلئے دو رکعت نماز نفل برائے دفع نحوست گرہن ادا کریں۔ گرہن سے قبل سوا پاؤ سوجی کالے تل اور شکر پاس رکھیں بوقت عروج گرہن یہ اشیاء حشرات الارض کو ڈال دیں۔

اس کے علاوہ پانچ قسم کے سیاہ اناج کالی مرچ' لونگ سورج مکھی کے بیج کالا زیرہ' سیاہ تل مٹھی بھر لے کر صدقہ کی نیت سے خالی جگہ پر پھینک دیں بوقت گرہن نیلا اور سیاہ رنگ کا لباس استعمال نہ کیا جائے بہتر ہے کہ گرہن سے ایک دن قبل اور ایک دن بعد یہ رنگ نہ استعمال کریں۔ گرہن کے نحس اثرات کی وجہ سے متذکرہ بالا بروج کے افراد اگر کسی بیماری میں مبتلا ہے تو یہ مرض طوالت اختیار کر جائیگا۔ خاص طور سے دمہ اور سانس کی تکلیف پھیپھڑوں سے متعلقہ امراض یا وہ افراد جو کہ سانس اور خوراک کی نالی کے کسی بھی مرض میں مبتلا ہوں۔ گرہن کے اثرات کی وجہ سے ان امراض کی شدت میں اضافہ ہو جائیگا ایسی صورت میں صدقہ اور نوافل وقت گرہن ادا کر کے ان مشکلات سے بچا جاسکتا ہے۔

چاند گرہن

مکمل چاند گرہن 28 جولائی بروز ہفتہ کو ہوگا۔ جبکہ چاند گرہن کا آغاز 00 بجکر 29 منٹ پر ہوکر مکمل 01 بجکر 21 منٹ پر ہوتا ہوا 02 بجکر 13 منٹ پر ختم ہوگا۔ اس مکمل قمری گرہن کی کل مدت 1 گھنٹہ 44 منٹ ہوگی۔

یہ قمری گرہن برج دلو میں 6.47 درجہ پر ہورہا ہے۔ چاند گرہن کا نظارہ پاکستان میں کیا جاسکے گا اس کے علاوہ یورپ' ایشیاء' آسٹریلیا' افریقہ' جنوبی افریقہ' اٹلانٹک بحرین اور بحراوقیانوس میں دیکھا جاسکے گا

اوج شمس

سیارہ شمس کو بادشاہ فلک مانا جاتا ہے۔ یہ سیارہ عزت مال، دولت، جاہ وچشمت کا حاکم برج اسد کا مالک جب آسمان پر طلوع ہوتا ہے اس کی روشنی سے دیگر تمام سیارگان غروب ہوجاتے ہیں۔ سیارہ شمس کی دھات سونا، نگینہ ہیرا، مالک وحاکم دن اتوار ہے۔ وہ لوگ جو کہ عرصہ دراز سے مفلسی غربت تنگدستی کی زندگی گزار رہے ہوں اس خاص وقت در جہ اوج شمس میں اپنے لیے خاص الواح طلسمات یا چراغ شمسی تیار کروا کر اپنی قسمت جگا سکتے ہیں۔ اس ماہ 11 جولائی 13:21 تا 12 جولائی 14:33 درجہ اوج سے گزریگا۔ جب شمس برج سرطان کے 19 درجہ پر پہنچتا ہے تو اس حالت اوج میں بہت سے فائدے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ اس دوران شمس کی وہ ساعتیں جو کہ دن کے وقت میسر ہوں۔ اپنے امور کو انجام دینے کیلئے مددگار ثابت ہونگی۔ رات کی ساعتیں یعنی بعد غروب آفتاب تا قبل طلوع آفتاب کی کوئی ساعت شرفی شمسی قوتوں سے کام لینے کیلئے خاص اہمیت کی حامل نہ ہے۔

11 جولائی بروز بدھ

پہلی ساعت:۔ (رجال الغیب شمال) 19:18 تا 20:08

12 جولائی بروز جمعرات

دوسری ساعت:۔ (رجال الغیب مشرق) 01:09 تا 01:59

تیسری ساعت:۔ (رجال الغیب مشرق) 07:40 تا 08:49

حالت قمر

قمر در عقرب: 20 جولائی 06:12 تا 22 جولائی 15:12

ھبوط قمر: 20 جولائی 09:54 تا 11:45

قمر در ثور: 07 جولائی 17:50 تا 09 جولائی 21:58

شرف قمر: 07 جولائی 21:26 تا 23:13

ماہ رواں 'شادی بیاہ کی تاریخیں

3.4.7.8.10.13.14.16.17.28.29.30

محترم قارئین کرام نوٹ فرمائیں! کسی بھی گرہن کے دوران حاملہ خواتین بہت زیادہ محتاط رہیں۔ چھری سے کوئی شے نہ کاٹیں اور نہ ہی کوئی چیز توڑیں بلکہ اس دوران میں زیادہ سے زیادہ استغفار اور درود پاک کا ورد کریں۔ نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں۔ (ادارہ)

قارئین تحفہ روحانیات جب بھی کوئی نقش تحریر کریں تو نقش کی دوسری جانب طلسم لازمی بنائیں۔ **ادارہ روحانیات**

تحفہ روحانیات کے باقاعدہ لکھاری

آپ بھی جانئے! حکیم علامہ حافظ عتیق الرحمٰن ضیاء

ابصار حیدر: آپکا مکمل نام اور قلمی نام کیا ہے؟

عتیق الرحمٰن: میرا مکمل نام عتیق الرحمٰن ہے اور قلمی نام میں نے اپنے استادِ محترم علامہ ضیاء الحق صاحب سے متاثر ہو کر اپنا قلمی نام عتیق الرحمٰن ضیاء رکھا۔

ابصار حیدر: آپ نے کتنی تعلیم حاصل کی ہے؟

عتیق الرحمٰن میں نے بچپن میں قرآن مجید حفظ کیا ایم اے اسلامیات اور طب نبوی ﷺ کا کورس ایم ڈی ایس ایس اسلامی کونسل رائے حکمت (رجسٹرڈ) پاکستان کے ساتھ ساتھ تخصص فی الفقہ الاسلامی سے فیض یاب ہوا۔

ابصار حیدر: فی الوقت آپ کس شعبہ سے وابستہ ہیں؟

عتیق الرحمٰن: میں تقریباً 9 سال سے اسلامک اسٹڈیز کا ٹیچر ہوں اس کے علاوہ طبِ نبوی ﷺ کی پریکٹس کے ساتھ آسٹرولوجی، علم جفر، علم الاعداد و علم عملیات سے عرصہ دراز سے وابستہ ہوں۔ یہی اب اوڑھنا بچھونا ہے۔

ابصار حیدر: اتنے علوم پر دسترس حاصل ہونے کے باوجود کیا وجہ ہے کہ ابھی تک آپ کی کوئی تصنیف پڑھنے کو نہیں ملی؟

عتیق الرحمٰن محترم عرض یہ ہے کہ کسی بھی فن میں کوئی کتاب لکھنا نہایت باریک بینی اور تجربہ کا کام ہے۔ موجودہ دور میں تو اکثر کاپی رائٹ چل رہا ہے بہت کم افراد اپنی محنت و تجربہ سے کوئی تصنیف لکھ پاتے ہیں۔ بحر حال اللہ کے کرم سے بہت جلد ہی اپنے استادِ محترم کے سکھائے ہوئے فنون سے جلد ایک کتاب بنام "علم الاعداد و اسماء الحسنیٰ" کے عنوان سے شائع کرنے کا ارادہ ہے جو عاملین کیلئے ہی نہیں بلکہ عوام الناس کیلئے بھی نہایت فائدے مند ثابت ہوگی۔

ابصار حیدر: آپ کی یہ کتاب کن خواص کی حامل ہے؟

عتیق الرحمٰن محترم کوشش تو میں نے پوری کی ہے کہ وہ افراد جن کو تاریخ پیدائش کا علم نہیں اور نہ ہی اپنے نکاح کے وقت کا علم ہے اور نہ ہی وہ وقتی زائچہ کے چکر میں پڑتے ہیں تو ان کیلئے نام کے مفرد عدد ایک سے لیکر 9 تک کے اعداد کے خواص، مزاج و کردار پر روشنی ڈالی جائے اور ساتھ ساتھ ان کے نام کے عدد کی مناسبت سے ایسے اسماء الحسنیٰ ترتیب دیئے گئے ہیں جن کا اپنے مقصد کے مطابق ورد کریں اور اس کے ساتھ چاروں مزاجی چالوں کے مطابق نقوش بھی ہر عدد کے دیئے گئے ہیں۔

ابصار حیدر: آپ کے خیال میں روحانیت کیا ہے؟

عتیق الرحمٰن: روحانیت دراصل نام ہے روح کی پاکیزگی کا اور روح تب ہی پاک ہوگی جب انسان کی نیت صاف ہو اور انسان حقوق اللہ کے ساتھ ساتھ حقوق العباد کا لازمی خیال رکھے ایک مشہور صوفی بزرگ بلھے شاہؒ کا ایک شعر اس موقع پر یاد آرہا ہے آپ نے فرمایا:

مندر ڈھا دے، مسجد ڈھا دے، ڈھا دے جو کُج ڈھیندا
پر کسے دا دل نہ ڈھاویں، رب دلاں وچ رہیندا

روحانیت کو 80% لوگوں نے دم درود، نقوش اور تعویز گنڈا وغیرہ سمجھ لیا ہے۔ حالانکہ روحانیت روحیت سے متعلق ہے۔ روحانیت مادیت سے الگ ہے جو ہستیاں روحانیت کے اعلیٰ درجات پر پہنچ جاتی ہیں تو اللہ کے ولی یعنی اللہ کے دوست کہلاتے ہیں جنکا تعلق اپنے رب سے ہو جاتا ہے وہی اولیاء، فقراء دنیا و آخرت میں کامیاب ہیں کیونکہ یہی ہستیاں صراط مستقیم کا صحیح راستہ بتاتی ہیں۔

ابصار حیدر: علم الاعداد کا روحانیت سے کیا تعلق ہے؟

عتیق الرحمٰن: علم الاعداد ایک عددی فن ہے جسکا روحانیت سے کوئی خاص تعلق نہیں علم الاعداد ایک ریاضی علم ہے جس سے انسان کی شخصیت کو پرکھا جا سکتا ہے۔ اسی طرح عملیات، اعداد، نقوش کے حسابات، طلسمات، آسٹرولوجی (علم نجوم) یہ سب کے سب فنون ہیں جو کہ ایکلٹ سائنسز علوم میں آتے ہیں ان کا حاصل ہونا یا نہ ہونا رب کی قربت کا ذریعہ نہیں کیونکہ اگر یہ علوم روحانیت اور رب کی قربت کا ذریعہ ہوتے یا ان کو علوم روحانیت کا اعلیٰ درجہ دیا جاتا تو یہ سب فنون تو غیر مسلموں کے پاس بھی ہیں۔ جیسے کہ آسٹرولوجی کے اندر ویسٹرن آسٹرولوجی میں لیلیم ولی، کیپلر اور ویدک آسٹرولوجی میں مہاراشی پراسرا کا نام آتا ہے اسی طرح علم العداد کے اندر بھی انگریزوں نے کام کیا ان کی کئی کتابوں کا ترجمہ اردو میں ہمارے ہاں موجود ہے۔ عددی طلسمات پر بھی ہندو اور ویسٹرن مصنفین نے بڑا کام کیا۔ حاصل کلام یہ ہوا کہ روحانیت ان فنون کے سیکھنے یا سمجھنے کا نام نہیں روحانیت کیا ہے میں پہلے سوال میں اس کا ذکر کر چکا ہوں۔

ابصار حیدر: کیا کسی استاد کا ہاتھ سر پر نہ ہو تو انسان عامل بن سکتا ہے؟

عتیق الرحمٰن: محترم ابصار بھائی اس سوال پر ایک چھوٹا سا جملہ ہی کہوں گا کہ جس کا کوئی استاد نہیں وہ شیطان تو ہو سکتا ہے عامل نہیں۔

اختر بک ڈپو، بھوانہ بازار فیصل آباد۔ 0313-7091558 ادارہ روحانیات

ابصار حیدر: کالے علم بارے کیا کہیں گے ایک مسلمان ہونے کے ناطے؟

عتیق الرحمٰن ابصار بھائی سیدھی سی بات ہے کہ کالا علم کسی بھی طرح سے ایک مسلمان کیلئے قطعاً حلال نہیں ہوسکتا اور اگر کوئی اسے کسی اور زاویے سے حلال سمجھتا ہے تو وہ خود کفر کے درجے پر فائز ہے۔

ابصار حیدر کیا یہ بات ٹھیک ہے کہ کالے علم کا توڑ کالے علم سے ہی ہوتا ہے؟ اگر نہیں تو اس کی دلیل کیا ہے اور یہ سوال اکثر عاملین اور سائلوں کے ذہن میں ہے کہ کالے علم کا توڑ نوری علم سے نہیں ہوتا؟

عتیق الرحمٰن آپ کا یہ سوال بہت عمدہ اور نہایت اہمیت کا حامل ہے کوشش کروں گا کہ جواب کے ذریعے مطمئن کرسکوں پہلے سوال پر مجھے ایک حدیث پاک یاد آرہی ہے کہ جب ملعون یہودی لبید بن اعصم یا اسکی بہنوں نے نبی اکرم ﷺ کی ذات اقدس کی زلف مبارک کے چند بالوں پر جادو کیا جس کا اثر نبی پاک ﷺ پر معمولی سا ہونے لگا جس پر اللہ پاک نے فرشتوں کے ذریعے وحی نازل کی اور اپنے محبوب کو مطلع فرمایا کہ فلاں شخص نے آپ پر جادو کیا ہے تو اللہ پاک نے اس کے بچاؤ کی ترکیب پر سورۃ الفلق وسورۃ الناس نازل فرمائی اور پڑھنے کا طریقہ بتلایا۔ یہاں دو باتیں بڑی قابل غور ہیں امید ہے کہ میں سمجھا پاؤں پہلی بات اللہ کے محبوب امام الانبیاء فخر کُل رحمت اللعالمین پر جادو کا اثر کیوں کیسے ہوگیا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اس جادو کے اثر کو پہلے بھی روک سکتے تھے اور کیا جادو نبی کے علم سے بڑھ کر ہے کہ اس کا اثر نبی کی ذات اقدس پر ہوا اس میں دو اقوال فنِ اسماء الرجال کے ماہرین کے ہیں۔ پہلا قول یہ ہے کہ نبی پاک ﷺ پر جادو نہیں ہوا تھا کیونکہ یہ نبوت کے منافی ہے جبکہ دوسرا قول جو میں سمجھ پایا ہوں کہ نبی پاک ﷺ پر جادو کا اثر ہونے کا مطلب یہ ہے امت محمد یہ کو تعلیم دینا مقصود تھا کہ یہ یہودی اتنی ملعونیت پر اتر آئے ہیں کہ اللہ کے پیغمبر کو بھی نہیں چھوڑ رہے لہٰذا آنے والے وقت میں اس طریقے کے ساتھ تمہیں بھی یہ بڑے نقصان جادو سے پہنچا سکتے ہیں لہٰذا جو توڑ میں نے نبی پاک ﷺ پر نازل فرمایا وہ پوری امت کیلئے ایک تعلیمی حیثیت رکھتا ہے اور ایک باقوت اور پُر اثر وظیفہ ہے جو نبی پاک ﷺ کی زبان اقدس سے پوری امت کو تعلیم ہوا۔ اگر اس یہودی کے کالے علم کا توڑ کالا علم ہوتا تو اللہ پاک نبی پاک ﷺ کو نورانی علم عطا نہ فرماتے بلکہ ان سورتوں کے بجائے کوئی کالے علم کی عبارت بتلاتے لہٰذا یہ بات واضح روشن ہوگئی کہ کالے علم کا توڑ نورانی علم میں قوت کے ساتھ موجود ہے اور دوسرے سوال کا جواب یہاں پر یہ ہے کہ موجودہ وقت میں علم نورانی کی تاثیر آج بھی اتنی ہی ہے جتنی نبی پاک ﷺ کے زمانے میں تھی فرق صرف اتنا ہے کہ اب وہ زبانیں نہیں رہی نہ ہی وہ کردار واعمال رہے جس کی وجہ سے اثرات میں کمی بیشی معالج اور مریض دونوں پر ظاہر ہوتی ہے۔ ضمنی طور پر یہاں یہ بات بھی عرض کرتا چلوں کے اس مملکت خداداد کے دونوں اطراف بھی ملعون جادوگر موجود ہیں جو کہ اپنا وار کرتے رہتے ہیں ایک طرف انڈیا دوسری طرف بنگلہ دیش، مگر اللہ کے کرم سے انکا ہر وار انہی پر پلٹے گا جب تک اہل اللہ، علماء، اور دینی مدارس قائم ہیں کیونکہ ان سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔

ابصار حیدر کیا روحانیت کے لیے فنی علوم کا ہونا ضروری ہے کہ نہیں؟

عتیق الرحمٰن روحانیت سے مراد ولایت ہے تو فنی علوم کا ہونا ضروری نہیں ہاں البتہ اللہ پاک اپنی مرضی ومنشاء سے علم لدنی کے ذریعہ فنی علوم کی آگاہی ضرورت کے مطابق عطا فرمائیں تو یہ الگ بات ہے مگر ولی ولایت کے درجات کو طے کرتا ہے تو ان علوم کی دسترس بھی اسے حاصل ہوجاتی ہے۔

ابصار حیدر تحفہ روحانیات میں کس چیز کا اضافہ ہونا چاہیے؟

عتیق الرحمٰن رسالہ تحفہ روحانیات ایک انٹرنیشنل رسالہ ہے ہر خاص وعام بڑے شوق سے پڑھتا ہے اس چیز کو نظر میں رکھتے ہوئے پہلی بات کہ عام قاری کیلئے قرآن وحدیث سے ثابت شدہ مختصر وظائف کا ایک صفحہ بھی ہر ماہ ہونا چاہیے اور ہر ماہ کی گردش سیارگان یا پھر گردش ومنازل قمر یکم ماہ سے آخری ماہ تک ہونی چاہیے اور دینی سوال وجواب کا ایک صفحہ بھی ہو تو زیادہ بہتر رہے گا۔

ابصار حیدر تحفہ روحانیات کے لکھاری وقارئین کے لیے کوئی پیغام؟

عتیق الرحمٰن: سب سے پہلے تو ماہر روحانیات جناب محترم محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کا بے حد دل سے مشکور ہوں کے محترم نے شفقت فرمائی اور مجھ ناچیز کو بھی لکھاری حضرات میں جمع فرما کر رسالہ میں لکھنے کا موقع عطا فرمایا اور ابصار بھائی آپکی محبت اور تحائف کا بھی شکریہ اسکے علاوہ تمام لکھاری وقارئین کو سلام اور اتنی سی عرض ہے کہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے معالج کا رویہ ہمدردانہ اور مخلصانہ ہو اور مریض کا رویہ اپنے روحانی معالج کے ساتھ اعتماد وعزت والا ہو۔ اسکے بعد ایک گزارش وعرض جناب ایاز مزمل شاہ صاحب اور تحفہ روحانیات کی مشاورتی ٹیم سے کہ الحمدللہ تمام لکھاری حضرات اپنی محنت وکوشش سے اچھا لکھ رہے ہیں انکی حوصلہ افزائی کے لیے سال میں ایک بار ایسے روحانی وعلمی فورم کا انعقاد کیا جائے کے جس میں اجتماعی طور پر مختلف علوم وفنون پر مشاورت اور لیکچرز ہوں اور لکھاری حضرات کو مختلف ایوارڈز سے نوازا جائے میرے خیال میں اگر اس بات پر توجہ دی جائے تو روحانی وعلمی میدان میں یہ پہلا ادارہ ہوگا جو اس کام کو لے کر آگے بڑھیگا دوسرے ممالک میں باقاعدہ ایسے فورم کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

آخر میں تمام امت مسلمہ کے لیے دعا گو۔

(بقیہ صفحہ نمبر)

لاجواب استخارہ

تحریر
نبیل مزمل
ملتان

کئی برس پہلے کی بات ہے انسان روحانی طور پر بہت مضبوط تھا اور اسی لئے بہت معجزات ہوا کرتے تھے مگر جوں جوں نفسانی خواہشات کا اضافہ ہوتا گیا روحانی کمزوری سے انسان گمراہی کی طرف بھٹکتا گیا یہاں تک کہ ہم اتنے کمزور ہو گئے اور مختلف قسم کے مسائل اور پریشانیوں میں ڈوبتے چلے گئے آج جس کو بھی دیکھ اپنی الجھن میں پریشان ہے۔ مگر پھر بھی جو شخص یکسوئی حاصل کرتا ہے روحانی منزلیں آسان ہونے لگتی ہیں میرا مقصد روحانی معلومات قران کے اسرار کو نئی نسل میں پھیلانا ہے میرا مقصد آج کے انسان کو ہمت اور شعور دینا ہے کہ آج بھی معجزات رونما ہو سکتے ہیں اور اپنے مسائل کا حل اپنی لگن اور محنت سے کلام الٰہی کو ورد بنا کر حاصل کر سکے۔ بات صرف اس سوچ کی ہے کہ انسان اپنی دماغی لہروں کو ایک نکتہ پر مرکوز کر کے اپنے مسائل کا حل خود تلاش کر لے۔

رب عرش العظیم تو خود کہتا ہے کہ میں کبھی بھی انسان کی درست اور جائز محنت رائیگاں نہیں جانے دیگا تو ہمیں کلام پاک کے ذریعے محنت سے کوشش کرنا ہوگی یہی وجہ ہے کہ میں نے پرائز بانڈ اور لکی نمبر کی مشکل ترین منزل کو اپنا دور حیات اور کوشوں کی صورت میں بہت سے معجزات کا نظارہ کیا اس لئے میرا ذہن و دل مکمل طور پر راضی ہو گیا کہ اپنی توجہ سے انسان واقعی کلام پاک سے مسائل کا حل پا سکتا ہے اور یقیناً کلام پاک بھی تو ایک معجزہ یہی ہے۔

آج کی محفل استخارہ میں ایک عمل پیش خدمت ہے کہ اپنا نام یعنی جیسے میرا نام نبیل مزمل ہے تو اس کے شروع میں یا لگا کر ورد کرنا ہوگا اور جتنے اعداد ہیں اتنے سو کی گنتی میں ورد کرنے کے بعد اپنے سینے پر ہاتھ لکھ کر اپنا مطلب کہنا ہوگا یہاں تو ہمارا مطلب لکی نمبر ہے اس لئے آئندہ ڈرا کا نام + دن + بانڈ مالیت + شہر کا نام لیا جائے گا کہ فرسٹ کر نمبر دکھایا جائے اور جتنے اعداد نام ہیں اتنی تعداد ہی دن میں پڑھنا ہوگا۔ یعنی کہ میرے نام کے نو اعداد ہیں اپنا نام مجھے ۹۰ بار روزانہ رات کو مقررہ وقت میں ۹ دن تک پڑھنا ہوگا۔ لہذا ۹ دن میں آنے والی ڈرا کا نمبر واضح طور پر دکھایا جائے گا یہ ضروری نہیں کہ خواب میں آئے کسی بھی طرح ہو بار بار اشارہ دکھایا جائے گا۔ مکمل راز میں رکھیں اور آئندہ نمبرات سے توبہ بھی کریں بعد کامیابی مجھے اور تحفہ روحانیات کی پوری ٹیم کو دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں مہربانی ہوگی۔

110 مجرب استخارے

مکتبہ روحانیات کی جانب سے 110 استخاروں پر مشتمل کتاب شائع کی گئی جس کی مقبولیت میں بے انتہا اضافہ ہوا ہے۔ ایسے قارئین جو کہ استخاروں کا شوق رکھتے ہوں لازمی اس کتاب کو حاصل کریں ایسے قارئین جنہیں یہ کتاب مارکیٹ میں شارٹ ہونے کی وجہ سے نہ مل رہی ہو وہ ادارہ سے لازمی رابطہ کریں ان شاء اللہ جلد ہی اُنہیں رجسٹرڈ کتاب ارسال کر دی جائیگی اپنا آرڈر فوری بُک کروائیں کیونکہ چند کتب اسٹاک میں موجود ہیں۔ 110 **مجرب استخارے** کتب میں نمبرات نکالنے کے علاوہ دُنیاوی ہر مشکل اور پریشانی کے حل کیلئے کئی اقسام کے استخارے بھی شائع کئے گئے جن کی مدد سے آپ اپنے روزمرہ میں پیش آنے والی مشکلات کا حل استخاروں کی مدد سے حاصل کر سکتے ہیں۔

0300-6351192
0333-6158193

رسالہ گھر منگوائیں

اگر آپ کے شہر یا قریبی بکسٹال پر رسالہ مزمل لکی نمبر برائے ہر ڈرا نہیں ملتا یا فوٹو اسٹیٹ ملتا ہے۔ ظاہر ہے کہ فوٹو اسٹیٹ میں دوکاندار چند ٹکوں کی خاطر کم صفحات فوٹو کاپی کر کے ایک طرف ادارہ کو نقصان اور دوسری جانب آپ سے بددیانتی کا ثبوت دیتے ہیں۔ گھر بیٹھے اصل رسالہ مزمل لکی نمبر منگوانے کیلئے دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں اس طرح آپ کے تعاون سے ادارہ مزید مضبوط ہوگا اور مارکیٹ میں آنے سے قبل رسالہ آپ کے ہاتھوں میں موجود ہوگا اور آپ اسے بھرپور فائدہ اُٹھا سکیں گے۔

مکتبہ روحانیات سے شائع ہونے والی کتاب ''اسرار حروف صوامت'' سے اقتباس

فیضان الجفر

حروف صوامت اور اعمال گرہن

تحریر:۔ شہزادہ منظور علی سموں (ٹنڈو محمد خان)

پیارے دوستوں اپنی کتاب ''اسرار حروف صوامت'' سے کچھ خاص مضامین سورج و چاند گرہن کے موقع پر ارسال کر رہا ہوں کتاب حروف صوامت جس قدر محنت اور لگن سے تیار کی ہے جن دوستوں نے بھی اس کتاب کا مطالعہ کیا اور حوصلہ افزائی کیلئے مجھ سے رابطہ کیا ان تمام دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

نماز گرہن

ہر سال سورج و چاند کو گرہن لگتے رہتے ہیں۔ سال میں تقریباً دو سے لیکر سات تک گرہن لگتے ہیں چونکہ گرہن کا وقت نحس ہوتا ہے۔ جب بھی گرہن کا وقت آئے تو کم سے کم دو رکعت نماز کسوف خسوف کے نیت سے پڑھیں۔ اس نماز کے پڑھنے سے ہر قسم کے خطرات سے حفاظت میں رہینگے۔ جب تک گرہن موجود ہو تب تک عبادت الٰہی میں مشغول رہیں اور خطرات ظاہری و باطنی کو ٹالنے کی دعائیں مانگتے رہیں۔ گرہن کے متعلق دوسرے لوگوں کو بھی ضرور آگاہ کریں تاکہ وہ بھی اپنے لئے اور سب کیلئے دعائے مغفرت مانگ سکیں اور آنے والے تمام خطرات سے محفوظ ہو جائیں۔ اوقات گرہن کو معلوم کرنے کیلئے سالانہ مزمل روحانی جنتری اور جعفریہ جنتری کا مطالعہ کریں۔ ان جنتریوں میں گرہن کے اوقات ہر سال مکمل تفصیل سے درج ہوتے ہیں۔

وضاحت گرہن

عربی زبان میں سورج گرہن کو کسوف اور چاند گرہن کو خسوف کہتے ہیں۔ گرہن کیسے اور کیوں لگتا ہے؟ تفصیل نیچے درج کر رہا ہوں۔

سورج گرہن :۔ جب چاند زمین اور سورج کے درمیان حائل ہو جاتا ہے تو سورج کی روشنی زمین پر نہیں پہنچ پاتی بلکہ قمر سے ٹکرا کر منعکس ہو جاتی ہے۔ تو اس حالت کو شمسی گرہن یا سورج گرہن کہا جاتا ہے۔ گرہن دو قسم کے ہوتے ہیں۔ (مکمل جزوی) ایک سال میں پانچ گرہن لگ سکتے ہیں جب شمس و قمر ایک ہی برج ایک ہی درج دقیقے پہنچ جائیں تو اس حالت کو شمس و قمر قران کہتے ہیں۔ ہر ماہ شمس و قمر میں نظر قران کو سورج گرہن نہیں کہا جائیگا۔ سورج گرہن کے اثرات مردوں پر زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں۔

چاند گرہن :۔ جب زمین گردش کرتی ہوئی شمس قمر کے درمیان آجاتی ہے تو شمس کی روشنی چاند تک نہیں پہنچ پاتی بلکہ زمین سے ٹکرا کر منعکس ہو جاتی ہے تو اس حالت کو قمری یا چاند گرہن کہا جاتا ہے۔ چاند کو گرہن مکمل یا جزوی لگ سکتا ہے۔ جب قمر و شمس میں ۱۸۰ درجات کا فاصلہ ہو تو اس حالت کو قمر و شمس کا مقابلہ یا چاند گرہن کہا جائیگا چاند گرہن کے اثرات عورتوں پر زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں۔

وضاحت :۔ جب سورج گرہن لگے تو اس وقت آپ اپنی نگاہیں محفوظ رکھیں اور سورج کی جانب قطعی نہ دیکھیں۔ ورنہ آنکھوں کی نظر ختم ہو جائیگی۔ اگر دیکھنے کا شوق ہو تو ویلڈنگ کے شیشے کی مدد سے دیکھ سکتے ہیں اور جہاں تک بھی ممکن ہو سکے تو گرہن کے وقت اپنے مکمل جسم کو گرہن کی نحس شعاعیں سے محفوظ رکھیں خدانخواستہ گرہن کی نحس شعاعیں آپ کے کسی جسم کے حصے پر پڑیں تو آپ جلد کی بیماری میں مبتلا ہو جائیں گے۔ گرہن کے وقت کھانا پینا ناچ گانے بجانے یا خوشی کی کوئی بھی محفل نہ منعقد کریں۔ ہنسی مذاق اور غلط قسم کی باتیں وغیرہ نہ کریں۔ ورنہ گنہگار ہو جائیں گے۔

گرہن :۔ جس تاریخ ماہ سال جس برج میں جو گرہن لگے گا وہ ٹھیک ۱۸ کے بعد آئندہ اسی برج میں پھر گرہن لگے گا۔ آئندہ گرہن کے اوقات معلوم کرنے کیلئے ایک فارمولا اس کتاب میں درج ہے۔

حروف صوامت عملیات کو بہت پسند کیا جاتا ہے۔ عملیات کی دنیا میں حروف صوامت سے کافی حد تک کام لیا جاتا ہے۔ یہ حروف جتنا جلدی اپنا اثر دکھاتیں ہیں اور اتنا ہی جلد عامل کو رجعت میں بھی جکڑ لیتے ہیں۔ سب کو معلوم ہے کہ حروف صوامت کی رجعت بہت ہی زیادہ خطرناک ہوتی ہے۔ بہت سارے لوگ جلد بازی میں حروف صوامت کے عملیاتی سلسلے میں قوائد و ہدایات کو مدنظر نہیں رکھتے۔ اور بعض اوقات عامل سے غلطی بھی ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے عامل فوراً ہی حروف صوامت کی رجعت میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ حروف صوامت کے متعلق کافی عملیات اور کتابیں آپ لوگوں نے پڑھے ہوں گی۔ لیکن حروف صوامت کی رجعت و بندش کو ختم کرنے کا کوئی مجرب عمل میرے اس عمل سے پہلے آپ نے نہیں

پڑھا ہوگا۔ یقیناً حروف صوامت کی رجعت و بندش کے توڑ کے عملیات کی تلاش آپ کو برسوں سے ہوگی۔

حروف صوامت کی رجعت و بندش کے نحس اثرات کو کس طرح ختم کیا جائے گا۔ پہلے کبھی کسی نے نہیں دیکھا کہ بندش کو کس طرح کھولا جائے گا۔

رجعت کیا ہوتی ہے اور رجعت کے مثبت یا منفی اثرات کیا ظاہر ہوتے ہیں۔ یہ وضاحت بھی میں ہی کر دیتا ہوں۔

''رجعت کے لفظی معنیٰ'' واپسی' لوٹنا' پلٹنا کو ظاہر کرتی ہے۔

رجعت کے اثرات:۔ دماغی صلاحیت میں کمی کا ہو جانا بے ہوش ہو جانا یا ہوش کی حالت میں الٹی سیدھی باتیں کرنا۔ دماغ پر دباؤ رہنا نظر کی کمزوری بہرا پن جیسی حالت ہر کام میں رکاوٹیں' درپیش آنا مال و دولت میں نقصان کاہلی سستی کا ہونا اعضائے جسمانی کا مفلوج ہونا خوشی کو کم غم زیادہ وغیرہ۔

رجعت کیوں ہوتی ہے؟

☆ کسی پر مرشد یا صاحب عمل کی اجازت کے بغیر عمل کرنا یا پڑھنا۔

☆ قرآن مجید کی سورۃ یا آیۃ کو معکوس کر کے تباہی دشمن کے لئے ناجائز استعمال کرنا۔

☆ اعمال جفری میں کسی غلطی کا رہ جانا یا موکلات کا غلط بن جانا۔

☆ اعمال علوی یا سفلی میں الفاظ کو غلط یا بے ترتیب پڑھنا۔

☆ کسی عمل کو اپنی مقررہ مدت سے پہلے ہی اُدھورا چھوڑنا۔

☆ رجال الغیب کو مدنظر نہ رکھنا۔

☆ حصار کو بھول جانا یعنی حصار نہ کرنا۔

☆ سعد نحس اوقات کو صحیح طور پر نہ سمجھنا۔

اس کے علاوہ اور بھی بہت سارے شرائط ہوتے ہیں جن کو مکمل نہ کرنے کی وجہ سے رجعت واقع ہو جاتی ہے۔

مخفی راز:۔ سورۃ اخلاص حروف صوامت کی رجعت و بندش کے نحس اثرات کو ختم کرنے میں بڑی ہی پرتاثیر ہے۔ سورۃ اخلاص و حروف صوامت میں بہترین راز مخفی ہیں۔ جس کو عاملین لوگ اپنے سینے میں چھپائے رکھتے ہیں۔ وہ راز یہ ہیں۔

رازنمبر 1:۔ سورۃ اخلاص کے لفظ اخلاص سے مراد مخلص' خالص بے آزاد ہونا نجات پانا خلاصی پانا امن و سکون میں رہنا۔

رازنمبر 2:۔ سورۃ اخلاص میں خالص حروف ۱۳ ہیں اور حرف صوامت بھی ۱۳ ہیں۔

رازنمبر 3:۔ سورۃ اخلاص کے خالص حروف اعداد قمری ۴۴۴ ہیں جمع کریں تو ۱۲ بنتے ہیں۔ اور حروف صوامت کے اعداد قمری ۵۴۳ ہیں۔ جمع کریں تو بھی ۱۲ بنتے ہیں۔

رازنمبر 4:۔ سورۃ اخلاص کے ٹوٹل اعداد ۱۰۰۲ ہیں جس کا مفرد ۳ بنتا ہے۔

رازنمبر 5:۔ سورۃ اخلاص کے خالص حروف کے اعداد قمری ۴۴۴ ہیں جمع کریں تو مفرد ۳ بنتا ہے۔

رازنمبر 6:۔ حروف صوامت کے اعداد قمری ۵۴۳ ہیں جمع کریں تو بھی مفرد عدد ۳ بنتا ہے۔

رازنمبر 7:۔ سورۃ اخلاص کے حروف ۴۷ نقطے ۱۰ جمع ۵۷ ہوئے مفرد عدد ۳ بنتا ہے۔

رازنمبر 8:۔ حروف صوامت کی ترتیب شمسی کا پہلا جملہ احد ہے۔ جس کے اعداد ۱۳ ہیں اور راسم الٰہی احد کے اعداد بھی ۱۳ ہیں۔

رازنمبر 9:۔ سورۃ اخلاص میں ۴ آیۃ ہیں ہر آیۃ کے آخر میں دہے حروف دابجد قمری میں چوتھے نمبر پر ہے۔ حروف د کے اعداد قمری بھی ۴ ہیں۔

طریقہ زکات:۔ سورۃ اخلاص کے ۱۳ حروف خالص کو روزانہ ۴۴۴ بار لکھنا ہے۔ ۱۳ حروف ایک سطر میں لکھیں۔ ایسی ۴۴۴ سطور روزانہ لکھنی ہیں۔ ہر سطر کو الگ الگ کاٹ کر فی سطر کو گندم کے آٹے میں لپیٹ کر گولیاں بنائیں۔ ہر گولی پر ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر دم کریں بعد میں وہ گولیاں چلتے دریاء نہر وغیرہ میں ڈال آئیں تاکہ مچھلیاں کھالیں۔ لکھتے وقت یا دریا نہر پر جاتے اور آتے وقت قطعی کسی سے بات نہ کریں۔ ورنہ عمل باطل ہو جائے گا۔ لکھے ہوئے کاغذ کی گولیاں روزانہ ہی آب کے حوالے کرنی ہیں۔ جمع نہ کریں یہ کام بعد نماز عشاء سے لیکر فجر نماز سے پہلے ہی مکمل کرنا ہے اور اسی ہی وقت پانی میں ڈال آئیں۔ روزانہ کا وقت ایک ہی مقرر کر لیں۔ یہ عمل ۱۳ دنوں تک کرنا ہے۔ ۱۳ دن کے بعد آپ سورۃ اخلاص کے ۱۳ حروف خالص کے عامل بن جائیں گے۔ اب ان حروف کی برکت و طاقت سے حروف صوامت کی بندش اور خطرناک رجعت کا توڑ کر سکتے ہیں۔

(نماز پانچ وقت لازمی پڑھیں)

روزانہ لکھنے والے حروف یہ ہیں:۔ ق۔ ل۔ ھ۔ و۔ ا۔ ح۔ د۔ ص۔ م۔ ی۔ ك۔ ن۔ ف

طریقہ استعمال:۔ مندرجہ ذیل نقش کو سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر بارش کے پانی میں گھول کر نہالیں۔ اور کچھ پانی کو پی لیں۔ تو ان شاء اللہ حروف صوامت کی ہر قسم بندش و رجعت سے ہمیشہ آزاد ہو جائیں گے۔

رجعت حروف صوامت

عمل شروع کرنے سے پہلے آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ حروف صوامت کی رُجعت بہت ہی خطرناک ہوتی ہیں یہ ذہن نشین کرلیں کہ حروف صوامت سے متعلق جو بھی اعمال تیار کریں تو کافی سوچ اور سمجھ کے بعد تیار کریں۔ ایسا نہ ہو کہ کہیں لینے کے دینے پڑ جائیں اس کتاب میں جتنے بھی اعمال دیئے گئے ہیں اور کسی کتاب یا روحانی ماہنامہ میں نہ ملیں گے، مکمل قواعد عملیات کو مدنظر رکھ کر عمل تیار کریں ایک معمولی سی غلطی بھی وبال جان بن سکتی ہے۔ خاص طور پر حروف صوامت کے جعفری اعمال کافی سوچ سمجھ کے بعد تیار کریں۔ بار بار عمل کو چیک ضرور کیا کریں تاکہ دل کو تسلی اور یقین ہو جائے کہ استخراج کیئے ہوئے عمل میں کوئی بھی غلطی نہیں ہے۔ بعد میں وقت مقررہ پر عمل تیار کر کے اپنے مطلوبہ کام میں استعمال کر سکتے ہیں۔

میں نے دیکھا ہے کہ اکثر لوگ جو عملیات کی دنیا میں کم واقفیت رکھتے ہیں کوئی عام سی کتاب میں سے دل پسند عمل دیکھ کر فوراً ہی عمل کرنے بیٹھ جاتے ہیں نہ تو زکوۃ ادا کی ہوتی ہے نہ حصار کا خیال کرتے ہیں۔ نہ ساعت دیکھتے ہیں اور نہ ہی رجال الغیب کا لحاظ رکھتے ہیں۔ نہ نجورات کے بارے میں صحیح پتہ ہوتا ہے نہ سعد اور نحس اوقات کا خیال رکھا جاتا ہے۔ اجازت طلب عمل میں صاحب عمل سے اجازت لینے کا دھیان بھی نہیں رکھتے ہیں جس کی وجہ سے رجعت میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔ اور جب کام کے بجائے الٹا نقصان اٹھاتے ہیں اور کام نہ ہونے کی صورت میں عملیات کو غلط اور جھوٹا تسلیم کرتے ہیں اور اپنی غلطی کو قطعی تسلیم نہیں کرتے۔

حالانکہ عمل درست ہوتا ہے لیکن عمل کو کرنے والا خود ہی غلط راستے پہ ہوتا ہے۔ بھلا اس میں عمل کا کیا قصور؟

عامل کی ذاتی غلطی کی وجہ سے جب عمل درست استخراج نہیں ہوتا ہے جس کی وجہ سے فائدے کے بجائے نقصان ہوتا ہے جس کو رجعت کہتے ہیں۔

جب رجعت پیدا ہو جاتی ہے تو حالات ایسے ہو جاتے ہیں۔

عامل مختلف اقسام کی بیمایوں اور تکالیف میں گھیر لیا جاتا ہے۔ خوشیاں غموں میں بدل جاتی ہیں ہوتے ہوئے کام بگڑ جاتے ہیں عزت و شہرت وقار کم ہونے لگتی ہے ترقی کاروبار ختم ہونا لگتا ہے۔ رجعت کا اثر عموماً دماغ پر ہوتا ہے جس کی وجہ سے پاگل بھی ہو سکتے ہیں اور حالات ایسے پیچیدہ بھی ہو جاتے ہیں جن کا اندازہ لگانا بعض اوقات بہت مشکل ہو جاتا ہے۔ یاد رکھیں بعض اوقات سیارگان کی نحوست کی وجہ سے بھی ایسے حالات پیدا ہو جاتے ہیں۔ کسی ماہر منجم سے زائچہ بنوا کر سیارگان کی پوزیشن معلوم کر سکتے ہیں اگر سیارگان کی پوزیشن اپنی جگہ پر سعد ہے تو یقین کر لیں کہ آپ رجعت میں گرفتار ہو گئے ہیں۔ رجعت میں گرفتار ہونے کی صورت میں کوئی روحانی بزرگ ہیں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ حروف صوامت کی رجعت کو ختم کرنے کے لیے ایک دو مجرب عمل اس کتاب میں شامل ہیں، جس سے آپ فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

حروف صوامت کی بندش و رجعت کا توڑ

''سورۃ اخلاص''

حروف صوامت عملیات کو بہت پسند کیا جاتا ہے۔ عملیات کی دنیا میں حروف صوامت سے کافی حد تک کام لیا جاتا ہے۔ یہ حروف جتنا جلدی اپنا اثر دکھاتیں ہیں اور اتنا ہی جلد عامل کو رجعت میں بھی جکڑ لیتے ہیں۔ سب کو معلوم ہے کہ حروف صوامت کی رجعت بہت ہی زیادہ خطرناک ہوتی ہے۔ بہت سارے لوگ جلد بازی میں حروف صوامت کے عملیاتی سلسلے میں قدائدات و ہدایات کو مدنظر نہیں رکھتے۔ اور بعض اوقات عمل سے عقلمندی دیکھایا دماغی غلطی بھی ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے عامل فوراً ہی حروف رجعت میں قابو ہو جاتے ہیں۔ حروف صوامت کے متعلق کافی عملیات اور کتابیں آپ لوگوں نے پڑھی ہی ہوں گی۔ لیکن حروف صوامت کی رجعت و بندش کو ختم کرنے کا کوئی مجرب عمل میرے اس عمل سے پہلے آپ نے نہیں پڑھا ہوگا۔ یقیناً حروف صوامت کی رجعت و بندش کے توڑ کے عملیات کی تلاش آپ کو برسوں سے ہوگی۔

منی آرڈر کرنے سے قبل ان باتوں کا خاص خیال رکھیں

1 منی آرڈر کی دوسری جانب نام مع والدہ لازمی تحریر کریں۔
2 مقصد منی آرڈر:۔ مثلاً لوح ہمزاد لوح منزل خاص وغیرہ۔
3 اپنا فون نمبر صاف اور واضح لکھیں۔
4 اپنا درست ایڈریس صاف اور واضح لکھیں۔

اکثر لوگ ان باتوں کا خیال نہیں رکھتے ہیں جس وجہ سے اُن کی لوحیں وقت پر نہیں پہنچ سکتی اور اکثر لوگ ایڈریس واضح نہیں لکھتے جسکی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنے سے قبل ہدایت!

1۔ جب بھی ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنا ہو اپنا مقصد لکھ کر بذریعہ ایس ایم ایس مطلع کریں۔
2۔ ایس ایم ایس کے آخر میں اپنا نام اور شہر ضرور تحریر کریں۔
3۔ لوح کا نام یا جس مقصد کے لئے آپ رقم ارسال کر رہے ہیں وضاحت کریں۔
4۔ رقم وصول کرنے کا Pin Code بذریعہ ایس ایم ایس ضرور مطلع کریں۔
5۔ ادارہ کے فون نمبر 0300-6351192 پر رقم ارسال کرنے کی اطلاع کا پیغام ارسال کریں۔

(ادارہ)

زہرہ تسدیس مشتری

تحریر
راجہ اعجاز حسین
(کراچی)

اللہ کی حمد وثناء کرتا ہوں اور اسی سے مدد مانگتا ہوں اور اسی کی کفایت و دست گیری کا محتاج ہوں، اس میں کوئی شک نہیں کہ نعمت وجود کے بعد خزانہ وحدت میں علم سے بڑھ کر اور کوئی نعمت نہیں۔

قارئین تحفہ روحانیات کے لئے اس ماہ ایک اور اہم ترین وقت کے خواص لے کر حاضر ہوا ہوں، ستارہ زہرہ اور ستارہ مشتری یہ دونوں سیارگان آسمانی کونسل پر اپنی برجی حرکت کرتے ہوئے دائرۃ البروج میں جب 60 درجے کی نظر قائم کرتے ہیں تو یہ وقت دوستاروں کے درمیان تسدیس کی نظر کہلاتی اور تثلیث کے بعد یہ وقت نہایت سعد مانا گیا ہے، ستارہ زہرہ محبت کی دیوی کا ستارہ مانا گیا ہے، حُب وتسخیر کے لئے اس اہم وقت میں ایک مکمل عمل قارئین کے پیش نظر کر رہا ہوں، دور حاضر میں گھریلو ناچاقی، بہن بھائیوں میں نا اتفاقی، اولاد کا نافرمان ہونا از حد اضافہ مشاہدے میں ہے۔ یہ نظر سعد اصغر کہلاتی ہے اور طلب محبوب ومطلوب اور تسخیر مستورات میں طاقت ور اثر رکھتی ہے۔ اگر کسی شخص کی مخصوص جگہ شادی نہیں ہوتی یا محبوب بے رخی سے پیش آتا ہے۔ یا محبوب کے والدین کی تسخیر مستورات میں طاقت ور اثر رکھتی ہے اگر کسی شخص کی مخصوص جگہ شادی نہیں ہوتی یا محبوب بے رُخی سے پیش آتا ہے یا محبوب کے والدین کی تسخیر مطلوب ہو یا کوئی دوست ناراض ہو تو یہ عمل کام دے گا۔

یہ وقت 21 جولائی رات 9 بج کر 18 منٹ پر شروع ہوگا جس کا اختتام 23 جولائی دوپہر ایک بج کر 17 منٹ پر ہوگا۔ اس دوران جن نیک ساعت میں یہ عمل تیار ہوگا۔

21 جولائی بروز ہفتہ

پہلی ساعت :۔21:45 تا 22:37

22 جولائی بروز اتوار

دوئم ساعت :۔00:20 تا 01:12

سوئم ساعت :۔03:47 تا 04:39

چہارم ساعت :۔06:39 تا 07:47

پنجم ساعت :۔11:12 تا 12:20

ششم ساعت :۔14:36 تا 15:45

ہفتم ساعت :۔19:09 تا 20:01

23 جولائی بروز سوموار

ہشتم ساعت :۔02:04 تا 01:12

نہم ساعت :۔08:55 تا 07:47

دہم ساعت :۔12:20 تا 11:12

''یُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالذِينَ آمَنُوا آشد حباً لِلّٰهِ'' (سورۃ بقرہ، آیت نمبر 165)

اعداد آیت 1492

اعداد مطلوب علی حسن بن سعدیہ 429

اعداد طالب ریاض احمد بن فاطمہ 1251

کل میزان 3172 نفی 30=3142÷=4785 باقی 2 بچا کسر خانہ نمبر 9 میں اکا اضافہ ہوگا۔



یہ نقش معظم آیت ''یُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالذِينَ آمَنُوا آشد حباً لِلّٰهِ'' سے تیار کیا گیا ہے جو بھی تیار کرے وہ اعداد قمری کی جدول جعفریہ جنتری یا کسی بھی جنتری سے دیکھ کر اعداد نکال لیں اور نقش پر آیت مذکورہ 160 بار پڑھ کر دم کریں اور یہی ورد 21 یوم تک مسلسل کریں، ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ نقش کے چھوٹے خانوں میں جو ہندسے ہیں وہ ہرگز نہ لکھیں یہ نقش کی چال ہے۔ میں نے ہر بات کی وضاحت کر دی ہے اگر پھر بھی سمجھ میں نہ آئے تو یا مجھ سے یا ادارے سے رابطہ کر کے رہنمائی حاصل کریں۔

ہاشم بک ڈپو، جنوبی بازار لیہ کروڑ لعل عیسن
ادارہ روحانیات

اعمال گرہن

تحریر :۔ حکیم حافظ عتیق الرحمٰن ضیاء (کراچی)

محترم قارئین السلام علیکم : چاند یا سورج گرہن کا وقت مخصوص اثرات کا حامل ہوتا ہے۔ عموماً اس وقت میں حساسیت اور روحانیت اپنے عروج پر ہوتی ہے روحانی اعمال اس وقت خاص اثر رکھتے ہیں اس ماہ کا مکمل چاند گرہن خاص اہمیت کا حامل ہے کیونکہ رات ہونے کی وجہ سے پاکستان میں دیکھا جا سکے گا۔ ایسے گرہن میں حروف صوامت کی اور دیگر اعمال کی زکات ادا کرنا نہایت مؤثر ثابت ہوتی ہے۔ عمومی طور پر قارئین یا نئے عامل حروف صوامت کی زکات ادا کرنے کے شوقین ہوتے ہیں اور چند کتابوں سے دیکھ کر زکات ادا کرنے کی یا حروف صوامت کے اعمال کرنے کی کوشش کرتے ہیں اصول وقوائد کی ناآشنائی اور صحیح استاد نہ ہونے کی وجہ سے نتیجہ رجعت کا شکار ہو جاتے ہیں اور بعض لوگ اپنے نفسانی خواہشات کی تکمیل کے لیے ان اعمال کا سہارا لیتے ہیں جو کہ شرعی اور اخلاقی دونوں اعتبار سے غلط ہے جب تک مادی وسائل سے کام نکلے تب تک ایسے اعمال سے گریز کرنا ہی بہتر ہے۔

یہاں یہ بات بھی واضح کر دوں کے عملیات کا فن ہو یا کوئی بھی فن ہو کتاب آپ کو اس فن سے آشنا تو کروا سکتی ہے مگر اس فن کا فنکار نہیں بنا سکتی فن کا فنکار آپ کو ایک صحیح مخلص استاد ہی بنا سکتا ہے اور استاد کا ادب، احترام، عزت خدمت انکی کسی بات یا غصہ کو برداشت کرنا ہی کامیابی کی منازل کو طے کرواتا ہے بنا استاد کے کسی شخص کی مثال ایسے ساز کی طرح ہے جو بجتا تو ہے مگر سُر اور دھن کے بغیر۔ آج یہ ناچیز عتیق الرحمٰن عملیات و آسٹرولوجی پر کالم لکھنے کے قابل ہے تو یہ اپنے استاد محترم کی شفقت کا ہی نتیجہ ہے لہذا استاد کی خدمت وادب بہت ضروری ہے۔ اسکے علاوہ نئے سیکھنے والے عاملین کو چاہیے کے اس فن میں قدم رکھنے سے پہلے قرآن پاک کو تجوید کے ساتھ لازمی پڑھنا سیکھیں تاکہ کسی بھی عمل کی زکات دیتے وقت یا پڑھائی کرتے وقت زبر، زیر، پیش اور لفظوں کی ادائیگی کی غلطی نہ ہو ایک حرف کی غلطی بھی کسی آیت پاک کے ترجمہ کو بدل دیتی ہے یہی وجہ ہے کہ عمل میں ایک تو اثر نہیں ہوتا اور رجعت کا اندیشہ بڑھ جاتا ہے۔ ان تمام عوامل کو سامنے رکھتے ہوئے اپنے قارئین کے لیے اس بار آسان زکات کا طریقہ اور عمل پیش کر رہا ہوں دعا ہے کہ اللہ پاک آپ سب کی تمام جائز ضروریات کو پورا فرمائے آمین۔

نقش اسرار صوامت کا طریقہ عمل

نمبر شمار	اسمآء الحسنیٰ	اعداد
1	اللہ	۶۶
2	مالک الملک	۲۱۲
3	سلام	۱۳۱
4	عدلٌ	۱۰۴
5	واسع	۱۳۷
6	ودودٌ	۲۰
7	اَحَدٌ	۱۳
8	واحد	۱۹
9	صمدٌ	۱۳۴
10	عالمٌ	۱۴۱
11	اِلٰہٌ	۳۶
12	مُلہِم	۱۱۵
13	اول	۳۷
کل تعداد	۱۱۶۵	مفرد عدد ۱۳

عزیزان من: نقش اسرار صوامت عاملین کے ساتھ ساتھ عام افراد کیلئے خاص کر ایک عظیم تحفہ ہے جسے آپ چاند گرہن کے درمیانی وقت

عامر تونسوی، بکسٹال نمبر2 میزان چوک کوئٹہ۔ 0345-8371586 ادارہ روحانیات

میں آسانی سے بنا اور عمل میں لا سکتے ہیں تمام حضرات اس بات سے واقف ہیں کہ حروف تہجی کے وہ حروف جن میں نقطے نہیں ہیں وہ تعداد میں 13 ہیں احد رسص طعک لموہ انہی کو حروف صوامت کہا جاتا ہے۔ لہذا حروف صوامت اور عدد 13 کی مشابہت اختیار کرتے ہوئے ہم نے اللہ کے ایسے 13 اسماء جمع کیے جو بے نقطہ حروف پر مشتمل ہوں اور جنکی تعداد کا مجموعہ بھی تیرہ بنے اور نقش بھی ایسا تیار ہو جسکا ہر خانہ عدد 13 کے اضافہ کے ساتھ پُر ہو اہل علم وفن ہی اس اسرار سے بخوبی واقفیت رکھتے ہیں۔ نقش بنانے کا طریقہ بے حد آسان ہے چاند گرہن کے درمیانی وقت میں نیلے کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے نقش کو اپنے نام کے پہلے حرف کے عنصر کے مطابق لکھیں میں نے نقش کو سمجھانے کی غرض سے آتشی چال سے مکمل کیا ہے مگر آپ نام کی موافقت کریں نقش کے کونوں میں جو چھوٹے ہندسہ درج ہیں وہ نقش کی چال کو واضح کر رہے ہیں اصل نقش بناتے وقت انہیں نہ لکھیں نقش کا پہلا خانہ وہ ہے جس میں ۱۹۳ درج ہے ۱۳ کے اضافہ کی ساتھ دوسرے خانہ میں ۲۰۶ آئے گا اسی طرح ہر خانے میں ۱۳ کا اضافہ کرتے ہوئے ۱۶ خانہ تک نقش کو مکمل کریں گیں نقش پر کرنے کے بعد نقش کے نیچے اپنا مقصد اور نقش وحروف صوامت کا مؤکل درج کریں. عاملین حضرات مقصد کی عبارت عام طور پے عربی یا فارسی میں لکھتے ہیں مگر عام حضرات اردو میں بھی لکھ سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر نظر بد سے حفاظت مقصود ہے تو نقش بنانے کے بعد نیچے یا پچھلی طرف یہ لکھیں۔ اے اللہ فلاں بن فلاں کو ہر طرح کی بری نظر سے تاحیات حفاظت فرما بحق **یا حراکیل یا هسقغائیل العجل الساعة الوحا** ۔واضح رہے مقصد کی عبارت کوئی بھی ہو اسکے آخر میں یہ موکلات لازمی لکھیں نقش کو مکمل کر لینے کے بعد موم جامہ کر کے نیلے کپڑے میں لپیٹ کر گلے یا بازو میں پہن لیں اور تین کلو چاول یا چینی کا صدقہ ضرور ادا کریں اب روزانہ تیرہ بار ان اسماء کو لازمی پڑھ لیا کریں ان شاء اللہ یہ ایک نقش ہی کئی مسائل کا حل ثابت ہوگا۔ ہر قسم کے سحر جادو سے حفاظت، گھر میں بے برکتی کا خاتمہ ، بے سکونی ڈپریشن اور مختلف بیماریوں سے حفاظت، میاں بیوی میں نا اتفاقی وطلاق کا خدشہ، گھریلو افراد بھائی بہن ماں باپ رشتہ داروں میں اختلافات ، دشمنوں و بدگو افراد سے حفاظت ، شادی میں رکاوٹ وغیرہ، الغرض امور زندگی کے تمام جائز کاموں میں یہ نقش بے حد مجرب ہے۔ ہر فرد اپنے لیے نقش بنا سکتا ہے اور اگر آپ چاہتے ہیں کے دوسروں کو بھی اس سے مستفید کریں تو اسی چاند گرہن میں اسکی زکات اصغرادا کریں جسکے دو طریقے ہیں پہلا یہ ہے کے آپ گرہن کی ابتداء کے چند منٹ بعد سے نقش لکھنا شروع کر دیں اس طرح کے گرہن کے اختتام سے ۳۰ منٹ پہلے نقش لکھ چکے ہوں اس زکات کے لیے نقش لکھنے کی تعداد ۳۱۳ ہے مگر یہ طریقہ مشکل ہے۔ دوسرا طریقہ یہ ہی کہ آپ درج ذیل 13 اسماء الحسنی کو ۳۱۳ کی تعداد میں میں بہ نیت زکات پڑھ لیں یہ زکات آسان بھی ہے اور مفید بھی اسی طرح آپ سورہ فاتحہ سورہ فلق و الناس سورہ اخلاص کی ذکات ادا کر سکتے ہیں اس زکات پر آپ ایک سال کیلئے عامل ہونگیں اگلے سال دوبارہ چاند گرہن میں زکات ادا کرنی ہوگی زکات ادا کرنے کے بعد روزانہ 13 بار اس عمل کی مداومت لازمی کریں۔ سال میں ہونے والے سورج و چاند گرہن کی مکمل تفصیل مزمل روحانی جنتری اور جعفریہ جنتری میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

مزید اعمال گرہن

ہمارے معاشرے میں اکثر ازدواجی مسائل گھریلو ناچاقی، شوہر یا بیوی کے طرف سے بے رخی اور محبت میں کمی وغیرہ کیلئے ایک مجرب عمل دیا جا رہا ہے جو کہ نہایت آسان عمل ہے۔ جس سے صرف شادی شدہ افراد ہی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

میاں بیوی میں محبت کے لیے خاص عمل

گرہن کے درمیانی وقت میں ایک سفید کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے پوری بسم اللہ لکھ کر سورہ الم نشرح پوری لکھیں پھر یہ آیت لکھیں۔

والقیت علیك محبة فلاں بن فلاں (یہاں مطلوب کا نام مع والدہ لکھیں) **علیٰ محبة فلاں بنت فلاں** (یہاں طالب کا نام مع والدہ لکھیں) **کما الفت بین آدم و حوا و بین یوسف و زلیخا و بین موسیٰ و صفورا و بین محمدؐ و خدیجة الکبریٰ و اصلح بین هما اصلاحاً فیه ابداً** اب تمام تحریر کے اردگرد حاشیہ (چاروں طرف لکیر) لگا کر کاغذ کو تہہ کر کے تعویز بنا لیں اور موم جامہ کر کے بازو پر باندھ لیں یا پھر اپنے تکیے میں رکھ لیں۔

خیال رہے کہ مندرجہ بالا نقوش لکھتے ہوئے باوضو رہیں، پاک صاف کپڑے پہنیں، علیحدہ کمرے کا انتخاب کریں، لکھنے کے دوران مکمل خاموشی اختیار کریں اور اپنے مقصد کو ذہن میں واضح رکھیں کہ آپ کیا چاہتے ہیں۔

ناجائزو ناپسند یدہ تعلق کا خاتمہ

اکثر والدین اپنے بیٹے یا بیٹی کی ایسی محبت یا وابستگی سے پریشان رہتے ہیں جو ان کے نزدیک ناپسندیدہ ہوتی ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ ان کا لڑکا یا لڑکی ایک غلط راستے پر چل رہے ہیں۔

ایسی صورت میں طریقہ یہ ہے کہ گرہن کے وقت کسی علیحدہ کمرے میں باوضو بیٹھ کر مندرجہ ذیل سطور کسی سفید کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے لکھیں اور کاغذ کو تہہ کر کے تعویذ کی شکل بنالیں اور پھر اس کاغذ کو کسی بھاری وزنی چیز کے نیچے دبا دیں یا قبرستان میں دفن کر دیں، ان شاء اللہ دونوں کے درمیان علیحدگی ہو جائے گی۔

"احد رسص طعك لموه لادیا یا غفور یا غفور بستم تعلق فلاں بن فلاں و بین فلاں بن فلاں عَقدَت قُلوبھم ابداً یا حراکیل بحق یا قابض یا مانع العجل العجل الساعة الساعة"

نوٹ: خیال رہے حروف صوامت کی اعمال اور دیے گئے چاند وسورج گرہن کے اعمال سے سوچ سمجھ کر فائدہ اٹھایا جائے۔ میاں بیوی کی محبت کا عمل کرنے سے پہلے یہ ضرور سوچ لیں کہ آیا ہم اپنے شرعی اور فطری حقوق کی ادائیگی کر رہے ہیں یا نہیں۔ اسی طرح ناجائز تعلقات کے عمل میں بھی غور وفکر سے کام لیں اگر بچہ یا بچی حقیقی معنوں میں کسی کو پسند کرتے ہیں اور شادی کرنا چاہتے ہیں اور لڑکا یا لڑکی میں کسی قسم کی برائی بھی نہیں اور زائچوں کی میچنگ بھی اچھی ہے تو بلاوجہ والدین یا سرپرست اپنی انا کی خاطر ان اعمال سے گریز کریں۔

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ حضرات

پشاور میں جعفر خان کو آئندہ اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔ تحفہ روحانیات، مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

اسٹار نیوز ایجنسی جعفر خان پشاور 0345-9067247

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ حضرات

رحیم یار خان میں بابا عبدالرحمن کو آئندہ اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔ تحفہ روحانیات مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

بابا عبدالرحمن نیوز ایجنٹ رحیم یار خان 0300-6723855

بقیہ "آپ بھی جانئیے"

ابصار حیدر: ملکی صورت حال کے بارے میں کیا رائے ہے اور سیاستدانوں کا زائچہ میں کیا نظر آرہا ہے کون سی پارٹی بازی لے جائیگی؟

عتیق الرحمن: محترم اس سال کے حوالے سے میں نے روزنامہ جہان پاکستان میں بھی پاکستان کے زائچہ پر تفصیلی گفتگو کی تھی کے زائچہ پاکستان دو منحوس سیاروں کے دور سے گزر رہا ہے جسکی وجہ سے عوام میں بے چینی، معاشی مسائل، مختلف حادثات اور کئی طرح کی اسکینڈل سامنے آئیں گے۔ سیاسی تنازعات کی وجہ سے الیکشن میں تاخیر ہو سکتی ہے۔ جہاں تک پارٹی کا تعلق ہے تو وقت کی قلت کی وجہ سے کسی پارٹی کا زائچہ دیکھ نہیں پایا کیونکہ اسکول کالجز کے پیپرز اسٹارٹ ہیں تو ایک ٹیچر ہونے کی حیثیت سے مصروفیت زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ البتہ اہم شخصیات کے حوالے سے بات کی جائے تو عمران خان صاحب کا زائچہ یہ بتاتا ہے کے اس بار خان صاحب میدان مار لیں گیں خان صاحب کے زائچہ میں پانچویں گھر کے مالک سیارہ زحل کا دور اصغر (انتر دشا) چل رہا ہے زحل پیدائشی زائچہ میں بارہویں گھر میں تحت الشعاع ہے اور ٹرانزٹ میں تیسرے گھر میں موجود ہے پیدائشی زائچہ سے راہو زحل کو ناظر ہے اور تیسرے گھر کا حاکم، مشتری ٹرانزٹ میں پہلے گھر میں آکر پہلے، پانچویں، ساتویں، اور نویں گھر کو ناظر ہے یہ ساری صورت حال ایک طرف تو یہ ظاہر کر رہی ہے کہ خان صاحب اپنی عادت کی وجہ سے مختلف سیاسی وفیملی تنازعات میں رہیں گے یہ بھی ممکن ہے کہ ذہنی دباؤ کی وجہ سے نیند میں خلل واقع ہو اور دوسری طرف عمران خان ایک ایسا مقام حاصل کر پائیں گے کہ حکومت ان کے بغیر بننا مشکل ہو اور بیرونی قوتوں کی مکمل حمایت حاصل رہے گی۔ اسی طرح شہباز شریف صاحب کے زائچہ پر نظر ڈالی جائے تو انکے زائچہ کا سعد ترین سیارہ مشتری کا دور اصغر چل رہا ہے مشتری فیملی واسٹیٹس کے گھر کا حاکم ہو کر اپنے ہی ضلعی گھر حوت میں موجود ہے مگر ٹرانزٹ میں بارہویں گھر جو کے نقصانات ومصائب کا گھر میں ہے لہذا یہ پوزیشن مشکلات پیدا کرے گی یہ پوزیشن اکتوبر کے وسط تک رہے گی۔ اگر الیکشن اسکے بعد ہوئے تو شہباز شریف صاحب اپنا مقام پورے اعزاز کے ساتھ حاصل کر پائیں گے۔ اسکے لیے فی الوقت بہترین کسی خاص وقت پر پکھراج اور زمرد پہننا فائدہ مند ہے اور اسکے علاوہ نیلم اور موتی بھی۔ مزید محترم بلاول بھٹو صاحب کو میں فی الوقت خاص سیاسی مقام میں ان ہوتا نہیں دیکھ رہا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

مندرہ کی مزید تحقیق

تحریر:۔ خضر عباس بیاسی (راجن پور)

معزز قارئین کرام! اقلیم روحانیت کے عظیم ترین تاج دار، جناب امیر المومنین والمسلمین، اسد اللہ الغالب، علی ابن ابی طالب کی ذات والا صفات کے حضور ایک استغاثہ، ایک فریاد یعنے مندرجہ شاہ مرداں، آپ سب کے لئے بطور خاص تحفہ قلندری لے کر حاضر خدمت ہوں۔

مندرہ شریف کیا ہے؟

مندرہ شریف قلندری فقراء کا ایک خاص الخاص روحانی ونورانی وجلال عمل ہے۔ ایک دم جھاڑ کا عمل، ایک ورد خاص، ایک حصار، ایک کوٹ، ایک قلعہ، ایک جائے پناہ، ایک سیف قاطع یعنی کاٹنے والی تلوار ہے۔ اس کے وسیلے سے ہم ہر قسم کی بندش کو کھول سکتے ہیں۔ آئندہ کے لئے ہوائی چیزوں اور جادو کے وار روک اور بندش کر سکتے ہیں۔ ہر بلا کی گردن کاٹ سکتے ہیں۔ مندرہ شریف کے عامل کے جلال سے ہر قسم کی کالی بلائیں اور سفلی قوتیں ڈرتی اور کانپتی ہوئی اپنے قدیم سے قدیم استھان اور ٹھکانے چھوڑ چھاڑ کر دُم دبا کر بھاگ جاتی ہیں۔

لغت کے اعتبار سے

(1) پنجابی، ہندی، پوربی، زبانوں میں ہاتھوں کی انگلیوں میں پہننے والی چیز ہے انگوٹھی کو مُندری کہتے ہیں۔ (گرائمری کے لحاظ سے یہ مؤنث ہے اور اسم مصغر، اسم تصغیر ہے۔)

(2) اسی طرح مندرہ وہ چیز ہے جو انگوٹھی کی مثل گول اور مُندری سے کئی گنا بڑا ہو۔ (گرائمر کے لحاظ سے یہ مذکر اور اسم مکبر ہے۔)

(3) گول دائرہ، حلقہ، ملنگوں کے کانوں میں ڈالا جانے والا بڑا سا چھلا یا بالا بھی مندرہ ہی کہلاتا ہے۔

(4) صوبہ پنجاب میں قیام پاکستان سے قبل ہر بارہ (12) کوس یا ہر بیس (20) کلومیٹر کے فاصلے پر زبان کا لہجہ اور چیزوں کے ناموں کی ادائیگی میں زمین اور آسمان کا فرق پایا جاتا تھا۔ جس سے فوراً معلوم ہو جاتا تھا کہ کوئی بھی شخص کس علاقے یا قبیلے سے تعلق رکھتا تھا۔ اسی لحاظ سے ملنگ یا فقراء اپنے مخصوص علاقوں میں مندرہ شریف کو مختلف ناموں اور طریقوں سے یاد کرتے تھے۔ مثلاً گڑ امارنا، کڑ وامارنا، مندرنہ، مندرنا، مندر کرنا، کیل کرنا، کیلنا وغیرہ۔

پنجابی زبان میں

دم کرنے یا جھاڑنے کے عمل یا فعل و مندرنا یا مندر کرنا کہتے ہیں۔

اصلاحِ فقراء میں

مندرہ انسانوں یا جانوروں کی وبائی اور لاعلاج بیماریوں کے علاج کے لئے ایک حصار یا بندش کا عمل بھی ہے، جس میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روح پرفتوح سے استمداد کی نیت سے ایک استغاثہ اور فریاد کے طور پر دُعا کی جاتی ہے۔ مندرنے یا کیلنے یا کڑ امارنے کے طریقے بھی مختلف ہوتے ہیں۔ مثلاً:

(1) انسانوں کی بیماریوں میں علاج کرتے وقت عامل اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی سے گول دائرہ کی صورت میں متاثرہ جگہ پر درد، سوزش یا ورم کے باہر چاروں طرف اُنگلی گھماتا ہے۔ اس طریقے سے عامل کا مقصد مرض کو پھیلنے سے روکنے کی نیت سے ایک قسم کی بندش کرنا ہوتا ہے۔

(2) ایسا مکان یا دکان جہاں سحر۔ جادو۔ آسیبی اثرات وغیرہ ہوتے ہیں۔ عامل اس مکان یا دکان یا کھیت کے درمیان کھڑا ہو کر اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی کے اشارہ سے گول دائرہ کی صورت میں اپنی قوتِ خیال کے مطابق ایک حصار یا بندش کرتا ہے۔ بعض چاقو، چھری یا لاٹھی کی مدد سے زمین پر ایک لکیر لگاتے ہیں۔ جس کا مقصد جادو ٹونے کے وار کو روکنا ہوتا ہے یا ہوائی چیزوں کے اس مکان، دکان یا کھیت میں داخل ہونے کی بندش کرنا ہوتا ہے۔

قابل غور بات

یاد رکھیں اس عظیم ترین روحانی ونورانی عمل کی عظیم روحانیت سے ہر وہ

مرد یا عورت فائدہ اُٹھا سکتا ہے، جسے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ذات والا صفات سے بے حد اُلفت، محبت اور مودت ہو۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ عامل کا پیمانہ محبت جس قدر حب علی سے لبریز ہوگا اسی قدر وہ فیض یاب ہوگا۔ بے یقین، شکی مزاج، سست، کاہل اور ڈانواں ڈول عقیدت والا شخص رگز ہرگز اس عمل کی برکت سے مستفید نہیں ہوسکتا۔

اس عظیم روحانی عمل کا تعلق کسی مخصوص مسلک، گروہ یا عقیدے کے حامل افراد مثلاً، شیعہ یا سُنی وغیرہ سے نہیں ہے، بلکہ اس کا مطلوبہ معیار صرف عقیدت اور حُب علی رضی اللہ عنہ سے ہے۔ جیسا کہ حدیث شریف کی معتبر کتاب مسلم شریف میں بیان فرمایا گیا ہے۔ کتاب الایمان:۔ **باب الدلیل علی ان حب الانصار و علی رضی اللہ عنہم من الایمان و علاماتہٗ و بغضھم من علامات النفاق۔**

ترجمہ باب :۔ انصار رضی اللہ عنھما اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت رکھنا ایمان میں داخل ہے اور ان سے بغض رکھنا نفاق کی نشانی ہے۔

زکوۃ کی ادائیگی کا طریقہ

(1) اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور درمیان میں مندرہ شریف ایک سو دس (110) مرتبہ روزانہ پڑھا کریں اور ایک سو دس (110) دنوں کی ریاضت کے بعد آپ عامل بن جائیں گے۔

(2) زکوۃ کی ادائیگی کے بعد روزانہ صرف گیارہ (11) مرتبہ اوّل و آخر درود شریف پڑھ لیا کرنا تا کہ عمل قابو میں رہے۔ جب مریض کو دم کرو تو بھی گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ کسی خاص مقصد یا مجبوری کے تحت پڑھیں تو پھر ایک سو دس (110) مرتبہ پڑھا کریں۔

خون بہا یا صدقہ

بداثرات اگر انتہائی شدید ہوں تو پھر ایک عدد بکرا یا بکری کم از کم دو سال کی عمر ہو۔ صحت مند بطور صدقہ یا خون بہا ذبح کر کے اور فاتحہ اور ختم شریف دلا کر غرباء اور مساکین کو کھلائیں۔ اس سے خود عامل رجعت سے محفوظ رہتا ہے اور اہل خانہ بھی اس کی رُجعت سے محفوظ رہتے ہیں۔ بارہا میں نے آزمایا ہے کہ اگر فہم و فراست سے کام لیتے ہوئے عمل کے آغاز سے پہلے ہی صدقہ کر دیا گیا تو عمل کے نتائج حیران کن حد تک سامنے آئے ہیں۔ لہٰذا آپ بھی شدید صورت حال کے پیش نظر خون بہا یا صدقہ کا جانور پہلے ہی ذبح کر دیا کریں۔ ویسے بھی پیارے نبی ﷺ نے فرمایا! صدقہ رد بلا ہے۔

مندرہ شریف پیش خدمت ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شاہِ مرداں ، شیر یزداں، قوت پروردگار
لا فتی الا علی، لا سیف الا ذوالفقار
علی اسد اللہ الغالب ، علی ابن ابی طالب
علی مولا، مولا علی
اے ارواح انس و جاں!
رب سچے دا سنو! فرمان
رب فرمادے وچ قرآن
سچے آون تے جھوٹے جان
جاء الحق و زھن الباطل
ان الباطل کان زھوقا
جتھے جتھے دی پکاراں، یا علی
اوتھے آوندے، مولاعلی میرے پیشواء
آگئے مولا علی، شیر خدا
آگئے مولا علی، بحر عطا
چڑھے شہنشاہ تے بولے نقیب
نصر من اللہ و فتح قریب
مولا علی گئے تیغ لے کے دھا
مولا علی نے خیبر دا قلعہ دِتا ڈھا
مولا علی تے تگڑے تلنگے کافر دِتے مار
یا علی المرتضی ، یا علی مشکل کش
ھن میری وی مدد
کالا علم، کالی زباں تے بد نظر نوں مٹا
سحر، جادو، ٹونے سب کر دیو فناہ
دُور کرو! مسان ، جن بھوت تے ھر بلا
مٹی، پانی، اَگ، بادنوں اعتدال تے لیا
صدقہ حسنین پاک کل مرضاں توں دیھو چا شفا
بحق لی خمسۃ اطفی بھا
حرالوباء الحاطمۃ المصطفی والمرتضیٰ
وابنھما والفاطمۃ
درود بر سید عالم صلواۃ بر محمد و آل محمد

طریقہ علاج

(1) ہوائی چیزوں کے بداثرات مثلاً، آسیب، جنات، بھوت، پریت، مسان، جوگیوں، جوگنیوں اور سفلی مؤکلات کے سایہ کے علاج کیلئے۔

(الف) اوّل و آخر درود شریف تین مرتبہ اور مندرہ شریف گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ یہ پانی دن میں کئی بار مریض کو پلائیں۔

(ب) اسی طرح اوّل و آخر درود شریف تین مرتبہ اور مندرہ شریف گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس تیل کی مریض کے جسم پر مالش کرائیں اور کانوں میں بھی ڈالیں۔

(ج) اس طرح اوّل و آخر درود شریف تین مرتبہ اور مندرہ شریف گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر مریض کو دم کریں۔

(2) سحر، جادو، ٹونہ ٹیار، نظر بد کے مریض کے علاج کیلئے بھی اسی طرح پانی اور تیل پڑھ کر استعمال کرائیں۔ شدت مرض کی صورت میں دم بھی کریں

(3) تمام لاعلاج اور متعدی امراض کے مریضوں کو بھی اسی طرح پڑھ کر پانی اور تیل سرسوں استعمال میں لائیں اور شدت مرض کی صورت میں دم بھی کیا کریں۔

(4) جانوروں کی موسمی، وبائی اور متعدی (چھوت دار) بیماریوں کے علاج کے لئے بھی اسی طرح پڑھ کر پانی پلائیں اور دم کیا کریں۔ (نوٹ) جانوروں کے علاج کا مخصوص طریقہ بھی اس مضمون کے شروع میں لکھ چکا ہوں

(5) جن مکانوں، دکانوں اور کھیتوں میں آسیب یا جادو کے بداثرات ہوں وہاں پانی پر پڑھ کر دم کیا کریں اور وہ پانی اس جگہ کے چاروں طرف چھڑک دیا کریں۔ چند یوم کے مسلسل استعمال سے وہ جگہ بداثرات سے پاک ہو جائے گی۔

(6) اگر آپ کو یا آپ کے کسی عزیز کو مسائل، رنج و الم اور دشمنوں نے گھیر لیا ہو تو ہنگامی طور پر ایک سو دس (110) مرتبہ ایک ہی مجلس میں پڑھ کر دُعا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ مسئلہ بہت جلد حل ہو جائے گا۔

(7) سانپ، بچھو وغیرہ کے کاٹنے پر یا جلدی امراض کے لئے تیل پڑھ کر متاثرہ جگہ پر لگائیں۔

ضروری نوٹ :۔ میں نے حتی المقدور کوشش کی ہے کہ عام فہم زبان میں سمجھاؤں۔ اگر پھر بھی کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو پھر مجھ سے بذریعہ خط، ٹیلی فون رابطہ کریں۔

لوح فتح

دنیاوی پریشانی چاہے کسی بھی قسم کی ہو لوح فتح کی برکت سے چند منٹوں میں ہی ختم ہو جاتی ہے اس لوح کے پاس رکھنے سے مقدمات سے چھٹکارہ، مالی آسودگی، روزگار میں ترقی، قرض سے نجات، جسمانی صحت، گھریلو لڑائی جھگڑے سے نجات، من پسند شادی، حصول اولاد، دفع بندش کاروبار، غلبہ دشمن حاصل ہوتا ہے علم جفر کی اس معجزاتی لوح کی برکت سے کوئی ایسا کام نہیں کہ جس میں تاخیر ہو اس لوح کو عرصہ دراز سے آزمایا جا چکا ہے کہ جس کی برکت سے چند ہی دنوں میں بے شمار خوشیاں حاصل ہو جاتی ہیں۔ قدرت کا یہ ایک انمول تحفہ ہے۔ اپنی مشکلات اور پریشانیاں جوابی لفافہ کے ہمراہ نام مع والدہ کے ادارہ کو ارسال کریں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ادارہ روحانیات میں تیار کی جانے والی تمام الواح ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل صاحب اپنے دست مبارک سے تیار کرتے ہیں۔ ہدیہ لوح فتح 4200 روپے

0300-6351192

لوح تسخیر موکلات و جنات

اس لوح مبارک کی برکت سے چند ہی دنوں کے مختصر وظیفے سے مؤکلات و جنات کی تسخیر ہوتی ہے اور عامل کی روحانی قوتوں میں بے انتہاء اضافہ ہوتا ہے اس لوح سے آپ ہر قسم کی حاضرات بھی کروا سکتے ہیں اس کے علاوہ یہ لوح تسخیر خلق کیلئے بے انتہا کار آمد ہے شائقین روحانیات کے لئے انمول تحفہ ہے۔

ھدیہ لوح 4200 روپے

علم الاعداد اور آپ کی شخصیت

تحریر: سیدہ زہرا بتول کاظمی (نکانہ صاحب)

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	20

ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت
30	40	50	60	70	80	90	100	200	300	400

ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
500	600	700	800	900	1000

تمام تعریفیں اور حمد وثناء خالق کائنات کیلئے جو پوری کائنات کا رب ہے تمام حمد وثناء اُس رب العالمین کیلئے جس نے چہارہ معصومین کو اپنی حجت کے لئے پیدا کیا۔ تحفہ روحانیات کی بہنوں کیلئے ''**علم الاعداد آپ کی شخصیت پر کیا اثر رکھتا ھے**'' لے کر حاضر ہوئی ہوں۔ علم الاعداد ایک عددی سائنس ہے لیکن علم الاعداد غیب دانی اور پیش گوئی کا علم بھی ہے۔ اس کا تعلق علم النجوم، دست شناسی اور دیگر مخفی علوم سے ہے جو کہ علم الاعداد کی رہنمائی کرتا ہے ریاض اور شماریات کا تعلق سائنس سے ہے جو اعداد کے علم کے متعلق ہے یہ درست ہے کہ شماریات ہمیں مستقبل کے لئے فی نتیجہ پر پہنچنے میں مدد کرتے ہیں لیکن علم الاعداد ہمیں کسی فرد واحد یا قوم کے مستقبل کے باطنی اور پُر اسرار حالات کا بھی پتہ دیتا ہے وہ لوگ جو باطنی اور پُر اسرار علم النجوم پر یقین نہیں رکھتے وہ اسے مفروضہ یا فریبی تصور کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اعداد کا کسی فرد کے مستقبل یا زندگی کے حالات پر کوئی اثر نہیں ہوتا اور نہ ہی عدد کسی کی تقدیر کو متاثر کرتے ہیں۔ ایسے افراد کا خیال بالکل غلط ہے۔ ستاروں کی مدد سے پیش گوئی اور مستقبل کے حالات بیان کئے جاتے ہیں اور ہر ستارے کا تعلق کسی نہ کسی عدد سے ہوتا ہے، آسمانی کونسل میں سات ستارے ہیں۔

ستارے (Plants)	اعداد (Numbers)
(سورج) شمس Sun	5
(چاند) قمر Moon	3
عطارد (Mercury)	3
مریخ (Mars)	4،9
زہرہ (Venus)	2،7
مشتری (Jupiter)	6
زحل (Saturn)	8

اور اسی طرح انسان کے نام کا جو ذاتی عدد ہوتا ہے وہ شخصیت کا عدد کہلاتا ہے وہ عدد کسی نہ کسی فلکی ستارے کے تابع ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک نام لیتی ہوں عاصمہ ع+ا+ص+م+ہ

-7+ 1 + 90 + 40 + 5 = 206 (8)

8 عدد کا تعلق نحس ستارہ زحل سے ہے اگر 8 عدد والے فرد کی پیدائش ستارہ مشتری کے زیر اثر ہوئی تو تو اس کے نام کا عدد 8 ہونے کی وجہ سے ستارہ زحل اس کی زندگی میں محرومیاں، ناکامیاں اور طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا کر دیتا ہے۔ اس لئے والدین کو چاہئے کہ وہ اپنے بچوں کے نام صاحب علم سے رہنمائی حاصل کر کے تجویز کریں۔

دور حاضر میں اختلافات مابین زوجین اور گھریلو ناچاقیاں ازحد اضافے کے ساتھ مشاہدے میں ہیں۔ سوچنے کی بات ہے ایسا کیوں ہوتا ہے کیونکہ اعداد میں دوستی اور دشمنی کا اثر ہوتا ہے۔ اگر آپ کی شادی آپ کے ذاتی عدد کے موافق والے فرد سے ہو تو زندگی محبت وانائیت کے ساتھ کامیاب گزرتی ہے اگر آپ کی شادی آپ کے ذاتی عدد کے مخالف عدد والے انسان سے ہو تو انجام لڑائی جھگڑے، فساد کے بعد قتل یا خودکشی ہوتا ہے۔ آپ کی شادی آپ کے ذاتی عدد کے بے تعلق عدد والے فرد سے ہو تو انجام طلاق ہوتا ہے۔ اسی طرح اولاد کا نام ماں باپ کے موافق ہو تو اولاد سعادت مند اور تابع دار رہتی ہے اور اگر اولاد کا نام ماں باپ کے عدد کے مخالف ہو تو اولاد بغاوت پر اُتر آتی ہے اور ماں باپ طرح طرح کی پریشانیوں اور مصائب کھڑے کرتی ہے، ایسے ہر شخص کو چاہئے کہ وہ اپنی زندگی خوش حال گزارنے کے لئے کسی اہل علم انسان سے ضرور رہنمائی حاصل کریں۔ (نوٹ: صرف خواتین ہی فون پر رابطہ کریں۔)

طلسم خاص اولاد نرینہ

ہر شادی شدہ فرد کی خواہش ہوتی ہے کہ اُسے جلد سے جلد اولاد نرینہ حاصل ہو لیکن عرصہ دراز تک یا تو اولاد نہیں ہوتی یا پھر اولاد نرینہ کی خواہش دل میں رہتی ہے جس کی وجہ سے ایسے خواہشمند حضرات کے ہاں بیٹیاں ہی بیٹیاں پیدا ہوتی رہتی ہیں یہ قانون قدرت ہے لیکن حکمت سے اپنی اس خواہش کو خاص طریقہ سے بارگاہ الٰہی میں پیش کر کے پورا کیا جا سکتا ہے وہ لوگ جو کہ اب تک اولاد نرینہ سے محروم ہیں مجرب طلسم خاص برائے اولاد نرینہ کے ذریعے اپنی اس خواہش کو پورا کر سکتے ہیں۔

ھدیہ 7200 روپے

آسان مجرب عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

السلام علیکم کے بعد گزارش ہے کہ عورتیں آ کر کہتی ہیں آپ مردوں کے علاج لکھتے ہیں لیکن عورتوں کے مسائل حل ہونے کا علاج روحانی لکھیں، اس لئے یہ تمام عمل ہیں جو آپ مناسب سمجھیں عمل کریں۔

عمل نمبر1: مرد اپنی بیوی کے عشق مست ہو جائے مجرب عمل

عبارت عمل: **يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔**

ترکیب استعمال: اس قرآنی آیت اور دعا کو نو چندی پیر یا نو چندی جمعرات کو نماز عشاء کے بعد علیحدہ جگہ جہاں چھوٹے بچے پاس نہ ہوں پہلے گیارہ بار درود شریف ابراہیمی پڑھیں، پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم ایک بار پڑھیں پھر اُوپر لکھا ہوا عمل ایک سو دو بارہ تلاوت کریں، پھر اپنے عمل میں کامیابی کی دُعا کر کے گیارہ بار **اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ** پڑھ کر عمل مکمل کریں یہ طریقہ گیارہ دن کریں اس کے بعد سوا کلو زردہ پکائیں یعنی سوا کلو چاول خرید کر یہ کام کریں اور بچوں میں تقسیم کریں، عمل شروع کرنے سے پہلے آدھ کلو گوشت ویران جگہ ڈالنا ہے، یہ طریقہ ہر تیسرے دن کرنا ہے اور یہ عمل روزانہ بارہ بار تلاوت کرنا ہے اگر روزانہ نہ ہو سکے تو سات دن کے بعد آٹھویں دن لازمی تلاوت کریں، عمل کی تاثیر باقی رہے گی۔

استعمال ضرورت کا طریقہ:

نمک یا میٹھی چیز لے کر دو نفل مغفرت مومنین مومنات کی نیت کر کے ادا کریں، بیمار آدمی بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے، ہر رکعت میں پانچ پانچ بار سورۂ اخلاص تلاوت کرنا ہے، پھر سامنے شیرینی رکھ کر بارہ بار درود شریف ابراہیمی پڑھیں اور ایک سو دو بار یہ عمل تلاوت کریں، تعداد پوری کرنے کے بعد کہیں فلاں بن فلاں کا دل اپنی بیوی کے عشق میں بے قرار ہو یہ الفاظ تین بار کہہ کر شیرینی پر پھونک ماریں اور جب موقع ملے کھلا دیں، دوسرے دن بعد پھر یہی عمل کریں، کھلانے کے بعد سوا کلو برفی لے کر ایک سو ایک بارہ سورۂ اخلاص اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مومنین مومنات مسلمین مسلمات اور کلام کے موکلات جنات کو ہدیہ کر کے تقسیم کریں، گھر میں لڑائی کرنے والے مرد یا دھمکی دینے والا مرد راضی ہو جائے گا، عورتوں کے لئے اس سے آسان عمل شاید مشکل ملے کیونکہ سات دن کے بعد آٹھویں دن تو ہر کوئی پڑھائی کر سکتا ہے، جتنا ہی سست ہو صرف گیارہ دن پابندی ہے کوئی پرہیز نہیں جو چیز شریعت نے حلال کی ہے کھا سکتی ہیں جو منع ہے اس سے پرہیز کرنی ہے لیکن جائز جگہ استعمال کرنا شرط اوّل ہے ورنہ خود بیمار ہو گی۔

عمل نمبر2: شرارتی مرد کے شر سے بچنے کے لئے مجرب عمل

طریقہ عمل: اس عمل کو اپنے عمل میں لانے کے لئے سات دن ایک جگہ ٹائم ایک ہو، روزانہ فجر سے پہلے یا عشاء کے بعد علیحدہ جگہ باوضو بیٹھ کر ایک سو ایک بار درود شریف پڑھنا ہے، پھر ایک سو بار اُوپر والا عمل بغیر فلاں بن فلاں کے تلاوت کر کے ایک سو ایک بار درود شریف پڑھ کر دُعا کر کے زبان میں تاثیر ہو اُٹھ کھڑے ہوں، عورت مرد دونوں کر سکتے ہیں، سات دن کے بعد گیارہ بار سونے سے پہلے یا نماز عشاء کے بعد وِرد رکھیں، چلتے پھرتے جگہ پاک ہو پھر پڑھ سکتے ہیں چلہ کے بعد عمل سے پہلے دو کلو گوشت ویران جگہ یا نہر میں یا پانچ غریبوں کو تقسیم کر دیں، عمل ختم ہونے پر دو کلو مٹھائی پر عمل کر کے موکلات اور سرکار دو عالم حضرت محمد مصطفٰے **صلی اللّٰہ علیہ و آلہٖ و اصحابہ و بَارِک وَسَلِّمْ** دے کر تقسیم کریں۔ خود پڑھنا ہو تو گیارہ بار سورۂ اخلاص گیارہ بار سورۂ فاتحہ شریف اکیس بار درود شریف پڑھ کر سب بزرگوں کو ہدیہ کر کے بچوں بڑوں میں تقسیم کرے۔ اس کو استعمال کے دو طریقے ہیں ایک صبح شام تصور مرد کا کر کے اور نام والی جگہ نام بِنْ کے بعد اس کی ماں کا نام لیں، اگر ماں کے نام کا پتہ نہ ہو تو اس کے والد کا نام لیں، اگر والد کے نام کا پتہ نہ ہو تو **بِنْ** کے بعد **حَوَّا** لیں۔ ہر بار لینا ہے اکتالیس بار تلاوت کر کے تصور کر کے دم کریں، اگر کوئی راستے میں تنگ کرتا ہے تو تصور آدمی پر دم کر کے پھر راستے والی جگہ تصور کر کے دم کر دیا کریں صبح شام یہ عمل کریں، زیادہ خطرہ ہو تو ہر نماز کے بعد یہ عمل کریں، تنگ کرنا گھر میں شرارت کرنی چھوڑ دے گا، ہمت کر کے کریں اور فائدہ حاصل کریں۔

عمل نمبر3: مرد لڑائی کرنا، شرارت کرنا، شکایت کرنا چھوڑ دے، (تجربہ شدہ عمل)

عبارت عمل: یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ اَرْحَمْنِیْ رائی یَوْمِ الدِّیْنِ۔

طریقہ عمل: نوچندی جمعرات یا جمعہ کو نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد رجال الغیب کی طرف پشت کر کے دعا رجال الغیب کھڑی ہو پڑھے، یہ چیز آپ کو منزل جنتری اور جعفریہ جنتری میں مل جائے گی، یہ جنتری آپ کو ہر کتب خانہ میں مل جائے گی، یہ ادارہ سے رقم ارسال کر کے منگوالیں اور اس میں دیکھ کر ایک بار پڑھنا ہے، اس کے بعد بیٹھ کر بارہ سو بار اُوپر والی عبارت تصور مرد کا کر کے روز پڑھنا ہے، آخر میں تصور کر کے دم کرنا ہے، ساتویں دن اپنی آنکھوں سے اس عمل کا معجزہ دیکھیں گے، شرارت لڑائی دور ہوتی جائے گی، اس عمل کو ایک ماہ جاری رکھیں، ناغہ کے دن شمار کر کے جب نہا دھولیں پھر عمل پڑھنا شروع کریں جو عمل کر کے تنگ ہو چکی ہیں اور ہمت ہار چکی ہیں کریں لیکن شروع سے ایک کلو گوشت ایک کلو مٹھائی خیرات کرنی ہے پھر عمل شروع کریں تیس دن کے بعد دوبارہ ایک کلو گوشت ویران جگہ ڈالیں اگر دُور نہ جاسکیں تو اپنی چھت پر ڈال دیں، دوپہر کے وقت اور ایک بار فاتحہ شریف اور ایک سو بار درود شریف پڑھ کر بچوں میں مٹھائی تقسیم کریں، عمل جاری رہے گا اگر تیس سے زیادہ ضرورت ہو تو بلا خوف زیادہ دن تلاوت جاری رکھیں، کامیابی قدم چومے گی، اس عمل کو قائم رکھنے کے لئے روزانہ یا ساتویں دن تیس بار پڑھ لیں کریں اور ایک بار سورۂ فاتحہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر سب لوگوں کو ملک کر دیا کریں، عمل جاری رہے گا۔

عمل نمبر4: مرد کی طلاق کی دھمکی ختم کرنے کا عمل

عبارت عمل: رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰاحِمِیْنَ

طریقہ عمل: جس دن ضرورت ہو اسی کلام کو گیارہ سو بار شروع کرنا ہے، صبح نماز کے بعد اور سونے سے پہلے دُعا کرنا اپنے مطلب کی اس کے بعد اس کے دماغ پر دم کر دیا کرے، یہ طریقہ چالیس دن کرنا ہے، ناغہ کے دن جسم صاف ہونے، دوبارہ شروع کر کے پورے کرے ایک چلہ میں سرکش مرد تابع اور فرماں بردار ہوگا، شروع کرنے اور چالیس دن پورے ہونے پر چار غریبوں کو کھانا پکا کر گھر میں کھلانا ضروری ہے ورنہ رجعت یا کام نہ ہوگا اگر مشتری یا زہرہ کی ساعت میں شروع کرے تو زیادہ بہتر ہے، یہ چیزیں آپ کو جعفریہ جنتری اور منزل جنتری جو محترم محمد ایاز منزل حسین شاہ صاحب کی لکھی ہوئی ہے اس میں معلومات کے لئے آپ کو اور بھی چیزیں مل جائیں گی، خرید لیں۔

عمل نمبر5: خاوند ہر وقت خوش رہے، ناراض نہ ہو۔ (مجرب عمل)

عبارت عمل: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یا اللہ دُور کر لاچارگی سخت دل کو موم کر، پتھر ہووے موم۔ یا اللہ میرے من میں محمد میرے من میں یہ مصیبت میری حل کرو اور ایک پل میں **بَحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔**

طریقہ عمل: صبح کے بعد اور شام سونے سے پہلے گیارہ بار روزانہ اِس عمل کو پڑھ کر خاوند کے سینہ پر دم کر دیا کریں، مقصد پورا ہوتا رہے گا، اگر اِس کا چلہ کر کے عامل ہونا چاہئے تا کہ دوسروں کو فائدہ ہو تو گیارہ یا اکیس روز ایک جگہ بڑا گوشت کا پرہیز کر کے اور نوچندی جمعرات یا جمعہ یا پیر کو شروع کریں، دو کلو مٹھائی ہدیہ کر کے تقسیم کر کے شروع کرے، ہر جمعرات کو حسب توفیق یہ عمل ایصال ثواب کرتا رہے، اگر دوسرے کے لئے کرے تو جب یہاں پہنچے یہ مصیبت تو مرد اور اس کی بیوی کا نام لے کر اگلی عبارت تلاوت کر کے میٹھی چیز پر ایک سو ایک بار دم کر کے دے، اس طرح نام لے = یہ مصیبت فلاں عورت کی حل کرو ایک پل میں بحق کلمہ = یہ تبدیلی یعنی نام لے کر پڑھ کر دم کر کے دے دی جائے یہ عمل چلہ کے دوران تین تیرہ بار گیارہ روز پڑھنا ہے، پھر گیارہ بار اپنے عمل میں رکھے، تمام شکوے جاتے رہیں گے، ناکام عورت کے لئے یہ عمل آب حیات ہے، پہلے دو نفل ایصال ثواب مومنین مومنات ادا کرے تو زیادہ بہتر ہے، بڑا چلہ اکیس رات معمولی چلہ گیارہ روز کا ہے، پہلے نیت باندھے، اتنے دن کر سکتی ہوں، پھر اس پر مکمل کر کے کرے۔ (نوٹ: یہ جائز جگہ مدد دے گا، ناجائز سے باز رہیں۔)

تسبیح نگینہ اسم اعظم کی نگینہ کی مکمل تسبیح **العلی**

ہر شخص کا اسم اعظم خاص ہوتا ہے جو کہ وہ جاننا چاہتا ہے۔ اسم اعظم خاص کی برکت سے بیشمار مسائل حل ہوتے ہیں اگر کسی شخص کو اسم اعظم خاص معلوم ہو جائے تو وہ شخص انقلابی زندگی بسر کرتا ہے۔ اسی طرح ہر شخص کے مسائل اور مشکلات کے حل کیلئے اس کا لکی نگینہ یا پتھر ہوتا ہے جس کے پہننے سے مثبت اثرات زندگی میں پیدا ہوتے ہیں ہر طرح کے مسائل اور حادثات پر پیشانیوں سے انسان محفوظ رہتا ہے نگینہ اور پتھر کا استعمال انبیاء کرام اور اہل بیت اطہار سے ہوتا آیا ہے۔ اگر کوئی شخص اپنا اسم اعظم لکی نگینہ کی تسبیح پر ورد کرے تو تصور کریں کہ اس سے زیادہ خوشحال اور کامیاب شخص دنیا میں کوئی اور ہو سکتا ہے۔ تسبیح لکی نگینہ و اسم اعظم کی برکات سے ہر وہ خوشی جو اب تک خواہش رہی ہو فوری مل جاتی ہے۔

ہدیہ تسبیح لکی نگینہ و اسم اعظم 7200 روپے

اپنی تسبیح لکی نگینہ و اسم اعظم خاص ورد کے ساتھ منگوانے کیلئے ادارہ سے فوری رابطہ کریں یا ہدیہ منی آرڈر کریں۔

اخوت مسلم بھائی چارہ

تحریر
ایاز اشرف سیال
(چکوال)

آنحضرتؐ نے تو اپنی امت کو اللہ پاک کے حکم سے مسلمان بننے اور مسلمان ہی بنے رہنے کا حکم دیا ہے، مگر آج ہم لوگ شیعہ، سنی، دیوبندی، بریلوی، اور نجانے کیا کچھ بن چکے ہیں۔ اور ہر فرقہ ہر وقت دوسرے فرقے پر کیچڑ اچھالنے کی کوشش میں لگا رہتا ہے۔ مگر کبھی یہ نہیں سوچتے کہ دوسروں پر کیچڑ اچھالنے سے کیا ہمارے اپنے ہاتھوں پر کیچڑ نہیں لگے گا؟ اور اگر دل اور زبان سے کیچڑ اچھالا تو پھر ظاہر ہے وہاں سے بھی کیچڑ ہی اچھل کر جائے گا۔ اگر ہم اپنے مسلک کی مسجد میں پانچ وقت پابندی کے ساتھ نماز ادا کر لیتے ہیں تو کیا دوسرے مسلک والے کسی مندر، گرجا گھر یا ہیکل میں پوجا پاٹ کرتے ہیں؟ جو ہم انہیں اتنی نفرت وحقارت سے دیکھتے ہیں؟ ہر فرقہ دوسرے فرقے پر تنقید اور تمسخر ہی کرتا رہتا ہے... مگر کبھی یہ نہیں سوچتے کہ وہ بندہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی کتنی بندگی کرتا ہے؟ کتنے قیام، رکوع، سجود، صدقے، خیرات، تسبیح وتہلیل کرتا ہے؟ اللہ کی مخلوق سے کتنی محبت کرتا ہے؟ نبی پاکؐ اور ان کی آل پر کتنا درود بھیجتا ہے؟ اور اللہ رب العزت کے ہاں کتنا مقرب اور پسندیدہ ہوگا؟ مگر ہمیں تو بس ایک ہی چیز نظر آتی ہے کہ وہ ہمارے مسلک یا ہمارے عقیدے سے تعلق کیوں نہیں رکھتا؟ اس لیے وہ خارج از دین ہے۔

ایک دفعہ حضرت علیؓ سے کسی نے پوچھا کہ انسان بہت بُرا کب بنتا ہے؟ آپؓ نے فرمایا: جب وہ اپنے آپ کو بہت اچھا سمجھنے لگتا ہے۔ میں کسی بھی مسلک کی حمایت نہیں کر رہا اور نہ ہی کسی پر تنقید کر رہا ہوں۔ بلکہ ان شدت پسندوں کو دیکھ کر تو میرا دل خون کے آنسو روتا ہے... جو مذہب اسلام اور مسلک کے نام پر مسلمانوں میں اتنی نفرت پھیلا رہے ہیں۔ سچ کہوں تو ہم لوگ دینِ اسلام پھیلا نہیں رہے... بلکہ بانٹ رہے ہیں۔ خدارا میری ان تھوڑی سے باتوں یا نصیحتوں پر غور کرتے ہوئے ضرور عمل کریں۔ اور روحانیات کے طالب تو دونوں کان، دونوں آنکھیں، اور دل و دماغ کی ساری کھڑکیاں کھول میری یہ بات سمجھ بھی لیں وران پر عمل بھی کریں... ورنہ تو آپ کے لیے بہت سی مشکلات انتظار کر رہی ہیں۔ کیونکہ ایک تو وہ لوگ ہوتے ہیں... جو خود کو اللہ کے دین کے لیے وقف کر دیتے ہیں۔ مگر آپ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے اپنی رحمت سے منتخب کر کے دینِ اسلام کی اشاعت وتبلیغ اور خدمتِ خلق کے لیے پسند فرما لیا ہے۔ اور اگر آپ ہی اس کے ان بندوں سے نفرت کرتے ہوں... جن سے شاید وہ آپ سے بھی زیادہ محبت کرتا ہو تو بھلا آپ اس ذاتِ کریم سے کیا کچھ پانے کی توقع رکھ سکتے ہو؟ آپ لوگ صرف اس نقطہ پر غور کریں کہ کیا پتا آپ کو کس ہستی سے روحانی فیض مل جائے۔ لہٰذا اپنے آپ میں اتنی کشش اور جاذبیت پیدا کر لیں کہ اللہ کا نور اور اولیاء اللہ کا روحانی فیض آپ تک پہنچنے میں فرقہ واریت اور نفرت کی رکاوٹیں حائل نہ ہوں۔

اس وضاحت اور تمہید کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ ہر مسلک اور ہر فرقہ خواہ وہ غلط اور غلیظ اعمال کا مرتکب ہی کیوں نہ ہو... وہ درست ہے۔ کہنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ جو اعمال قرآن وسنت کے مطابق کیے جا رہے ہوں... ان کو جھٹلایا نہ جائے کیونکہ آیات معنی اور تفاسیر... اور احادیث کی شرح بیان کرنے میں فرق ہو سکتا ہے... مگر قرآن اور حدیث میں تو شائبہ تک نہیں۔ صرف ہم لوگ ہی ناقص العقل ہوتے ہیں۔ اور ہر فرقہ کے پاس قرآن وحدیث سے ثابت شدہ دلائل ہوتی ہیں۔ لہٰذا صرف اتنی سی بات ذہن میں رکھیں کہ بہت سی باتیں قرآن وحدیث سے ثابت شدہ ہوتی ہیں... اس لیے اول فول بکنے سے اجتناب کیا کریں۔ مگر جہاں پر غلطی ہو رہی ہو تو بندے کو خود بخود احساس ہو جاتا ہے۔ جیسے کہ عورتوں کو فوراً پتا چل جاتا ہے کہ فلاں مرد میں کس نیت اور ارادے سے دیکھ رہا ہے... اسی طرح ہر انسان میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہ چپ (CHIP) لگا دی ہے کہ جب بھی وہ غیر شرعی کام ہوتے ہوئے دیکھے گا تو اسے فوراً پتا چل جائے گا... مگر یہ اور بات ہے کہ ہم لوگ دیکھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں۔

کوئی بھی عالمِ دین... خواہ وہ کسی بھی مسلک یا فقہ سے تعلق رکھتا ہو... وہ کبھی بھی اسلام کی غلط تبلیغ نہیں کرتا، اور نہ ہی قرآن وسنت کی غلط تعلیم دیتا ہے۔ بیشک یہ اس کا ذریعہ معاش ہے... مگر وہ اللہ کی خوشنودی کے لیے دین کی تبلیغ کر رہا ہوتا ہے۔ مگر جتنا اس کی عقل اُس بات کو سمجھ رہی ہو... وہ اسی حساب سے وہ بات سمجھائے گا۔ اور سامعین میں سے بھی ہر کوئی اپنی عقل وفراست کے مطابق اس کی بات سمجھے گا۔ اب ان دونوں واسطوں میں جو بھی دانستہ یا غیر دانستہ غلطی کر رہا ہوتا ہے... اس کا علم تو رب تعالیٰ کو ہی ہوتا ہے۔ ورنہ تو مسلمانوں کا کوئی بھی فرقہ غیر اللہ کی عبادت کی تبلیغ کر ہی نہیں سکتا... اور نہ

سرکار ؐ کو اللہ کے برابر کرسکتا ہے...اور نہ کسی اور ہستی کو سرکار ؐ سے اعلیٰ مقام سمجھ سکتا ہے۔صرف اور صرف ہم لوگوں نے ہی اپنی کم عقلی اور ضد کی بنا پر کلمہ طیبہ اور درود شریف کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے ہر ٹکڑے سے اپنا ایک الگ فرقہ بنالیا ہے۔

مثلاً:۔ لَا اٰلہ اِلا اللہ محمدٌ الرَّسولُ اللہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ و اھلِ بیتہٖ و اذواجہٖ و ذُرِیَتِہٖ و طَاعَتِہٖ و اصحابہٖ اجمَعین۔

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے...محمد اللہ کے رسول ہیں یا اللہ درود بھیج محمد پر،اور ان کی آل پر،اور ان کے اہل بیت پر،اور ان کی اذواج پر،اور ان کی اولاد پر،اور ان کی اطاعت کرنے والوں پر،اور ان کے تمام صحابہ پر۔

اب کچھ لوگوں نے لا الٰہ الا اللہ کو ہی اپنا لیا ہے...اور کچھ نے صرف محمدٌ الرسول اللہ کو۔کچھ نے صلی اللہ علیہ وسلم کو...اور کچھ نے وآلہٖ وسلم کو۔

کچھ نے اہلِ بیت کو...اور کچھ نے اذواجہٖ کو۔کچھ نے ذُریتہٖ کو کچھ نے طاعتہٖ کو۔اور کچھ نے صرف اصحابہٖ اجمعین کو ہی اپنا ایمان بنایا ہوا ہے۔اب کیا ہم ان میں سے کسی کو غلط کہہ سکتے ہیں؟ ہاں مگر ادھورا ضرور کہیں گے۔ اور جو کچھ ہم نے چھوڑا ہوا ہے...وہ بھی بنی اسرائیل کی طرح محض اپنی ضد کی بنا پر چھوڑا ہوا ہے۔اسی لیے میں کسی مسلک یا فرقہ کے خلاف بات نہیں کرتا...بلکہ یک جہتی کی تعلیم دیتا ہوں۔کیونکہ دیکھنا یہ ہے کہ کس پر کہاں سے حجت تمام ہوئی۔کیونکہ کسی نے براہ راست حضرت محمدؐ سے دین سیکھا، کسی نے اہل بیت سے،کسی نے صحابہ کرام سے،کسی نے آئمہ معصومینؑ سے ،کسی نے آئمہ اربعین سے،کسی نے تابعین سے،اور کسی نے اولیائے کرام سے اور علمائے کرام سے دین سیکھا ہے۔مگر ہم لوگ تو کسی دوسرے مسلک کا نیک عمل بھی اپنانا گوارہ نہیں کرتے۔اگر دل میں وہ نیک عمل کرنے کی خواہش ہو تو اس عمل کا انداز ہی بدل دیتے ہیں۔مثلاً دینِ اسلام کا وہ علم (جھنڈا)...جو حضرت محمدؐ نے فتح خیبر کے موقع پر حضرت علیؑ کو عطا فرمایا تھا...اس کا رنگ سبز اور ساخت تکونی تھی۔اور حضرت غازی عباس علمدارؑ کو حضرت امام حسینؑ نے کربلا میں جو علم دیا تھا...وہ بھی سبز رنگ کا تکونی شکل کا تھا۔مگر آج کل میرے شیعہ بھائیوں نے وہی سبز علم کا لے علم سے بدل دیا ہے تاکہ کہیں سنیوں سے مشابہت نہ ہو۔حالانکہ کالا رنگ تو غم،دکھ، سوگ،اور ماتم کی نشانی ہے۔اسی طرح میرے سنی بھائیوں نے بھی سبز تکونے علم کو چار کونوں والا یا مستطیل بنا دیا ہے...تاکہ کہیں شیعہ حضرات کی مشابہت نہ ہو۔حالانکہ دینِ اسلام کا اصل علم سبز رنگ کا تکونہ علم ہے۔اور یہی علم حضرت محمد مصطفیٰ ؐ کا،حضرت علیؑ،اور حضرت غازی عباسؑ کا ہے۔کالا رنگ ماتم کی نشانی ہے اور سرخ رنگ حضرت امام حسینؑ کے خون کی نشانی ہے۔اس کے علاوہ حضور پاک ؐ نے مختلف غزوات میں مختلف رنگوں کے علم استعمال کیے ہیں۔

فقہ وار روحانیات

اکثر اوقات ہمارے ہاں ایسے موضوعات زیر بحث رہتے ہیں...جن کے وجود اور عقائد...روحانیات میں تو ممکن ہوتے ہیں...مگر کم علمی اور ضد کی بنا پر فقہ میں ہمیں ان کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔حالانکہ اگر اللہ کی معرفت ہو تو قرآن وحدیث کے مفہوم میں ہر بات کا جواب مل سکتا ہے۔اور اس سے ہٹ کر بھی اگر دیکھا جائے تو جن کاموں سے شریعت نے ہمیں منع کیا ہے۔وہ حرام ہیں اور سراسر حرام ہیں۔اس کے علاوہ وہ اعمال...جو 'مُباح' ہیں یعنی وہ اچھے کام...جن کے کرنے سے سنتِ نبویؐ کی خلاف ورزی نہ ہو۔ان کے کرنے میں کوئی حرج نہیں۔مگر بدعت یعنی دین میں کوئی نئی چیز داخل کرنا تو گناہ ہے۔مگر یہ ضروری نہیں ہے کہ جو بات آپ کی عقل تسلیم نہ کرے۔وہ غیر شرعی ہے۔مثال کے طور پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ جب گھوڑے پر سوار ہوتے تو ایک رکاب میں پاؤں ڈال کر دوسری رکاب میں پاؤں ڈالنے سے پہلے قرآن پاک کا ختم کیا کرتے تھے۔اب سوال کرنے والے تو یہی کہیں گے کہ یہ کیسے ممکن ہے؟ حالانکہ یہ تو مراقبہ اور زمان ومکاں کی حدوں سے آگے کی باتیں ہیں۔اور کسی جاہل کے نہ ماننے سے حقیقت تو نہیں بدل سکتی۔

الحمدُ للہ! میں نے' یسر قرآن' میں پورے قرآن کا ترجمہ لکھا ہے۔اور میں کوئی عالم یا مولوی نہیں بلکہ روحانی طور پر میری رہنمائی کی گئی اور اس میں ایسی ایسی چیزیں ظاہر کی گئیں جو آج تک مفسرین حضرات نے بھی بیان نہیں کیں۔سب لوگوں کا یہ ایمان ہے کہ حروف مقطعات کے معنی اللہ اور اس کا رسولؐ ہی جانتے ہیں۔اور جب انہوں نے ہی میری رہنمائی فرمائی ہے تو بھلا کیا ان کے معانی سے مجھے محروم رکھ سکتے ہیں؟ آپ کے علم کے لیے کچھ حروف مقطعات کے معنی بیان کرتا ہوں۔

(1) الم.....آل محمدؐ۔۔۔(2) الر.....آل رسولؐ۔۔۔(3) یٰسٓ..... درجات کے لحاظ سے ممتاز ہونے والا (ﷺ)

(4) طٰہٰ۔عبادات میں مشقت اٹھانے والا (ﷺ)۔۔۔(5) ص .... صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

شیطان مردود نے نوسو سال اللہ کی عبادت کی۔اور اس دوران اسے جو بہت علم عطا کیا گیا...مگر جب اسے جنت سے نکالا گیا تو وہ علم اس سے سلب نہیں کیا گیا۔اور اسی علم کی بنا پر وہ بنی نوع انسان کو بھٹکاتا رہتا ہے

۔ایک دفعہ وہ حضرت امام فخر الدین راضیؒ کے پاس انسانی صورت میں حاضر ہوا اور ان سے کہنے لگا کہ آپ اللہ کو کیوں مانتے ہیں؟ انہوں نے اللہ کی ربوبیت کی اور اس کی وحدانیت کی، اور اس کی حمد وثناء کے دلائل بیان کیے... مگر ابلیس لعین ہر دلیل کو اپنے علم کی بنا پر رد کر دیتا کہ یہ تو کوئی جواز نہیں ...یہ تو کوئی بات نہ ہوئی...وغیرہ وغیرہ۔حتیٰ کہ امام فخر الدین راضیؒ نے اس کے سامنے تین سو ساٹھ دلیلیں پیش کیں...مگر وہ رد کرتا رہا۔امام صاحبؒ کی اس کیفیت کو ایک اور ولیٔ اللہ نے بذریعہ کشف بھانپ لیا...اور وہیں سے ان کو آواز دیتے ہوئے فرمایا کہ یہ منحوس شیطان ہے۔اس سے کہیے کہ میں بغیر کسی دلیل کے اللہ کو مانتا ہوں۔جب امام صاحبؒ نے یہ کہا تو وہ فوراً بھاگ گیا۔حضرت جنید بغدادیؒ کو شیطان دیکھنے کا بڑا تجسس تھا۔ایک دفعہ شیطان ان کے سامنے اس طرح حاضر ہوا کہ انہوں نے دور سے ایک بے ڈھنگے آدمی کو آتا دیکھا۔جب وہ آدمی ان کے قریب آ گیا تو اس کے پاس سے آنے والی ناگوار بدبو اور اس کی نحوست سے حضرتؒ کو اس سے نفرت ہونے لگی۔شیطان نے حضرت کی کیفیت بھانپ لی اور کہنے لگا: آپؒ کیسے ولیٔ اللہ ہیں...جو اللہ کی مخلوق سے نفرت کا اظہار کر رہے ہیں؟ حضرت جنیدؒ نے اس سے پوچھا کہ تو نے حضرت آدمؑ کو سجدہ کیوں نہ کیا تھا؟ شیطان کہنے لگا: آپؒ کس طرح کے ولیٔ اللہ ہیں؟ کیا میں غیر اللہ کو سجدہ کرتا؟۔ حضرت جنیدؒ اس کی باتوں سے لاجواب ہونے لگے تو آپؒ کے مرشد نے آپ کی رہنمائی کی....جس سے شیطان فوراً غائب ہو گیا۔

جب یہ منحوس...اتنے بڑے بڑے اولیائے کرام پر حملے کر سکتا ہے...تو ہم بھلا کیا چیز ہیں۔مگر جب ہماری پشت پر بھی کسی مرشد کا ہاتھ اور نگاہِ کرم ہو گی تو یقیناً ہماری بھی غیبی رہنمائی ہو سکے گی۔اور اگر کوئی مرشد کو ہی نہ مانے تو ہم کیا کر سکتے ہیں۔جیسا کہ چراغ جلاتے وقت یہ نیت کی جائے کہ یا اللہ! یہ چراغ میں تیری شان میں جلا رہا ہوں۔یا پھر یہ چراغ میں فلاں ہستی کے درجات کی بلندی کے لیے جلا رہا ہوں...تو جب تک وہ چراغ جلتا رہے گا ...آپ کو اور اس ہستی کو ثواب ملتا رہے گا۔لہٰذا کسی بھی مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے چراغ روشن کیا جا سکتا ہے۔کیوں کہ کچھ لوگ تو مر کر مرحوم ہو جاتے ہیں اور کچھ لوگ مرحوم سے محرم بن جاتے ہیں...اور کچھ زندہ لوگ محرم سے بھی محروم ہو جاتے ہیں۔حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے مجھے خود یہ حکم دیا تھا کہ حضرت غازی عباسؑ کے درجات کی بلندی کا چراغ جلایا کرو۔اس دن سے میں نے حضرت غازی عباس سرکارؑ کے درجات کی بلندی کے لیے چراغ جلانا شروع کر دیا اور اس چراغی کے کچھ عرصہ بعد حضرت غازی عباسؑ نے مجھے عالمِ باطن میں بلا کر مجھے اپنے خاص غلاموں میں شامل کر لیا اور میری انگوٹھی کے نگینے پر ٹھیک کا نشان بھی لگا دیا۔یعنی پاس۔پھر کربلا میں ان کے روضہ مبارک پر باطنی دنیا میں ان سے ملاقات کا شرف حاصل کر کے ان سے ''طی الارض'' جیسی کرامت حاصل کی۔پھر پنجتن پاکؑ، بی بی زینبؑ اور حضرت غازی عباسؑ نے مجھے اپنے غلاموں میں شامل کر لیا۔پھر جب میں نے یسر قرآن مکمل کر لیا تو چہاردہ معصومین نے مجھے اپنے غلاموں اور اپنے وفاداروں میں شامل ہونے کا شرف عطا فرمایا۔جب مجھے یہ سب کچھ مل رہا ہے...تو میں کسی اور سے ان باتوں کا ثبوت کیوں مانگوں؟ اور کسی دوسرے کو ان باتوں پر کیوں قائل کرتا رہوں؟ اگر ان میں ہمت ہے...اور ان کی خوش نصیبی ہے تو وہ بھی یہ مقام حاصل کر لیں...

ورنہ انگور بہت کھٹے ہیں۔

لوح مزمل شاہ

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کا ورد کرے گا اس کی مصیبت کو دور کر دیا جائے گا۔

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اس کی غربت اور مفلسی کو دور کرے گا، جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہو گی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ! 170 لڑائیوں میں فتح اسی سورۃ مبارکہ کی بدولت حاصل کی۔اس سورۃ کی بدولت آپ کرم اللہ وجہہ نے خیبر کے دروازے کو اکھاڑ پھینکا۔

حضرت بصریؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ جو کوئی سورۃ مزمل پڑھنے پر ہدایت رکھتا ہو اسے جس قدر حاسد ظالم، جادوگر اور بدخواہ نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو وہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے سب مغلوب ہو جائیں گے۔

اس لوح کی برکت سے امراض سے نجات، مصیبت، پریشانی سے چھٹکارا، غربت و افلاس کا خاتمہ، مشکلات میں آسانی، دشمنوں پر غلبہ، حاسد ظلم، جادوگروں، خطرناک حملوں سے بچا رہے گا۔اس کے علاوہ بے شمار فضائل و برکات اس سورۃ مبارکہ کی ہیں۔لوح مزمل خاص کی برکت سے درج بالا تمام فیض آپ فوری طور پر حاصل کر سکتے ہیں۔

تمام الواح ماہر روحانیات وقت، خاص ورد کے بعد تیار فرماتے ہیں۔

ہدیہ / لوح 4200 روپے

ادارہ روحانیات

عبداللہ بک ڈپو، مین بازار لاڑکانہ 074-40115

تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ سے

محترم دوستوں عرصہ دراز سے تحفہ روحانیات کا وٹس ایپ گروپ بنایا گیا ہے جس میں روحانی قلمکار اور دوست شامل ہیں اس گروپ میں بہت سی مفید روحانی پوسٹ کی جاتی ہیں۔ مجلس مشاورت کے متفقہ فیصلہ سے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں ان شاءاللہ ہر ماہ 2 صفحات تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ کی میعاری اور معلوماتی پوسٹ شائع کی جائیگی۔

وہ دوست جو کہ تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ میں شامل ہونا چاہیں اپنے وٹس ایپ نمبر 92-300-6351192+ پر اپنے شہر اور نام کے ساتھ میسج کریں اور گروپ میں شامل ہونے کا پیغام بذریعہ وٹس ایپ میسج روانہ کریں۔

سمجھنے والوں کیلئے سونا اور نہ سمجھنے والوں کیلئے مٹی ذرا غور سے پڑھیں

انسانی دماغ روحانی علم کے مطابق انسان کا وجود تین پرتوں سے مل کر بنا ہے جو کہ روح جسم مثالی (Aura) اور مادی جسم کہلاتے ہیں۔

اسی مناسبت سے انسانی ذہن کے بھی تین حصے ہیں۔

جو کہ شعور لاشعور اور تحت الشعور کہلاتے ہیں۔

(1) شعور: ۔شعور اُس انسانی ذہن کو کہتے ہیں کہ جس کا تعلق مادی دماغ (Brain) سے ہے اور انسان اس سے مادی دُنیا میں کام کاج لیتا ہے اور دُنیاوی علوم وفنون حاصل کرتا ہے۔ اس کا تعلق بیداری یا جاگنے کے حواس سے ہے اور یہ زمان ومکاں (Time & Space) کے قید میں جکڑا ہوا ہوتا ہے۔

(2) لاشعور: ۔لاشعور انسانی جسم میں مثالی جو کہ ہمارا روشنیوں سے بنا ہوا جسم Aura بھی کہلاتا ہے۔ اُس کا دماغ ہے اسکا تعلق نیند یا خواب کے حواس سے ہے اور یہ کشش ثقل اور زمان ومکاں کی قید سے آزاد ہے۔ اس کی رفتار روشنی جتنی تیز ہوتی ہے اسکی فریکوئنسی اعرانی ہوتی ہے اور انسان مرنے کے بعد اسی جسم یعنی جسم مثالی کے ساتھ عالم اعراف میں زندگی گزارتا ہے۔

(3) تحت الشعور: ۔اسی طرح تحت الشعور انسانی روح کا دماغ کہلاتا ہے۔ روح جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں امر ربی قرار دیا ہے۔ روح کیونکہ زمان ومکاں کی قید سے آزاد ہے اس لئے انسانی تحت الشعور بھی زمان ومکاں کی قید سے آزاد ہے انسانی تحت الشعور میں ازل سے ابد تک اس کائنات میں جو کچھ ہو چکا ہے یا ہونے والا ہے اُس کا مکمل ریکارڈ بطور فلم کے موجود ہے۔

اگر انسان اپنے اختیار سے تحت الشعور تک رسائی حاصل کرنا چاہے تو اسے مراقبے کی مشق کرنی پڑیگی۔ جس کا تعلق ذہنی یکسوئی سے ہے امام غزالی نے ذہنی یکسوئی حاصل کرنے کیلئے اور روحانی ترقی حاصل کرنے کیلئے فرمایا تھا کہ ایک روشن شمع کو مسلسل دیکھا جائے یہاں تک کے اس شمع کی لو کو دیکھنے والا اپنے اردگرد کے ماحول اور اپنی ذات کو بالکل بھول جائے اُس کے بعد شمع کے تصور کو اپنی پیشانی پر لائے دائیں جانب اور پھر بائیں جانب پھر سر کے پشت کی جانب لے جائے اسی ذہنی یکسوئی کو حاصل کرنے کیلئے بدھ مذہب میں سانس کی آمد ورفت پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔ ہندو مذہب میں یوگا سے یہ کام لیا جاتا ہے جس میں پیشانی یا ناک کی نوک پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔ جبکہ مسلمانوں میں قوالی کے کچھ الفاظوں کی خاص انداز میں لے اور موسیقی کے ساتھ تکرار کی جاتی ہے یہ توجہ مرکوز کروانے کا ایک ذریعہ ہے۔ اس طرح ایک خاص کیفیت پیدا ہو جاتی ہے اس خاص کیفیت کو **حال** کہا جاتا ہے۔ ان تمام طریقوں پر زمانہ قدیم سے عمل کیا جارہا ہے۔ ماہر علم کے مطابق آج کے مغربی سائنس نے ان تمام طریقہ کار میں چھپے پوشیدہ رازوں سے کافی حد تک واقفیت حاصل کرلی ہے۔

مراقبہ کی نشست جمانے کیلئے سب سے پہلے پاک صاف ہوں غسل اور وضو کرلیں طہارت شرط اول ہے

2:۔ کچھ دیر اللہ کے سامنے اپنے آپکو حاضر کر کے کلمہ استغفار کا ورد رکھیں صلوۃ التوبہ ادا کریں۔

3:۔ چہار قل + آیت الکرسی + سورہ فاتحہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور یہ ہاتھ اپنے پورے جسم پر اچھی طرح پھیر لیں۔

4:۔ ذہن کو بالکل خالی کرلیں۔ کسی قسم کا کوئی خیال ذہن میں نہ ہو۔

اب آپ مراقبہ کیلئے تیار ہیں۔ کسی بھی ایک شہ پر اپنی توجہ مرکوز کرلیں۔ جب تک اکتاہٹ کا احساس نہ ہو یکسوئی کے ساتھ اپنی توجہ مرکوز رکھیں۔

کیا آپ ان 7 سوالوں کے جواب جانتے ہیں؟

سوال نمبر 1:۔ جنت کہاں واقع ہے؟

جواب:۔ جنت ساتویں آسمان کے اوپر ساتوں آسمان سے جدا ہے کیونکہ ساتوں آسمان قیامت کے دن فنا یعنی ختم ہونے والے ہیں۔ جبکہ جنت کو فنا نہیں۔ ہمیشہ رہنے والی ہے جنت کی چھت عرش رحمٰن ہے۔

سوال نمبر 2:۔ جہنم کہاں واقع ہے؟

جواب:۔ جہنم ساتوں زمین کے نیچے ہے۔ یہ ایسی جگہ ہے جس کا نام سجین ہے۔ جہنم جنت کے بازو میں نہیں ہے جیسا کہ بعض لوگ سوچتے ہیں ہم جس زمین پر رہتے ہیں یہ پہلی زمین ہے اس کے علاوہ چھ زمینیں اور ہیں۔ جو کہ ہماری زمین سے الگ اور جدا ہیں۔

سوال نمبر 3:۔ سدرۃ المنتہیٰ کیا ہے؟

جواب:۔ سدرہ عربی میں بیری اور بیری کے درخت کو کہتے ہیں المنتہیٰ یعنی آخری حد' یہ بیری کا درخت وہ آخری مقام ہے جو مخلوقات کی حد ہے اس سے آگے حضرت جبرائیلؑ بھی نہیں جا سکتے۔ سدرۃ المنتہیٰ ایک عظیم الشان درخت ہے جس کی جڑیں چھٹے آسمان میں اور اونچائی ساتویں آسمان سے بھی بلند ہے اس کے پتے ہاتھی کے کان جتنے اور پھر بڑے گھڑے جیسے ہیں۔ اس پر سنہری تتلیاں منڈلاتی ہیں۔ یہ درخت جنت سے باہر ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت جبرائیلؑ کو اسی درخت کے پاس ان کی اصل صورت میں دوسری مرتبہ دیکھا تھا۔ جبکہ پہلی بار آپ ﷺ نے حضرت جبرائیلؑ کو مکہ مکرمہ میں مشرقی جانب مقام اجیاد پر دیکھا تھا۔

سوال نمبر 4:۔ حورعین کون ہیں؟

جواب:۔ حورعین جنت میں مومنین کی بیویاں ہونگی یہ نہ انسانوں میں سے اور نہ جنات میں سے ہیں اور نہ ہی یہ فرشتہ ہیں اللہ تعالیٰ نے انہیں مستقل پیدا فرمایا ہے اگر دُنیا میں ان میں سے کسی ایک کی محض جھلک دکھا دی جائے تو مشرق اور مغرب کے درمیان روشنی ہو جائے۔ حور عربی زبان کا لفظ ہے حوراء کی جمع ہے۔ اس کے معنی ایسی آنکھ جس کی پتلیاں نہایت سیاہ ہوں اور ان کے اعتراف نہایت سفیدی ہو اور عین عربی میں عیناء کی جمع ہے۔ جس کے معنہ بڑی بڑی آنکھوں والی۔

سوال نمبر 5:۔ ولدان مخلوق کون ہیں؟

جواب:۔ یہ اہل جنت کے خادم ہیں یہ بھی نہ جنات نہ انسان نہ فرشتے انہیں بھی اللہ تعالیٰ نے اہل جنت کیلئے مستقل پیدا فرمایا ہے یہ ہمیشہ ایک ہی عمر کے بچے رہیں گے۔ ان کی تعریف قرآن میں ایسی ہے جیسے کے بکھرے ہوئے موتی۔ اس لئے انہیں "**ولدان مخلدون**" کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر 6:۔ اعراف کیا ہے؟

جواب:۔ یہ جنت کی ایک چوڑی فصیل ہے جسکو اعراف کہا جاتا ہے اس پر وہ لوگ ہونگے جن کے نیک اعمال اور برائیاں دونوں برابر ہونگی یہ ایک طویل عرصہ تک اس پر رہیں گے۔ اللہ سے اُمید رکھیں گے کہ اللہ تعالیٰ انہیں بھی جنت میں داخل کر دے انہیں وہاں بھی کھانے پینے کیلئے دیا جائیگا پھر ایک طویل عرصہ بعد اللہ تعالیٰ انہیں اپنے فضل سے جنت میں داخل کر دیگا۔

سوال نمبر 7:۔ قیامت کی مقدار اور لمبائی کتنی ہے؟

جواب:۔ 50 ہزار سال کے برابر قیامت کے دن کی لمبائی ہے جیسا کہ قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

تعرج الملکۃ والروح الیہ فی یوم کان مقدارہ خمسین الف سنۃ

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ" قیامت کے 50 موقف ہیں اور ہر موقف ایک ہزار سال کا ہوگا"

جب آیت **یوم تبدل الارض غیر الارض والسموات** نازل ہوئی تو حضرت عائشہؓ نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا" یارسول اللہ ﷺ جب یہ زمین و آسمان بدل دیئے جائیں گے تب ہم کہاں ہونگے" آپ ﷺ نے فرمایا" تب ہم پل صراط پر ہونگے" پل صراط پر سے جب گزر ہوگا اس وقت صرف تین جگہیں ہونگی۔

(1) جہنم (2) جنت (3) پل صراط

آپ ﷺ نے فرمایا کہ سب سے پہلے میں اور میرے اُمتی پل صراط کو طے کریں گے۔

پُل صراط کی تفصیل

قیامت میں موجود آسمان اور زمین بدل دیئے جائیں گے اور پُل صراط سے گزرنا ہوگا جہاں صرف دو مقام ہونگے۔ جنت اور جہنم

جنت تک پہنچنے کیلئے لازماً جہنم کے اوپر سے گزرنا ہوگا جہنم کے اوپر ایک پُل نصب کیا جائیگا اسی کا نام" الصراط" ہے اسی سے گزر کر جب اُس پار پہنچیں گے تو وہاں جنت کا دروازہ ہوگا جہاں نبی کریم ﷺ موجود ہونگے۔ اہل جنت کا استقبال فرمائیں گے۔

پُل صراط درج ذیل صفات کا حامل ہوگا۔

(1) بال سے زیادہ باریک ہوگا

(2) تلوار کی دھار سے زیادہ تیز ہوگا۔

(3) سخت اندھیرے میں ہوگا' اس کے نیچے گہرائیوں میں جہنم میں بھی نہایت تاریکی ہوگی، سخت بپھری ہوئی اور غضب ناک ہوگی۔

(4) گنہگار کے گناہ اس پر سے گزرتے وقت مجسم اس کی پیٹھ پر ہونگے۔ اگر اس کے گناہ زیادہ ہونگے تو اس کے بوجھ سے اس کی رفتار ہلکی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس صورت میں اپنی پناہ میں رکھے اور جو شخص گناہوں سے ہلکا ہوگا تو اس کی رفتار پل صراط پر تیز ہوگی۔

(5) اس پل کے اوپر انگارے لگے ہوئے ہونگے اور نیچے کانٹے ہونگے۔ جو اسکے قدموں کو زخمی کر کے متاثر کریں گے۔ لوگ اپنی بداعمالیوں کے لحاظ سے اس پل سے متاثر ہونگے۔

(6) لوگوں کی بے ایمانیوں، در بداعمالیوں کی وجہ سے ان کے پیر پھسل کر جہنم میں گہرے گڑھے میں گر رہے ہونگے۔ ان گرتے ہوئے لوگوں کی بلند چیخ و پکار سے پل صراط پر دہشت طاری ہوگی۔ رسول اللہ ﷺ پل صراط کے دوسری جانب جنت کے دروازے پر موجود ہونگے۔

جب تم پل صراط پر پہلا قدم رکھ رہے ہونگے آپ ﷺ تمہارے لئے اللہ سے دعا طلب کر رہے ہونگے آپ ﷺ فرمائیں گے "**یا رب سلم یا رب سلم**" آپ بھی نبی کریم ﷺ کیلئے درود پڑھیں۔

اللھم صل وسلم علی الحبیب محمد

لوگ اپنی آنکھوں سے اپنے سامنے بہت سے لوگوں کو پل صراط سے گرتا ہوا دیکھیں گے اور بہت سو کو دیکھیں گے کہ وہ اس سے نجات پا گئے۔

بندہ اپنے والدین کو پل صراط پر دیکھے گا لیکن اُن کی کوئی فکر نہ کریگا وہاں تو بس ایک ہی فکر ہوگی کہ خود پار ہو جائے۔

روایت میں ہے کہ حضرت عائشہؓ قیامت کو یاد کر کے رونے لگیں رسول اکرم ﷺ نے پوچھا عائشہؓ کیا بات ہے؟

حضرت عائشہؓ نے فرمایا! مجھے قیامت یاد آ گئی' یا رسول ﷺ کیا ہم اپنے والدین کو یاد رکھیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا! ہاں یاد رکھیں گے، لیکن وہاں تین مقام ایسے ہونگے جہاں کوئی یاد نہ رہے گا۔

(1) جب کسی کے اعمال تولے جائیں گے۔

(2) جب نامہ اعمال دیئے جائیں گے۔

(3) جب پل صراط پر ہونگے۔

دنیاوی فتنوں کے مقابلے میں حق پر جمے رہو دنیاوی فتنے تو سراب ہیں۔ ان کے مقابلہ میں ہمیں مجاہدہ کرنا چاہیے ہر ایک کو دوسرے کی جنت حاصل کرنے میں مدد کرنی چاہیے جس کی وسعت آسمانوں اور زمینوں پر بھی بڑھی ہوئی ہے۔

پاکستانی قوم متوجہ ہو

توقع کے عین مطابق عالمی بینک نے کشن گنگا ڈیم کی تعمیر پر پاکستان کی شکایت اور شواہد کو ناکافی قرار دے کر مسترد کر دیا ہے یہ پاکستان کی بھارت سے سفارتی محاذ پر ایک بڑی شکست ہے۔ کشن گنگا ڈیم کی تعمیر 2009ء میں شروع ہوئی جب پیپلز پارٹی کی حکومت تھی مسلم لیگ (ن) مضبوط اپوزیشن تھی۔ 2011ء کے بعد 2 سال تک یہ کیس عالمی عدالت میں چلتا رہا لیکن بلا آخر عالمی ثالثی عدالت نے نہ صرف پاکستان کے اعتراضات مسترد کئے بلکہ بھارت کو پانی کا رُخ موڑنے کی اجازت دے دی۔ یاد رہے کہ یہ وہ دور تھا جب بھارت کو پسندیدہ ملک قرار دیا جا رہا تھا۔ خارجہ امور کا قلمدان میاں نواز شریف کے پاس تھا بھارت نوازی کی داستان صرف یہیں پر ختم نہ ہوئی بلکہ دریائے سندھ پر بنائے جانے والے متنازع پن بجلی کے منصوبے نیو بازگو کے خلاف بھی اُس وقت کے وزیراعظم کے احکامات کے مطابق عالمی عدالت میں جانے سے روک دیا گیا۔ ''خوامخواہ اس کیس پر وقت ضائع ہوگا'' بھارت نے یہ منصوبہ مکمل کر لیا یہی نہیں بلکہ اس دوران جنگ کا منصوبہ بھی تکمیل کو پہنچ گیا اور ہم صرف بھارت سے پینگیں بڑھانے کے کواب دیکھتے رہے۔ میں عموماً سیاسی شخصیات پر تنقید سے اجتناب کرتا ہوں لیکن گزشتہ ایک دہائی میں ذراعت اور آبی وسائل کی زبوں حالی کو دیکھ کر خون کھول اُٹھتا ہے مسلم لیگ (ن) کی ذمہ داریوں کا ذکر کر لیں کہ اس دور میں بھارت صرف دریائے سندھ پر 14 چھوٹے ڈیم اور 2 بڑے ڈیم مکمل کر چکا ہے یہی وجہ ہے کہ منگلا ڈیم اکتوبر 2017ء سے خالی پڑا ہے۔ جبکہ تربیلا ڈیم بھی اس وقت بارش کا محتاج ہے یہ کہانی یہیں ختم نہیں ہوتی۔ پانی کے حوالہ سے ہمارا مستقبل بہت دردناک ہے 2 سال قبل بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے بیان دیا تھا کہ وہ پاکستان کو پانی کی بوند بوند کیلئے محتاج کر دیگا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اس پر عمل کر رہا ہے بھارت دریائے چناب پر سلال ڈیم اور بگلیہار ڈیم سمیت چھوٹے بڑے گیارہ ڈیم مکمل کر چکا ہے دریائے جہلم پر وولر بیراج اور ربڑ ڈیم سمیت 52 ڈیم بنا رہا ہے چناب پر مزید 24 ڈیموں کی تعمیر جاری ہے اسی طرح آگے چل کر مزید 190 ڈیم فزیبلٹی رپورٹ لوگ سبھا اور کابینہ کمیٹی کے پروسیس میں ہے۔

یہ سب کچھ ہمارے سیاست دانوں اور حکمرانوں کی آنکھوں کے سامنے ہو رہا ہے لیکن کسی کو اس سے غرض نہیں۔

پیچش Dysentery

امراض کا علاج بذریعہ غذا

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

قارئین تحفہ روحانیات! سبزیوں اور پھلوں کی افادیت پر آپ لوگ میرے کافی مضامین پڑھ چکے ہیں اب قارئین کی پرزور فرمائش پر غذا سے بیماریوں کے علاج پر ایک نیا سلسلہ شروع کیا ہے اُمید ہے آپ پہلے کی طرح حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔ اگر کسی بھی شخص کو کوئی ایسا پیچیدہ مرض لاحق ہو جس کا کوئی علاج نہ ہو تو وہ آفس تحفہ روحانیات میں ''شعبہ علاج بلغذا'' کے عنوان سے اپنا خط ارسال کریں ان شاءاللہ اُس کا جلد اور بہتر حل نکال کر دے دیا جائیگا۔

علامات:۔پیچش میں مبتلا مریض کو بھوک کم لگتی ہے۔ بہت زیادہ کمزوری محسوس ہوتی ہے۔ ابتدا میں تھوڑی مقدار میں بار بار دست آتے ہیں پیٹ میں اینٹھن والا درد اٹھتا ہے۔ دستوں میں سفید رنگ کا مواد جیسے میوکس کہتے ہیں نکلتا ہے۔ یہ میوکس چکنا ہوتا ہے۔

وجوہات:۔پیچش کی سب سے بڑی آنت اور ایلیم کے نچلے حصے میں سوزش ہوتی ہے۔

غذا سے علاج:۔پیچش میں دستوں کو روکنے کی دوا استعمال نہیں کرنی چاہئے کیونکہ دستوں کے ساتھ آنوں (میوکس) خارج ہو جاتا ہے جو ایک زہر ہے۔ اگر ان دستوں کو دوا دے کر روک دیا جائے تو مریض کے ہاتھ پاؤں سوج جاتے ہیں۔ یرقان تلی (طحال) کی خرابی، ہلکا، بخار، جگر کی خرابی، بھوک کا مرنا، کوڑھ اور جلودھر جیسے کئی امراض پیدا ہو جاتے ہیں آنتوں میں کثیر مقدار میں فضلہ جمع ہونے سے پیچش ہو جاتی ہے۔ قدرت اس جمع شدہ فضلے کو نکال کر پیٹ صاف کرنا چاہتی ہے لہذا قدرت کے کام میں رکاوٹ پیدا کرنے کی بجائے مدد کرنی چاہئے۔

کچے انڈے کی سفیدی نہار منہ نگل لینی چاہئے۔

تیز پتی کی چائے بغیر دودھ چینی ملائے پینی چاہئے۔

ایک پیالہ پانی میں **تازہ لیموں** نچوڑ کر دن میں تین بار پیتے رہنا فائدہ مند ہے۔ **دودھ میں لیموں** نچوڑ کر پینا چاہئے۔

میتھی کے پتوں کا رس 60 گرام میں 6 گرام چینی ملا کر پینے سے تکلیف دور ہو جاتی ہے۔ **میتھی کے پتے** گھی میں تل کر کھانے سے خونی دست رک جاتے ہیں۔

پیچش کی تکلیف میں **چاول عمدہ غذا** ثابت ہو جاتے ہیں۔

15 گرام **انار کے چھلکوں** میں دو لونگ ملا کر پیس لیں دونوں کو ایک گلاس پانی میں خوب ابال کر چھان لیں۔ آدھا کپ روزانہ تین بار پینا موثر رہتا ہے۔ **لسی (چھاچھ) میں زیرہ** ڈال کر پلانے سے یا زیرہ بھون کر پیس لیں ایک چمچ زیرہ اور یک چمچ شہد ملا کر کھانے کے بعد چاٹ لینے سے پیچش کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ پیچش میں **بھنڈی کی سبزی** مفید رہتی ہے۔ اس سے آنتوں کی خراش دور ہو جاتی ہے **کھجور میں دھی** ملا کر کھانا فائدہ پہنچاتا ہے۔ **آم کی گٹھلی** پیس کر چھاچھ (لسی) میں ملا کر استعمال کرنے سے خونی پیچش میں افاقہ ہو جاتا ہے۔

تازہ دھی میں پیاز دھو کر ملا کر کھانا خونی پیچش سے افاقہ ہو جاتا ہے۔

جامن کی گٹھلی 20 گرام پانی میں پیس کر صبح و شام پلائیں۔ بیر کھانے سے آنتوں کے زخم اور خونی پیچش شفایاب ہو جاتے ہیں۔

گنے کے رس میں انار کا رس شامل کر کے پیتے رہنے سے خونی پیچش کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

چھوٹی ہرڑ اور سونگ گھی میں بھون کر اور مصری ملا کر روزانہ ایک چمچ گرم پانی سے لینا موثر ہے۔

چنے کا چھلکا دو مٹھی میں دو گلاس پانی ملا کر مٹی کے برتن میں رات بھر بھگو کر رہنے دیں صبح یہ پانی چھان کر پی لینے سے جلن اور گرمی کی وجہ سے دستوں میں خون آنا بند ہو جاتا ہے۔

خونی دستوں میں سونف پیس کر پانی میں ملا لیں اس پانی سے گندم کا آٹا گوندھ کر روٹی پکا کر کھانا مفید ہے۔

نیم گرم پانی میں نارنگی کا چھنا ہوا رس ملا کر پینے سے شدید سے شدید پیچش کا مرض دور ہو جاتا ہے۔

دھنیا 15 گرام پیس کر اس میں 12 گرام، صری ملا کر پانی میں حل کر کے پی لینا مفید علاج ہے۔

دیگر علاج:۔پیچش کے مرض میں درج ذیل پھلوں کا باقاعدہ استعمال فائدہ پہنچاتا ہے۔

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ

حروف۔ا،ل،ع،ی۔پتھر، مرجان۔مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) قریبی عزیز و اقارب سے معمولی بات پر جھگڑا ہو سکتا ہے۔محتاط رویہ اپنانا ہوگا۔تیز دھار آلات اور آگ سے محتاط رہیں۔ان ایام میں مالی نقصان ہو سکتا ہے اور کوئی بھی کیا گیا نیا کاروبار فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ملازم پیشہ لوگ اپنے افسران سے بنا کر رکھیں تو فائدہ ہو سکتا ہے۔کئی نئی تعلیمی یا تربیتی اسکیم میں حصہ لینے کے لیے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔رومنہ کے کاموں کے دوران حادثہ پیش آنے کی یا صحت کو نقصان پہنچانے کی نشاندہی کر رہے ہیں ترکہ ملنے والا ہے یا کسی قسم کی قانونی ادائیگی ہونے والی ہے۔(9 تا 16) اس ہفتہ زائد ذمہ داریوں کو بآسانی پورا کر سکیں گے کام کی طرف بھرپور توجہ دینے خاص مقاصد کو بھرپور طریقے پر آگے بڑھانے کے لیے یہ سب سے بہترین وقت ہو گا۔اگر ترقی کا اچانک موقع ملا تو یہ سب سے بہتر وقت ہوگا۔اگر موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں تو اس کا شروع اس مقصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔اگر کسی کام کیلئے مزدوروں، پلمبروں، الیکٹریشن یا آرائش کرنے والوں کی خدمات حاصل کرنا چاہتے ہیں یہ وقت جلد اور بہتر طریقے سے کام کی تکمیل لائے گا۔ (17 تا 25) ان ایام میں ریڑھ کی ہڈی اور کمر میں درد کی شکایت ہو سکتی ہے شراکتی امور میں محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ان دنوں میں قرض لینا وبال جان ثابت ہو سکتا ہے جو کچھ جتنا ہے اتنے میں ہی گزارا کریں۔بحث و تکرار سے گریز کریں۔(26 تا 31) اس ہفتہ سخت مخالفت کا سامنا ہوگا۔روزگار سے متعلقہ معاملات کو شروع ہفتہ سے اہمیت رہے گی اہم کاموں کو مکمل کرنے اور کوششوں میں تیزی لانے کیلئے موافق ثابت ہوگا۔یورانس کا کام اصول میں تبدیلی لانا ہے۔رسوم کو ختم کرنا اور حقیقت پسندانہ تبدیلی لانا ہے سوچ کے نئے انداز لاتا ہے۔کاروباری شراکت ماسوائے نقصان کے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ

حروف۔ب،و۔پتھر، الماس۔مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) ان ایام میں اعلیٰ تعلیم کے حصول میں رکاوٹیں نظر آتی ہیں غیر ملکی سفر کے سلسلہ میں رکاوٹوں کا حائل ہونا پایا جاتا ہے۔اگر سفر پیش آ گیا تو تکلیف دہ ثابت ہوگا۔کاروباری امور کی انجام دہی حسب منشاء نہ ہو سکے گی ہر قدم احتیاط کا طالب ہوگا نیا کاروبار کرنا بھی سودمند ثابت نہ ہوگا البتہ پہلے سے جاری مشترکہ مفاد کے پروگراموں کے ذریعہ فائدہ ملے گا۔دوستوں میں سے اکثر کی طرف سے دھوکہ دہی کا خدشہ ہے (9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔اہل خانہ کے ساتھ سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔کسی بھی قسم کا کوئی بھی مسئلہ ہو آپ بزرگوں کی راہنمائی ضرور لیں اپنی مرضی سے کوئی خاص فیصلہ نہ کریں۔کسی معاہدہ پر دستخط کرنے سے پہلے اچھی طرح کاغذات کی پڑتال کریں صدقہ لازمی دیں۔ملازمین پر بھروسہ نہ کریں۔مشترکہ کاروبار میں منافع حاصل کر سکیں گے کاروبار میں معاون افراد سے فائدہ حاصل کر سکیں گے۔(17 تا 25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے اس نظر کے تحت ان ایام میں خواتین کو اچانک رقم مل سکتی ہے یا وہ لوگ جو انعامی اسکیموں میں حصہ لیتے ہیں کسی خاتون کے نام سے حصہ لیں تو انہیں با آسانی کامیابی مل سکتی ہے۔آمدنی میں اضافہ ہوگا۔عشق و محبت کے معاملات کامیاب ہو سکتے ہیں۔اس ہفتہ کاروباری اور سرمایہ کاری کرنے کیلئے نت نئے مواقع ملیں گے۔(26 تا 31) اجنبی چہروں پر اعتماد کرنے سے حتی الامکان گریز کریں۔جائیداد سے متعلقہ مسائل احتیاط سے حل کئے جا سکتے ہیں غلط فیصلے نقصان دہ ثابت ہونگے۔ترقی و توسیع کی کوششیں ناکام رہیں۔اس ہفتہ کے ابتدائی ایام میں کسی اہم شخصیت سے ملاقات ہو سکے گی۔دشمن تاک میں ہے جتنا ہو سکے احتیاط کریں۔

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

جوزا

(یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد مقابلہ مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ ایسے تمام امور جو کہ محبت' دوستی سے متعلقہ ہو۔ بہت نازک صورتحال اختیار کر جائینگے۔ ان ایام میں معدہ کے امراض' سینے کی جلن خواتین میں امراض مخصوصہ بڑھ سکتے ہیں۔ احتیاط علاج سے بہتر ہے۔ تنہائی سے نکلیں اور دوستوں میں وقت گزاریں۔ پست حوصلوں سے جینا کوئی جینا نہیں لوگ کیا کرتے ہیں۔ اس پر دھیان نہ دیں۔ (9 تا 16) اس ہفتہ عطارد تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں جادوئی حملے ہو سکتے ہیں جس میں آپ کو تباہ و برباد کیا جا سکتا ہے مالی نقصان بھی متوقع ہے کاروبار بند کرنا یا آپ کے دل و دماغ پر خوف دہشت مسلط جیسے اقدامات کئے جا سکتے ہیں۔ وراثتی جائیداد کے حصول کیلئے جھگڑا ہو سکتا ہے۔ یہ کوئی اچھی علامت نہیں اس ہفتہ آپ کو شدید چوٹ بھی آ سکتی ہے۔ صحت کا خاص طور سے خیال رکھیں دل سے متعلقہ امراض ابھر سکتے ہیں۔ (17 تا 25) اپنے ارادے کو جاری رکھیں کئی کوئی جھول نہ آنے دیں۔ جذبات میں آ کر آپ اپنا ہی نقصان کر بیٹھتے ہیں خوشخبری ہے کہ ایک طویل عرصہ جو کہ مایوسی اور احساس کمتری میں گزرا اب بہتری کی طرف آ رہے ہیں طبیعت میں بے چینی رہیگی منصوبوں کو تکمیل کی جانب لے جائیں گھبراہٹ اور پریشانی کی وجہ سے عجیب ماحول رہیگا۔ (26 تا 31) اس ہفتہ سے آپ کو کوئی بری خبر مل سکتی ہے ایسے معاملات جن کو پایہ تکمیل تک پہنچانا تھا اگر نامکمل رہ گئے ہوں تو فی الوقت انہیں وہیں پر روک دیں کیونکہ 26 جولائی آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد برج اسد میں رجعت پذیر ہو رہا ہے اور اسکی یہ رجعت 19 اگست کو ختم ہو رہی ہے۔ اس دوران دل، جگر یا معدہ کے امرض کی شکایت ہو سکتی ہے۔ اگر سفر کا ارادہ ہے تو فی الوقت ملتوی کر دیں امراض میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ ح، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

سرطان

